مجموعہ تحقیقات علمیہ

کلیہ جامعہ عثمانیہ

مجریہ

محمد عبد الرحمن خاں
عبد الحق
سید عبد اللطیف

جلد اول

من جانب
مجلس تحقیقات علمیہ کلیۂ جامعۂ عثمانیہ
حیدرآباد دکن
سنہ ۱۹۳۳ع

مجموعہ تحقیقات علمیہ

کلیہ جامعہ عثمانیہ

مجریہ

محمد عبد الرحمن خاں

عبد الحق

سید عبد اللطیف

جلد اول

من جانب

مجلس تحقیقات علمیہ کلیۂ جامعۂ عثمانیہ

حیدرآباد دکن

سنہ ۱۹۳۳ع

فہرست مضامین

پیش نامہ

رسالہ ھذا کی اولین اشاعت کو ارباب علم کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے تمہیداً دو ایك باتیں عرض کر دینا ضروری معلوم ہوتا ھے۔

کلیہ جامعہ عثمانیہ، جامعہ کے واحد ادارے کی حیثیت سے سنہ ۱۹۱۹ ع میں قیام پذیر ہوا تاکہ انگریزی زبان کی لازمی تعلیم کے ساتھ ساتھ ایك دیسی زبان یعنی اردو کے ذریعہ جس سے ھندوستان دور دور تك آشنا ھے، اعلیٰ تعلیم کا انتظام کیا جائے۔

اس جامعہ نے شکوك و شبہات کی فضا میں جنم لیا لیکن چند بابرکت قوتوں کی بدولت جو ابتدا ھی سے جامعہ کے حق میں کار فرما رھیں۔ اس نے اپنے وجود کو کاملاً حق بہ جانب ثابت کر دکھایا۔

سب سے پہلی بابرکت اور کریمانہ قوت اعلیٰ حضرت بندگان عالی نواب **میر عثمان علی خان** بہادر دام اقبالھم کی ذات اقدس ھے جس کو اندرون و بیرون ملك کی علمی تحریکات سے بہ غایت محبت و شغف رھا ھے۔ آپ ھی کے اسم گرامی سے جامعہ کو شرف انتساب حاصل ہوا۔

دوسری قوت جس نے جامعہ کی ھر مشکل میں ھاتھ بٹایا۔ سر اکبر حیدری نواب حیدر نواز جنگ بہادر صدر المہام فینانس کی شخصیت ھے جس نے ھمارے آقا کی اس مہتم بالشان خواھش کی تکمیل میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا کہ اپنی رعایا کو صحیح قسم کی دولت علم سے مالا مال کیا جائے۔ بہ حیثیت معتمد تعلیمات ان ھی کی تحریك پر ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۸ ع کو قیام جامعہ کی منظوری کا منشور خسروی شرف نفاذ لایا جس میں اھل حیدرآباد نے اپنے خواب تمنا کی تعبیر دیکھی۔

جامعہ کی جماعت عاملہ۔ مجلس اعلیٰ ھے جو اس وقت صدر اعظم باب حکومت مہاراجہ سر کشن پرشاد یمین السلطنت کے زیر صدارت کارگزار ھے۔ حیات جامعہ کی جد و جہد میں توسیع و تقویت کی خاطر جو بھی تعلیمی یا مالی تجویزیں اس مجلس میں پیش ہوئیں ان کی ھمیشہ گران قدر تائید ہوتی رھی۔ تا آنکہ شعبہ جات فنون۔ سائنس۔ دینیات اور قانون کے علاوہ جو کلیہ جامعہ عثمانیہ سے متعلق ھیں۔

طب۔ تعلیم اور انجنیری کے شعبے بھی مستقل اداروں کی حیثیت سے قایم ہوگئے ہیں کلیہ نسواں کا بھی قیام عمل میں آچکا ہے۔ جامعہ کے لئے ایک خوش منظر مقام کا انتخاب ہوچکا ہے۔ اس کی عظیم الشان عمارتوں پر کافی روپیہ اور محنت صرف کرنے سے دریغ نہیں کیا جائے گا ۔

یہ ساری چیزیں ۱۲ سال کی مختصر عرض مدت میں حاصل ہوئیں۔ اس کامیابی کی وجہ ایک دوسری قوت بھی ہے اور وہ جماعت اساتذہ ہے جو مختلف شعبوں میں مقصد جامعہ کے لئے جوش وانہماك کے ساتھ مصروف بہ کار ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ اب جامعہ نے علم کی دنیا میں اپنی جگہ پیدا کرلی ہے۔ اس جماعت میں ایسے افراد ہیں جو نہ صرف هندوستان میں بلکہ اس کے باہر بھی علماء کی صف میں مسلمہ مرتبت رکھتے ہیں۔ یہ حضرات اپنے اپنے مخصوص شعبوں میں تعلیم و تحقیق میں مشغول ہیں ۔

جامعہ کے ابتدائی دور میں ناکافی سامان کی وجہ سے صحیح تحقیقاتی کام ممکن نہ تھا۔ لیکن مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ۔ حکومت کی فیاضی سے فکر و تحقیق کے لئے نیا نیا مواد ہاتھ آتا رہا۔ اب تحقیق کا جوش نہ صرف اساتذہ میں بلکہ طلبائے طیلسانیں میں بھی پیدا ہوگیا ہے۔ انہیں جامعہ سے وظیفہ ملتا ہے اور وہ فی الحال مرھٹی۔ تلنگی۔ کنڑی۔ عربی۔ اردو۔ فارسی۔ تاریخ۔ کیمیاء اور طبعیات میں تحقیقاتی کام کررہے ہیں۔ اس قسم کے وظایف کے لئے جیسے جیسے سرکار سے مزید مالی امداد ملتی رہے گی اور مضامین میں بھی تحقیقات کا انتظام ہوتا رہے گا ۔

کلیہ جامعہ عثمانیہ کے اس رسالہ کا مقصد یہ ہے کہ اس میں صرف اساتذہ کی کاوش علمی کے نتائج ہر سال شائع کئے جائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ توقع ہے کہ طلبائے طیلسانیں کے تحقیقاتی مقالوں کے لئے بھی علحدہ صورت میں اشاعت کا انتظام ہوجائے گا ۔

چونکہ بہت سے اساتذہ یا تو اپنی تحقیقات کو اور رسالوں میں شائع کرچکے ہیں یا وہ ابھی اپنی تحقیق میں مصروف ہیں اس لئے صرف چند مقالے اس اشاعت میں شائع ہو سکے۔ امید ہے کہ آیندہ اشاعت میں یہ زیادہ تعداد میں شائع ہوں گے ۔

ہماری یہ دلی آرزو ہے کہ یہ رسالہ توسیع و اشاعت علم کا ذریعہ ثابت ہو ۔

محمد عبدالرحمن خان

مجلس اعلیٰ جامعہ عثمانیہ

۱ امیر جامعہ :— مہاراجہ یمین السلطنت سر کشن پرشاد بہادر جی ۔ سی ۔ ائی ۔ ی

۲ نائب امیر جامعہ :— نواب ولی الدولہ بہادر

۳ رکن مالیہ اکزیکیوٹیو کونسل (باب حکومت) :— سر اکبر حیدری ، نواب حیدر نواز جنگ بہادر بی ، اے ۔ ال ، ال ، ڈی

۴ رکن امور مذھبی باب حکومت :— نواب لطف الدولہ بہادر ۔

۵ معتمد تعلیمات :— نواب ذوالقدر جنگ بہادر یم ، اے (کنٹیب)

۶ ناظم تعلیمات :— خان فضل محمد خان صاحب یم ، اے (کنٹیب)

۷ صدر کلیہ جامعہ عثمانیہ :— محمد عبدالرحمٰن خان صاحب بی ، اے مدراس اے ، ار ، سی ، یس ، بی ، یس ، سی (لندن) ایف ، ار ، اے ، یس

۸ صدر کلیہ طبیہ :— لفٹننٹ کرنل فرحت علی بی ، اے (مدراس) یم ۔ بی ۔ سی ۔ یچ ۔ بی (اڈن برگ)

۹ صدر کلیہ انجنیری :— نواب علی نواز جنگ بہادر ایف ۔ سی ۔ یچ

۱۰ صدر کلیہ نسوان :— مس اے ۔ پوپ ۔ یم ۔ اے ۔ ڈی لٹ ۔ (الہ آباد)

۱۱ رکن مال باب حکومت :— سر ار یچ سی ٹرنچ سی ۔ ائی ۔ ی

۱۲ رکن سیاسیات باب حکومت :— نواب مہدی یار جنگ بہادر یم ۔ اے (اکسن)

۱۳ ناظم طبابت :— کرنل جے نارمن واکر ائی ۔ یم ۔ یس

۱۴ رکن جوڈیشل کمیٹی :— راجہ بہادر کری راؤ صاحب

مجلس تحقیقات علمیہ (ریسرچ بورڈ) کلیہ جامعہ عثمانیہ

(۱)	پرنسپل مولوی محمد عبد الرحمن خان بی۔اے (مدراس) اے۔ار۔سی۔یس۔ بی۔یس۔سی (لندن) ایف۔ار۔اے۔یس	صدر نشین
(۲)	پروفیسر قاضی محمد حسین یم۔اے۔ال۔ال۔بی (کنٹیب) بار۔اٹ۔لا	رکن
(۳)	" مرزا حسین علی خان بی۔اے (اکسن) بار۔اٹ۔لا	"
(۴)	" مولوی عبد الحق بی۔اے	"
(۵)	" هارون خان شروانی یم،اے (اکسن) بار،اٹ،لا	"
(۶)	" رائے کشن چند یم،اے (کنٹیب)	"
(۷)	" مظفر الدین قریشی یم،اے (پنجاب) پی ایچ،ڈی (بران)	"
(۸)	" محمد عبد القدیر صدیقی مولوی فاضل	"
(۹)	" حسین علی مرزا بار،اٹ،لا	"
(۱۰)	" محمد نظام الدین پی۔ہچ،ڈی (کنٹیب)	"
(۱۱)	" عبد الحق بی،لٹ،ڈی،فل (اکسن)	"
(۱۲)	" وحید الرحمن بی یس،سی (کلکتہ)	"
(۱۳)	" خلیفہ عبد الحکیم یم،اے (پنجاب) پی۔ہچ،ڈی (هیڈل برگ)	"
(۱۴)	" سید حسین یم،یس سی (عایگک) پی ہچ،ڈی (لندن)	"
(۱۵)	" میر سیادت علی خان یم،اے،ال،ال،بی (عثمانیہ) بی،سی،ال،بار۔اٹ۔لا ڈی،فل (اکسن)	"
(۱۶)	" آر سبا راؤ	"
(۱۷)	" ٹی۔آر۔راما راؤ بی،اے (مدراس)	"
(۱۸)	" سید جعفر حسن پی۔ہچ۔ڈی (هیڈل برگ)	"
(۱۹)	" سی۔ین۔جوشی یم۔اے (بمبئی)	"

(۲۰) پروفیسر میر ولی الدین یم۔ اے (علیگ) پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن) بار۔ اٹ۔ لا رکن

(۲۱) " یوسف حسین خان ڈی۔ لٹ (پیرس) "

(۲۲) " سید محمد علی خان بی۔ اے (عثمانیہ) اے۔ ار۔ سی۔ یس۔ بی۔ ایس سی (لندن) "

(۲۳) " محمد رضی الدین صدیقی یم۔ اے (کنٹب) پی ایچ۔ ڈی (لائپ زگ) "

(۲۴) " قاری سید کلیم اللہ حسینی۔ یم۔ اے۔ ال۔ ال۔ بی (عثمانیہ) پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن) "

(۲۵) " ظہیر الدین احمد ڈاکٹرز ڈیپلوما (قاہرہ) "

(۲۶) " سید غلام محی الدین یم۔ اے (عثمانیہ) پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن) "

(۲۷) " ابن حسن یم۔ اے (الہ اباد) پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن) "

(۲۸) " محمد سعید الدین بی۔ یس سی (بمبئی) یم۔ اے (اڈن برگ) "

(۲۹) " بی۔ کے داس ڈی۔ یس سی (لندن) "

(۳۰) " سید عبد اللطیف بی۔ اے (مدراس) پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن) رکن و اعزازی معتمد

عہد مغلیہ میں فن مصوری کی ترقی

از

ڈاکٹر یوسف حسین ۔ ڈی لٹ (پیرس)

عباسیون کے عہد میں جہاں علم و حکمت کو فروغ حاصل ہوا۔ وہاں فنون لطیفہ کے بھی دن پھرے ۔ بارھویں صدی عیسوئی میں بغداد ، واسط ، اور بصرے میں صناع تصویریں بناتے اور اہل نظران سے لطف اندوز ہوتے ۔ بھلا یہ کیسے ممکن تھا کہ مسلمان ایران میں رھکر مصوری کی طرف سے وھی بے رخی برتتے جو انھون نے اپنی حیات ملی کے ابتدائی سالون میں دینی مصلحتون کی بنا پر برتی تھی ۔ ایرانیون کا یہ دعویٰ غلط نہیں کہ مصوری انہیں ان کے بنی مانی سے ورثے میں پہنچی ھے ۔ کم سے کم روایت نے اس دعوے پر مہر استناد ثبت کردی ھے ۔ تاریخ چاھے اس باب میں خاموش ھی کیون نہ ھو ۔ عباسیون کے عہد کی مصوری میں ایک طرف تو ایرانی رنگ و پیش اور دوسری طرف یونانی کلا۔کی طرز کی جھلک صاف نظر آتی ھے ۔ چنانچہ مقامات حریری اور کلیلہ و دمنہ کے با تصویر نسخے جو آج پیرس کے قومی کتب خانہ میں موجود ھیں اسلامی مصورون کی ابتدائی فنّی کوششون کی یادگار ھیں ۔ ان کے دیکھنے سے صاف معلوم ھوتا ھے کہ ان مصورون نے اپنے موضوعون کے انتخاب نیز طریق کار و اصول فن (technique) کے برتنے میں یونانی کلیسائی تصاویر سے بہت کچھ استفادہ کیا ھے ۔

اس دور کے بعد مسلمانون کی تاریخ میں ایک اور دوسرا دور شروع ھوتا ھے ۔ تاتار کی طرف سے ایک طوفان اٹھا جو خراسان سے لیکر شام تک مسلمانون کا سارا تہذیبی سرمایہ بہا لے گیا ۔ سیکڑون تاج و تخت خاک میں ملگئے ۔ بغداد جس پر اسلامی دنیا نازان تھی اسکی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی ۔ مدارس اور خانقاھیں ویران ھوگئیں ، بارونق شہر پیوند زمین ھوگئے ۔ غرض کہ اس ھنگامۂ تاتار نے اسلامی تہذیب و تمدن کو تہ و بالا کرڈالا ۔ سنہ ۱۲۵۸ع ملت اسلامی کے لئے بڑا نحس تھا کہ سیکڑون برسون کی جمی جمائی تمدنی زندگی ایسی درھم برھم ھوئی کہ لوگون کے دل چھوٹ گئے ۔

بہت سے تو یہ سمجھے کہ قیامت قریب آگئی۔ زندگی کی حرمان نصیبیوں نے لے دے کر بس یہی ایک امید باقی رکھی۔ زوال بغداد پر سعدی نے جو مرثیہ لکھا ہے اسے آج بھی پڑھئے تو اسکا انداز بیان آپ کو خون کے آنسو رلائیگا۔ بظاہر معلوم ہوتا تھا کہ اسلامی دنیا کا شیرازہ اب ہمیشہ کے لئے بکھر گیا۔ کسے معلوم تھا کہ اس بگڑنے کے بعد سنورنا اور اس گرنے کے بعد ابھرنا ممکن ہوگا؟ جن کی آنکھوں نے ہنگامۂ تاتار کے خون آشام مناظر دیکھے ہونگے انہیں اگر اس وقت کوئی اس قسم کی امید دلاتا تو شائد وہ اسے کبھی باور نہ کرتے۔ لیکن اسلامی تہذیب میں دنیا کی اور دوسرے جلیل القدر تہذیبوں کی طرح قوت حیات اور لوچ تھا۔ وہ ان تمام مصیبتوں کو جھیل گئی۔ تاتاریوں نے اسے خاک و خون میں ملادیا لیکن اسے فنا نہ کرسکے۔ ایک بار پھر اٹھکر اسنے آفتاب عالم تاب کے مثل اپنے فکر و عمل سے دنیا کو روشن کردیا۔ میدان کارزار میں تاتاری فاتح تھے لیکن جب تمدن کے میدان میں قدم رکھا تو یہی فاتح مفتوح ہوگئے۔ زندگی کے مشاغل میں مسلمانوں نے جو سبق دیا وہی انہوں نے سیکھ لیا۔ تہذیب انسانی کی یہ خصوصیت دنیا کی تاریخ میں ہر جگہ آپ کو نظر آئیگی کہ وہ نیم متمدن فاتحوں کے کان میں اپنی دلفریبیوں کا ایسا افسوں پھونکتی ہے کہ تھوڑے دنوں کے بعد وہ مفتوح کے حلقہ بگوش ہوجاتے ہیں۔ وہی جرمن قبائل جنھوں نے سلطنت روما اور مسیحی کلیساء کو زیر نگیں کرلیا تھا کچھ عرصہ کے بعد سلطنت روما اور مسیحی کلیسا کے محافظ و علمبردار کی حیثیت سے نظر آتے ہیں۔ وہ سِتھین قبائل جنہوں نے ہندوستان کی راجدھانیوں پر اپنا سکہ جمایا کچھ عرصہ کے بعد راجپوت کہلائے اور ہندوستان کے تہذیب و تمدن کو اغیار کی دستبرد سے بچانے کے لئے جو ایثار و قربانیاں انہوں نے کیں ان کی نظیر تاریخ عالم میں ملنی دشوار ہے۔ یہی تاتاری جنہوں نے ملت اسلامی کے شیرازہ کو کچھ دنوں کے لئے بالکل منتشر کردیا تھا تھوڑے ہی دنوں کے بعد اسلام کے حامی کہلائے۔ انہیں نے آگے چل کر اسلام کا بول بالا کیا اور اسے دشمنوں کے نرغے سے بچایا۔ یہ تاریخ عالم کی ایک بوالعجبی ہے جسے علم و نظر کی کاوشیں حل کرنے سے عاجز ہیں۔

غرضکہ اسلامی تہذیب کے بچے کھچے سرمائے نے آہستہ آہستہ تاتاریوں کے دل کو اپنا گرویدہ بنایا۔ دیکھتے دیکھتے تاتاری خانوادوں کے درباروں میں مسلمان حاوی ہوگئے۔ خود ہلاکو کا بیٹا

نکودار خواجه شمس الدین محمد کے اثر سے حلقہ اسلام میں داخل ہوا اور اپنا نام احمد رکھا۔ لیکن مشرف بہ اسلام ہونے کے با وجود اپنے پرانے طرز زندگی کی بعض باتیں ان تاتاری خوانین کو بہت عزیز تھیں۔ ان میں سے ایک تصویر کشی کا شوق تھا۔ ایران آنے سے قبل صدھا سال سے وہ اپنے پڑوسی چینیوں کو عزت کی نظر سے دیکھتے تھے۔ ان کے پاس اپنا تو کوئی تہذیبی اثاثہ تھا نہیں لیکن چینیوں کے ساتھ ربط ضبط ہونے کی وجہ سے انہوں نے ہر اس چیز کی وقعت کرنا سیکھ لیا تھا جسے ان کے پڑوسی چینی وقیع سمجھتے تھے۔ چینی امراء کو تصویر کشی کا بڑا شوق تھا چنانچہ تاتاری خوانین نے بھی کچھ نقالی سے اور کچھ شان امارت سمجھکر اس فن کی ہمیشہ قدردانی کی۔ کہا جاتا ہے کہ ھلاکو خان نے جب ایران پر فوج کشی کی تو اسوقت بھی اسکے ہمراہ چینی صناعوں اور کاریگروں کے سو خاندان تھے۔ یہ سارے کے سارے خاندان ایران میں آباد ہوگئے اورانہوں نے اپنے طرزوں اور اسلوبوں کو اس ملک میں مقبول بنایا تاتاری خوانین کو ان کی تصاویر کے انداز بہت بھاتے تھے۔ ان کی قدردانی کی بدولت تبریز ایک بڑا فنی مرکز بن گیا۔

چودھویں صدی عیسوئی کے اواخر میں وسط ایشیا اور ایران میں تیمور نے سیاسی تفوق حاصل کیا اور اپنے دارالسلطنت سمرقند میں دور دور سے باکمال علماء اور صناعوں کو جمع کیا۔ تیمور کے بعد اسکے بیٹے شاہ رخ مرزا نے ھرات کو اپنا دارالحکومت بنایا۔ اسکا سکہ سارے ایران اور توران میں چلتا تھا۔ وہ علم و فن کا بڑا قدردان تھا۔ اسکے دربار میں علماء، شعرا، خطاطوں اور صناعوں کے جمگھٹے رہا کرتے تھے جس طرح اس علم دوست بادشاہ نے عبدالرزاق کو سنہ ۱۴۴۲ع میں ھندوستان کی سفارت پر اس غرض سے بھیجا تھا کہ اس ملک کے حالات جمع کرے اسی طرح غیاث الدین خلیل کو جو پیشہ ور مصور تھے چین کی سفارت پر مامور کیا تھا۔ اس واقعہ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ مصوروں کو دربار میں کسقدر اثر اور رسوخ حاصل تھا۔ تیموری خاندان کے سب بادشاھوں کو علم و فن سے خاص لگاؤ رہا۔ چنانچہ شاہ رخ کے بعد جن لوگوں کے ھاتھ میں زمام حکومت آئی انہوں نے بھی خاندانی روایات کو برقرار رکھا۔ یہی وجہ ھے کہ بخارا، سمرقند، مرو اور ھرات اس عہد کی اسلامی دنیا کی تاریخ میں علم و فن کے سب سے بڑے مرکز سمجھے جاتے تھے اور ممالک اسلامی سے اہل کمال کھنچ کھنچ کر ان مقامات میں جمع ہوگئے تھے۔

خراسان میں تیموری خاندان کے آخری فرمان روا سلطان حسین مرزا نے پندرھویں صدی عیسوئی کے اواخر میں جامی، ہاتفی، خواند میر اور بہزاد جیسے باکمال لوگوں کو اپنے ہاں جمع کرلیا تھا۔ بہزاد نے ایرانی مصوری کو از سر نو زندہ کیا۔ تاتاری اثر کی وجہ سے ایران میں جو اسالیب رائج ہوئے وہ بے جان تھے۔ سب مردوں اور ساری عورتوں کی تصاویر بالکل ایک سی معلوم ہوتی تھیں۔ موضوعوں میں شخصیت نام کو نہ تھی۔ بہزاد نے یہ کیا کہ ایران و توران میں اس وقت جتنے قلم موجود تھے ان کے امتزاج سے ایک نئے طرز کی بناڈالی۔ ہر موضوع کی شخصیت اور اسکے مخصوص خدوخال کا اظہار مصور کے لئے ضروری قرار دیا۔ چنانچہ بہزاد نے اپنے مربیوں اور ان کے درباریوں کے جو تصویریں بنائیں ان میں ہر ایک کی سیرت کے نمایاں خدوخال کو اجاگر کر کے دکھایا۔ یہی چیز ہے جس نے بہزاد کو مصوری کی تاریخ مین بقائے دوام کا مستحق ٹھہرایا۔ رنگ و خط کی موزونی کے علاوہ تصویر کی جان شخصیت کے اظہار میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ بہزاد نے یہ راز سمجھا اور ایرانی مصوری کو قدیم بے جان طرزوں کے چکر سے نکالکر اسے صحیح راستہ پر ڈال دیا۔ خواندمیر نے اپنی تاریخ حبیب السیر میں استاد کمال الدین بہزاد کا ذکر کیا ہے اور اسکی صناعی کو ایرانی مصوری کی نشاۃ ثانیہ کا پیش خیمہ قرار دیا ہے۔ اسکی تعریف میں وہ کہتا ہے:-

موئے قلمش زاوستادی
جان دادہ بصورت جمادی

سنہ ۱۵۰۶ ع میں سلطان حسین مرزا نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ اس کے انتقال پر ایران میں تیموری خاندان کا چراغ ہمیشہ کے لئے گل ہو گیا۔ شاہ اسمٰعیل نے شروع شروع میں آذربائجان کو زیر کیا اور پھر شروان کے فرمانروا کو شکست دیکر خاندان صفویہ کی بنیادیں مستحکم کردیں۔ شاہ اسمٰعیل نے جب خراسان کو فتح کر کے اپنی قلمرو میں داخل کیا تو بہزاد کو اپنے دارالحکومت تبریز میں ساتھ لایا۔ اور اسے اپنے فرزند شاہ طہماسپ کا استاد مقرر کیا۔ بہزاد کا سنہ ۱۵۳۴ ع میں تبریز ہی مین انتقال ہوا۔

ایران و ترکستان میں تیموریوں کی ہنر پروری کا حال آپ سن چکے۔ اب ہندوستان کی

کیفیت سنئے - بابر نے تیموری سلطنت کی داغ بیل ہندوستان میں ڈالی لیکن موت نے فرصت نہ دی کہ اپنی محنت و جانفشانی سے بہرہ یاب ہوتا - اسکے بیٹے ہمایون کو باپ کے ورثے میں ہندوستان کی سلطنت کے ساتھ رنج و محن بھی ملے - شیر شاہ کی اقبالمندی کا ستارہ عروج پر تھا - ہمایون خاندانی جھگڑوں اور اپنے عمال کی بد انتظامی کے باعث سنہ ۱۵۴۰ ع میں سر زمین ہند کو خیرباد کہنے پر مجبور ہوا - ایك طرف خانہ بربادی اور دوسری طرف بھائیوں کی بے مہری، پریشانی کا یہ عالم تھا کہ درۂ بولان سے نکلنے کے بعد تك وہ کوئی قطعی فیصلہ نہ کر سکا کہ اسے جانا کدھر ہے ؟ کبھی بلخ و بخارا کا خواب دیکھتا اور کبھی ایران کا قصد کرتا - اسکی سادہ لوحی تھی کہ ان بھائیوں سے ہمدردی کی توقع رکھتا تھا جو اسکے خون کے پیاسے تھے - چنانچہ جب اسے مرزا عسکری کے تعاقب کا علم ہوا تو افتاں و خیزاں ایران کا رخ کیا اور اپنے ننھے معصوم کو بھی قندھار کے پہاڑوں میں چھوڑ گیا - ایران میں شاہ طہماسپ نے ہمایون کی دلجوئی میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی - صاحب مآثر رحیمی کہتے ہیں کہ ہمایون کی خوش وقتی اور تفریح کے لئے شاہ طہماسپ نے حکم دیا کہ شہر کے سارے مشہور گانے بجانے والے ہر وقت اسکے پاس موجود رہیں - چنانچہ استاد یوسف مودود ، استاد شاہ محمد سورنائی ، حافظ دوست محمد خافی ہر وقت حاضر رہتے تا کہ ,, ہر گاہ بادشاہ خواہند بے توقف در آیند و بہ نغمہ و ترنم پرداختہ آنحضرت را خوشوقت سازند و اوقات خجستہ ساعات ایشان را بہر نوع کہ می توانند شگفتہ داشتہ باشند - [۱] شاہ طہماسپ کے مشاغل میں ایك مصوری بھی تھی - اسنے یہ فن بہزاد جیسے استاد سے سیکھا تھا - اسکے دربار میں بہزاد کے شاگردوں میں سے آغا میرك ، سلطان محمد اور مظفر علی موجود تھے - بھلا یہ کیونکر ممکن تھا کہ ہمایون پندرہ سال تك طہماسپ کے دربار سے اسقدر قریب رہتا اور مصوری سے اسکو لگاؤ نہ پیدا ہوتا - طہماسپ نے تبریز میں ایك محل تعمیر کرایا تھا جس کے در و دیوار کو چابك دست مصوروں نے آراستہ کیا تھا - جب یہ محل تیار ہوچکا تو اسمیں جو پہلی محفل شاہانہ منعقد ہوئی اسمیں ہمایون شریك تھا - عبدالباقی نہاوندی نے اس کا ان الفاظ میں ذکر کیا ہے :—

,, در محل عالی کہ مدتے مدید نقاشان چابك دست و باریك بین در بدائع

---

[۱] مآثر رحیمی - عبد الباقی نہاوندی - صفحہ ۵۸۴

نقاشی ید بیضا نموده بودند ـ اول مجلس آرائی آن نگارخانۂ رشک ارژنگ مانی
باتفاق حضرت جهانبانی چهره کشا گشت و محفل بادشاهانه انعقاد یافت ،، ـ

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہیکہ اس محل کی افتتاحی رسم خود ہمایون نے ادا کی تہی ـ غرضکہ اس گردوپیش میں ہمایون نے اپنی جلاوطنی کے دن کاٹے ـ اپنے دوران قیام ایران میں اس نے بہت کچھ دیکہا اور بہت کچھ سیکہا ـ ایرانی تہذیب و شائستگی کے ساتہ اسے ایک دلی لگاؤ پیدا ہوگیا ـ تبریز میں ایک نوجوان مصور میر سید علی سے اسکی ملاقات ہوگئی اور رسم و راہ یہان تک بڑھی کہ ہمایون نے جو اسوقت ہندوستان پر فوج کشی کے منصوبے باندہ رہا تہا ، اسے اپنے ہمراہ ہندوستان چلنے کی دعوت دی ـ میر سید علی کے باپ کا نام میر منصور بدخشانی ہے ـ میر سید علی کو نو عمری ہی سے تصویر کشی میں خاص انہماک تہا ـ بیٹے کی خاطر باپ نے وطن ترک کیا اور تبریز میں بود و باش اختیار کی کہ یہان کمال کو قدر کی گود میں پرورش پانے کا پورا موقع تہا ـ میر سید علی نے بہت جلد نام پیدا کیا ـ اور بہزاد کے شاگردون کے زمرے میں داخل ہوگیا ـ وہ مصور ہونے کے علاوہ شاعر بہی تہا اور جدائی تخلص کرتا تہا ـ اسکے علاوہ ہمایون نے ایک اور نامآور مصور اور خطاط خواجہ عبدالصمد کو اپنے ساتہ ہندوستان آنے کی دعوت دی ـ سنہ ١٥٥٠ع میں جب وہ ایران سے چلکر کابل پہنچا تو ان دونون مصورون کو بلا بہیجا ـ کابل میں اسنے خود ان استادون سے تصویرکشی سیکہنا شروع کی ـ اور اپنے فرزند اکبر کو اسکی باقاعدہ تعلیم دلائی ـ کابل میں میر سید علی نے امیر حمزہ باتصویر تیار کرنا شروع کی جو اکبر کے عہد میں مکمل ہوئی ـ اس کتاب کی تیاری میں تقریباً ٢٥ سال صرف ہوئے ـ اسمیں ١٤٠٠ تصاویر تہین خواجہ عبدالصمد نے بہی اس کا ہاتہ بٹایا ـ

سنہ ١٥٥٥ع میں جب ہمایون کے اقبال نے یاوری کی اور وہ دہلی کے تخت کا مالک بنا تو میر سید علی اور خواجہ عبدالصمد اس کے ساتہ آئے ـ لیکن کارکنان قضا و قدر کو یہ منظور نہ تہا کہ برسون کی پریشانیون اور کلفتون کے بعد وہ تہوڑے دنون بہی دولت و اقبال سے بہرہ ور ہو ـ اسکے سارے ارمان دل کے دل ہی میں رہے ـ چند ماہ کی حکومت کے بعد اپنے کتب خانہ کی سیڑھیون پر سے گرا اور چند گہنٹے تک ایڑیان رگڑکر ملک عدم کی راہ لی ـ

اکبر کی عمر ابھی چودہ برس کی تھی کہ تیموری تاج اس کے سر پر رکھا گیا۔ خانخانان نے مرنے والے کا سوگ ختم کر کے عملداری کو مظبوط کرنے کی طرف توجہ کی۔ اکبر کے نازک شانے شاید حکومت کے بارگراں کو نہ اٹھا سکتے اگر خانخانان نے اپنے ننھے آقا کی ساری ذمہ داریوں کو اپنے سر نہ لیے لیا ہوتا۔ اکبر کی فرمانروائی کے ابتدائی پندرہ سال بغاوتوں کو فرو کرنے، حریفوں کو زیر نگیں کرنے اور ملک میں امن و عافیت قایم کرنے کے نذر ہوئے۔ جب مہموں سے فرصت ملی اور ملک سے خرابی اور ابتری دور ہوئی تو اس نے علوم و فنون کی طرف توجہ کی۔ بچپن ھی سے اسے علمی تحقیق کا شوق تھا۔ اور فنون کے ساتھ خاص لگاؤ تھا۔ میر سید علی اور خواجہ عبدالصمد جو برابر اپنا کام کر رھے تھے اکبر کے ابتدائی عہد کی بے رخی سے ذرا ملول تھے لیکن آگے چل کر تو ان کی خوشی کی انتہا نہ رھی جب انہوں نے دیکھا کہ نوجوان بادشاہ کو ان کے فن کے ساتھ خاص دلچسپی ھے۔ ان کی ھمتیں بڑھیں اور انہوں نے بڑی گرمجوشی کیساتھ اپنا کام جاری رکھا۔ اکبر کے ابتدائی عہد کی تصاویر میں ایرانی فنی روایات کا اثر صاف نظر آتا ھے لیکن جوں جوں اکبر کی آرٹ ایکاڈمی میں ھندو یا ھندی مسلمان شریک ہوتے گئے آھستہ آھستہ ھندی اثر غالب آتا گیا۔ اکبر کا حکم تھا کہ ایرانی آستاد ھندوستانیوں کو فن مصوری کی تعلیم دیں۔ آٹھ دس سال کے عرصہ میں ھندوستانی مصوروں کی ایک جماعت پیدا ھوگئی جنہوں نے ایرانی استادوں کے آگے زانوے ادب تہ کیا تھا۔ جہاں تک فن کا تعلق ھے وہ تو ھندوستانیوں نے ایرانی آستادوں سے سیکھا لیکن بعد میں انکی کوشش ھمیشہ یہ رھی کہ ایرانی اسالیب کو ھندی پس منظر کے ساتھ مطابقت دیں اور ان کی ناسازگاری کو دور کریں۔

اکبر دینی معاملات میں نہایت درجہ وسیع المشرب تھا۔ کچھ تو ملکی مصلحتوں کی بنا پر اور کچھ اپنی طبیعت کے اقتضا سے اسنے ھندوؤں کے ساتھ تعاون عمل کی کوشش کی اور ان کے ریت رسموں تک کے اختیار کرنے میں مطلق پس و پیش نہ کیا۔ وہ جانتا تھا کہ راجپوتوں کو قوت سے زیر کرنا آسان کام نہیں ھے۔ اس لئے اسنے انہیں محبت سے مسخر کیا۔ ان کے جسموں کو مغلوب کرنے کے بجائے ان کے دلوں کو موہ لیا۔ یہ طرز عمل اسنے ڈر کر بزدلی سے نہیں اختیار کیا بلکہ وہ جانتا تھا کہ ھندوستان میں صرف اسی وقت ایک قوی مرکزی حکومت قایم ھو سکتی ھے جب خود اھل ملک اسمیں ھاتھ بٹائیں اسنے

راجپتوں کو جلیل القدر عہدوں پر ممتاز کیا تاکہ ذمہ داری کے احساس سے ان کے دل میں اعتماد پیدا ہو۔ چنانچہ یہی ہوا۔ ہندو مسلمانوں میں ربط ضبط بڑھا۔ دربار کی ہر مجلس میں مسلمانوں کے دوش بدوش ہندو نظر آنے لگے۔ میر سید علی تبریزی اور استاد عبدالصمد شیریں قلم کی آرٹ اکاڈمی میں جو نوجوان تصویر کشی کی تعلیم پاتے تھے اور جنہوں نے کچھ دنوں بعد نام پیدا کیا، ان میں ہندوؤں نے مسلمانوں سے زیادہ عزت حاصل کی۔ ابو الفضل نے دربار اکبری کے مشہور مصوروں کے جو نام گنائے ہیں وہ یہ ہیں :—

" وسونتھہ، بساون، کیشو، لعل، مسکین، فرخ، قلماق، مادھو "
" جگن، مہیش، آقارضا هراتی، کھیم کرن، تارا، سانوله، هربنس "

ابو الفضل وسونتھہ کی نسبت کہتا ہے کہ یہ ایک کہار کا لڑکا تھا۔ اکبر نے دیکھا کہ وہ اینٹ دیوار پر نقش و نگار بنا رہا ہے جیسے بالعموم بچے بنایا کرتے ہیں۔ لیکن اکبر کی مردم شناس نظر تاڑ گئی کہ اس لڑکے میں صناع بننے کی پوری صلاحیت موجود ہے۔ چنانچہ اس نے اسے خواجہ عبدالصمد کے سپرد کیا کہ اسکی تعلیم و تربیت کریں۔ آئین اکبری کی عبارت یہ ہے :—

" وسونتھہ کہار پسر یست در خدمت این کار خانہ بسر بردے و "
" بہوس بر دیوارها صورتے نوشتے و نقشے نگاشتے۔ روزے نظر دوربین "
" شاهنشاهی بران افتاد۔ از ژرف نگاهی معنی استادی دریافتہ بخواجہ سپردند۔ "
" درا ندک فرصتے یگانۂ زمانہ شد و سرآمد روزگار گشت .... ازو "
" کارهاے شگرف یادگار ماند " ۔ (صفحہ ۷۷)

اکبر کو مصوری کا شوق اتنا بڑھا کہ فتح پور سیکری میں ادارۂ علمیہ کے ساتھ ایک تصویر خانہ بھی بنوایا۔ ہر ہفتہ ایک مرتبہ وہاں جاتا، ہر تصویر کو دیکھتا، اور تنقید کرتا۔ جو تصویر پسند آتی اسکے بنانے والے کو انعام و اکرام سے سرفراز کرتا۔ ملا عبد القادر بداؤنی نے اپنی تاریخ میں بیان کیا ہے کہ دین الٰہی کے پیروؤں کو وہ اپنی ایک شبیہہ دیا کرتا تھا۔ وہ دلائل کے ذریعہ ہمیشہ یہ بات

ثابت کرنے کی کوشش کیا کرتا تھا کہ مصوری اسلام کی تعلیم کے خلاف نہیں ہے بلکہ معرفت الٰہی حاصل کرنے کے جہاں اور دوسرے طریقے ہیں وہاں ایک یہ بھی ہے۔ آئین اکبری میں ہے :—

"روزے درانجمن راز گوئی کہ بختمندان سعادت حضور داشتند بر قدسی زبان رفت آنکہ برخی نکوهش ایں پیشہ نمایندد دل بر نتابد و بخاطر چناں رسد کہ مصور در خدا شناسی افزوں تر از بسیارے بود۔ چہ ہر گاہ جانور نگارد و عضو عضو بر کشدو ازینکہ روحانی پیوند نیارد او بہ نیرنگئی جان آفریں گراید و شناسائی اندوزد"

ترجمہ

"ایک موقع پر جبکہ سعادتمند لوگ انجمن خاص میں موجود تھے آپ نے فرمایا کہ بہت سے لوگ مصوری کے پیشے کو برا بتلاتے ہیں مجھے یہ گوارا نہیں۔ میرے خیال میں مصور خدا شناسی میں دوسروں سے بڑھکر ہے۔ جب جانور کی تصویر بناتا ہے اور ایک ایک عضو کو علٰحدہ علٰحدہ کھینچتا ہے مگر انمیں روحانی رابطہ نہیں پیدا کر سکتا تو وہ خالق کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور معرفت حاصل کرتا ہے"

اکبر نے فتح پور سیکری اور لاہور کے محلات کی دیواروں پر بھی تصاویر بنوائی تھیں جو امتداد زمانہ سے مٹ گئیں۔ ان کے بنانے میں بہت سے صناع شریک تھے۔ اس کے حکم سے جو با تصویر مرقعے تیار کئے گئے انمیں بھی متعدد لوگ ایک ہی تصویر کی تیاری میں کام کرتے تھے۔ چنانچہ بعض تصویروں میں مختلف اشخاص کے قلم پہچانے جاتے ہیں۔ ذیل میں ان کتابوں کے نام درج ہیں جو درباری مصوروں کی تصاویر سے آراستہ کی گئیں۔

(۱) داستان امیر حمزا۔ ہمایون نے اپنی زندگی ہی میں میر سید علی تبریزی اور خواجہ عبدالصمد سے اسے کابل میں تیار کرانا شروع کیا تھا۔ ۲۵ سال بعد یہ کتاب مکمل ہوئی۔ اس کے ۶۰ اوراق ویینا کے کتب خانہ میں اور ۲۰ اوارق برٹش میوزیم میں موجود ہیں۔ کل تصاویر ۱۲۰۰ تھیں۔ صمصام الدولہ شاہ نواز خان نے مآثر الامراء میں داستان امیر حمزہ کے مرقع کی نسبت ان الفاظ میں ذکر کیا ہے :—

"عجائب حالات و غرائب واقعات آن قصه را از اول تا آخر بر صفحۂ تصویر نگا شته در دوازده جلد قرار داد ۔ هر جلد ے مشتمل بر یك صد ورق و هر ورقے یك ذراع و آن محتوی بر دو مجلس تصویر ۔ بر صدر هر مجلس حالاتے و واقعاتے بعبارت مرغوب محسن انشاء خواجه عطاالله منشی قزوینی مرقوم گشته ۔ پنجاه کس از مصوران بهزاد قلم اول با هتمام نادر الملك همایون شاهی میر سید علی تبریزی و آخر بسر کارئی خواجه عبدالصمد شیرازی صور ... گری نموده ۔ الحق کتابے شده از مخترعات عرش آشیانی که نظر آن هیچ دیده ندیده و عدیل آن در سرکار هیچ بادشاهے نبوده ۔ باالفعل در کتب خانۂ پادشاهی موجود است "۔ (جلد دوم صفحه ۳ ۔ مطبوعۂ ایشیا ٹك سوسائٹی بنگال "

(۲) رزم نامه ۔ اسکا نسخه جےپور کے کتب خانه میں ھے۔

(۳) بابر نامه ۔ برٹش میوزیم میں ھے ۔

(۴) دارا نامه ۔ برٹش میوزیم میں ھے ۔

(۵) تیمور نامه ۔ بانکی پور کے کتب خانه میں ھے ۔

(٦) انوار سهیلی یا کلیله و دمنه ۔ اسکول آف اورنٹیل اسٹڈیز لندن میں ھے ۔

(۷) شاه نامه ۔ کتب خانه میونچ میں ھے ۔

(۸) لیلی مجنوں ۔ انڈیا آفس لائبریری میں ھے ۔

بہارستان جامی ۔ آکسفورڈ بوڈلین لائبریری میں ھے ۔

اکبر نامه ۔ وکٹوریه البرٹ میوزیم میں ھے ۔

ان کتب کے علاوہ خمسۂ نظامی کا نسخه Dyson-Perrins کے Collection میں انگلستان میں ھے ۔ اور بابر نامه کا ایك دوسرا نسخه وکٹوریه البرٹ میوزیم میں ھے ۔

اکبر کی طبیعت میں تحقیق اور جستجو کا جو ماده تھا وہ اسے کبھی نچلا نہیں بیٹھنے دیتا تھا ۔ جب اسنے دانایان فرنگ کے علم وحکمت اور فنون وصنائع کا چرچا سنا تو اسے شوق پیدا ھوا که ان کے

متعلق صحیح معلومات فراہم کرے۔ سنہ ۱۵۷۸ ع میں حاجی حبیب اللہ کاشی کی سفارت گوا روانہ کی تاکہ فرنگیوں کے کارخانوں، ان کی تجارت وصنعت اور ان کے رسم و رواج کے حالات معلوم کئے جائیں۔ حاجی موصوف گوا گئے، وہاں کچھ دن قیام کیا اور پھر دربار میں واپس حاضر ہوئے اور اپنے همراہ چند پرتگیزوں کو بھی لیتے آئے۔ دو سال بعد سنہ ۱۵۸۰ ع میں یسوعی مشن کو دربار اکبری امیں باریابی کی اجازت ملی۔ رودولف اکواوینا (Rodolph Aquavina) مشن کے سردار تھے۔ مشہور پادری انتونیو مونسراتی (Antonio Monserrati) بھی مشن میں تھا۔ اکبر نے ان کی خوب خاطر مدارات کی۔ کبر کو مذھبی مباحثوں میں خاص لطف آتا تھا۔ ان پادریوں سے دینی معاملات پر خوب خوب گفتگوئیں اور بحثیں رهیں۔ یسوعی پادریوں نے اکبر کا رجحان نصرانیت کی طرف دیکھا تو بہت خوش ہوئے اور دل ھی دل میں نہ معلوم کیا کیا منصوبے باندھنے لگے۔ وہ سمجھتے ہونگے کہ اگر اکبر مسیحی مذھب کے حقایق کا قائل ہو گیا تو پھر کیا ھے آن کی آن میں سارا ھندوستان مسیحی جھنڈے تلے آجائیگا۔ مگر واقعہ یہ ھے کہ اکبر کی وسیع مشربی اور مذھبی رواداری کی انہوں نے غلط توجیہ کی وہ اپنی عادت کے مطابق کبھی کبھی ان کی عبادت میں شریك ہوا کرتا تھا۔ ایك موقعہ پر جب انہوں نے حضرت مریم کی شبیہ اسکے سامنے پیش کی تو معاً اکبر نے اپنے سر پر اٹھاکر رکھہ لیا اور بوسہ دیا۔ درباری مصوروں کو فوراً بلا کر حکم دیا کہ اس شبیہ کی نقلیں بنائیں۔ یسوعی پادری مذھبی غلو کی وجہ سے یہ نہ سمجھ سکے کہ اکبر نے اپنے جمالیاتی ذوق کی بنا پر تصویر کو بوسہ دیا تھا۔ اسے فرنگی مصوروں کا طرز اسقدر پسند آیا کہ اپنے درباری مصور کیشوداس کو حکم دیا کہ وہ فرنگی طرزوں میں کمال پیدا کرے۔ سنہ ۱۵۸۵ ع میں کیشوداس نے ایك مرقع اکبر کی خدمت میں پیش کیا جسمیں ساری تصاویر فرنگی اسالیب کے مطابق بنائی گئی تھیں۔ چنانچہ اکبری عہد کی بعض تصاویر میں فرنگی اثر کی جھلك صاف نظر آتی ھے۔ لیکن یہ اثر محض سطحی ھے۔ اسکی اھمیت اسقدر زیادہ نہیں ھے جیسا کہ بعض دورجدید کے فنی نقاد ثابت کرنا چاھتے ھیں۔

قدیم سے ھندوستان میں یہ دستور چلا آتا تھا کہ ریشمی کپڑے یا چوبی تختیوں پر تصاویر بناتے تھے۔ قلمی کتابیں تاڑ کے پتوں پر لکھی جاتی تھیں اور انہیں پر تصاویر بھی بنائی جاتی

تھیں ۔ سب سے پہلے گیارھویں صدی عیسوی میں ہندوستان میں کاغذ کا استعمال شروع ہوا ۔ گجراتی اور سندھی تاجر جن کا لین دین چین میں اور ممالک اسلامی میں تھا سب سے پہلے کاغذ اپنے ساتھ لائے ۔ لیکن اس زمانہ میں کاغذ اسقدر گراں تھا کہ اسکا رواج عام نہ ہوسکا ۔ اکبر کے زمانے میں تصویرکشی کے لئے ایران سے اصفہانی کاغذ منگایا جاتا تھا ۔ اکبر نے سیالکوٹ میں کاغذ بنانے کا انتظام کیا ۔ یہاں تین قسم کے کاغذ بنائے جاتے تھے ۔ بنسی (جو بانس سے بنایا جاتا تھا) ٹاٹی (جو سن سے بنایا جاتا تھا) اور حریری (جو ریشم سے تیار کرتے تھے) ۔ اکبر نے سرکاری کاروبار کے لئے کاغذ کے استعمال کو رواج دیا اور ہندوستانی صناعوں کو بھی ابتدائی مشق کے لئے سستے داموں کاغذ ملنے لگا ۔ اصفہانی کاغذ صرف درباری تصاویر کے لئے استعمال ہوتا تھا ۔ بادی النظر میں یہ چھوٹی چھوٹی سی تمدنی آسائش کی اشیاء حقیر معلوم ہوتی ہیں لیکن اجتماعی زندگی میں بعض اوقات ان کے اثرات نہایت اہم اور وقیع ہوا کرتے ہیں ۔ ممکن ہے آج ہمارے لئے اسکا اندازہ لگانا دشوار ہو کہ سولھویں صدی عیسوئی میں کاغذ کے عام رواج سے ہندوستان کی عمرانی زندگی میں کسقدر اہم نتائج برآمد ہوئے ہونگے ۔ اکبری عہد میں فن مصوری کی ترقی اور اسکے عام چرچے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ صناعوں کو کاغذ آسانی سے ملنے لگا ۔ مصوری کی ترقی کا ذکر ابوالفضل ان الفاظ میں کرتا ہے :—

"ہنرمندان شیریں کار چہرہ بر افروختند چنانچہ نادرہ کاری بہزاد و"
"سحر پردازی اہل فرنگ راکہ آفاق در گرفتہ بود گزیں ابنا زپیدا شد ۔ نازکی کار"
"و صفائی نقوش و ثبات دست و دیگر گزیدہ صفات درجہ یکتائی گرفتند ...."
"از صدکس متجاوز بہ رتبۂ پیشوائی رسیدند و آوازہ بلند نامے یافتند و طائفۂ"
"کہ نزدیک بہ منزل رسیدہ اند و طبقۂ کہ نیمۂ راہ شتافتہ بس فراوان ۔ ہند راچہ"
"گویم کہ تصویر این معنی بر صفحۂ خیال نکردہ بود ۔ ہمانا از اقالیم جہاں کمتر"
"نشان دھند" (آئین اکبری ۔ صفحۂ ۷۸)

ترجمہ

(شیریں کار صناعوں نے اتنی ترقی کی کہ بہزاد کے کمال اور اہل

فرنگ کی سحر پردازی کا جو دنیا بھر میں مشہور تھی مقابلہ کرنے لگے۔ دربار
اکبری کے مصوروں کے کام کی نزاکت اور صفائی اور پختگی اور دوسری خوبیاں
ایسی تھیں کہ ان کی نظیر کہیں اور ملنی دشوار ہے۔ ان میں سے سو تو یقیناً ایسے
تھے جنہیں استاد کہا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ناموری اور شہرت حاصل کی۔ ایسے
بھی بہت ہیں جو کہ استادی کی منزل کے قریب پہنچ چکے ہیں اور ایسوں کا
تو ایک انبوہ کثیر ہے جنہوں نے آدھی راہ طے کرلی ہے۔ ہندوستان میں تو کبھی
ایسے صناع پیدا نہیں ہوئے ہوں گے بلکہ دوسری ولایتوں میں بھی بہت کم ایسے
نکلیں گے جو دربار اکبری کے مصوروں کے لگ بھگ کہے جاسکیں)

اکبر کو فنون لطیفہ سے لگاؤ اسلئے تھا کہ وہ انہیں اپنی فطرت کی اعلیٰ صلاحیتوں کا
آئینہ دار سمجھتا تھا۔ علم وفن میں اسکا انہماک اس وجہ سے تھا کہ ان سے اسے اپنی عملی زندگی میں مدد
ملتی تھی۔ اسنے اپنی فطرت کے اعلیٰ جوہر عمل کی صورت میں دنیا کے سامنے ظاہر کئے۔ اسکی ساری
زندگی ایک عملی شخص کی زندگی ہے۔ اسکی جفاکشی کے آگے بڑے بڑے سورماؤں کو ہار ماننی پڑتی۔
وہ عمر بھر عمل کا بھوکا رہا۔ ہر وقت کچھ نہ کچھ کرنا اسکے لئے ضرور تھا۔ چنانچہ یہ بات غور کرنے کی
ہے کہ اس کے عہد کی کوئی تصویر اٹھا کر دیکھئے اس میں زندگی اور حرکت نظر آئیگی۔ اس عہد کی
تصاویر کے بیشتر موضوع جشنوں کی دھوم دھام، یلغاروں اور مہموں کی ھل چل، شکاروں کی دوڑ
دھوپ اور دربار کی ھماھمی سے متعلق نظر آتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی جادوگر نے ساری
مخلوق کو جو پڑی سو رھی تھی اپنے منتر سے جگا دیا۔ نہ صرف جگا دیا بلکہ ان سبھوں میں زندگی اور
حرکت کی نئی روح پھونکدی۔ اس عہد کی تاریخ میں دراصل یہ روح اسلامی تہذیب کی روح تھی جس
نے ہندوستان کو سونے سے جگایا اور اس کے سامنے سیاسی اتحاد کا نصب العین پیش کیا جسکے لئے
وہ صدھا سال سے ترس رہا تھا۔

اکبری عہد کے امرا میں عبد الرحیم خانخانان کو فنون لطیفہ سے خاص شغف تھا۔ وہ خود
شاعر اور شاعروں کا بڑا قدردان تھا۔ دربار اکبری کے اکثر شعرا شروع میں اس کے ھاں رہے اور
اسی کی ھمت افزائی سے انہوں نے نام پیدا کیا نظیری، عرفی، تسکینی، نوعی شیرازی اور ملک قمی مدتوں

اسکی فیاضی سے بہرہ مند ہوئے ۔ عبدالرحیم خانخانان کو مصوری اور خوش نویسی کا بھی شوق تھا ۔ چنانچہ اس عہد کے مشہور خوش نویس ملا محمد امین عبدالرحیم عنبریں قلم اور محمد حسین کشمیری اسکے کتب خانہ کے عملہ میں تھے ۔ مصوروں میں میاں ندیم ، بہبود اور مولانا مشفق شبیہ سازی اور مرقعے تیار کرنے کی خدمت پر مامور تھے ۔ مادھو جس نے بعد میں دربار اکبری میں شہرت حاصل کی اس دربار کا تربیت یافتہ تھا ۔ خود عبدالرحیم خانخانان کو فن مصوری میں مہارت تامہ حاصل تھی ۔ محمد افضل سرخوش نے اپنے تذکرہ کلمات الشعراء میں لکھا ھے کہ ایک دفعہ کسی مصور نے عبدالرحیم خانخانان کو ایک عورت کی تصویر لا کر دی ۔ تصویر کا موضوع یہ تھا کہ ایک کنیز جھانویں سے اس عورت کے تلوے مل کر صاف کر رھی ھے ۔ عبدالرحیم خانخانان نے اس تصویر کو بہت پسند کیا اور توقع سے زیادہ انعام دیا ۔ اس نے کہا کہ مصور کا کمال اس میں ھے کہ اس نے اس خفیف سے تبسم کو نہایت خوبی کے ساتھ ظاہر کیا ھے جو تلوے سہلاتے وقت گدگدی کی وجہ سے پیدا ہوتا ھے ۔ صاحب تذکرہ کی عبارت یہ ھے :—

" روزے مصورے شبیہ لسائے غسل کردہ نشستہ وکنیزے بر کف پائے او سنگھا میز ند کشیدہ ۔ درسواری گذرانید ۔ یک نظر دیدہ بربالش پالکی گذاشتہ برائے مجرائی پادشاہ رفت ۔ وقت برگشتن مصور خود رانمودار ساخت ۔ فرمود پنج هزار روپیه بدهند ۔ صورتگر عرض کرد که تصویر من از پنج روپیه زیادہ نمی ارزد اما صنعتے درو کردہ ام ۔ اگر نواب واقف شدہ داد کار من میدهد ۔ می گیرم ۔ فرمود صنعت همیں است که دروقت سنگپازدن خارشے درکف پا می شود ۔ اثر آں دریں تصویر نمایاں کردۂ ۔ " [۱]

---

[۱] تذکرۂ سرخوش ۔ قلمی کتب خانۂ آصفیہ ۔ نمبر ۷۵ و ۷۵ ۔

اس واقعہ کو مولوی شبلی مرحوم نے جہانگیر کی طرف منسوب کیا ھے ۔ حالانکہ محمد افضل سرخوش نے عبدالرحیم خانخانان کے حالات میں اسکی طرف اس واقعہ کو منسوب کیا ھے ۔ (مقالات شبلی ۔ صفحہ ۱۷۲)

اس واقعہ سے عبدالرحیم خانخانان کی خوش مذاق اور هنر پروری کا پتہ چلتا ھے۔ ملکی نظم ونسق کے مشاغل کے باوجود وہ علم وفن کی سرپرستی کے لئے وقت نکال لیتا تھا۔ دراصل عہد مغلیہ کے امراء میں کم و بیش سب میں آپ یہ بات پائیں گئے۔

اکبر کے بعد اس کے بیٹے جہانگیر کے هاتھ میں زمام حکومت آئی۔ وہ بچپن سے علم و فن کی گود میں پلا تھا۔ شہزادگی کے زمانہ ھی سے آسے مصوری کا شوق تھا۔ آقا رضا هراتی اسکی خدمت میں حاضر رهتے تھے۔ جہانگیر طبعاً حسن پرست تھا۔ اور خوبی و زیبائی کا سچا قدردان وہ خود تصویر بنانا نہیں جانتا تھا لیکن نقاد فن تھا اور اچھے برے کو فنی اعتبار سے خوب پرکھتا تھا۔ اسکی مہارت اور نظر کا یہ حال تھا کہ اگر کوئی تصویر متعدد درباری مصور ملکر بنائیں تو وہ بتلاسکتا تھا کہ کونسا حصہ کسکے هاتھ کا بنا هوا ھے۔ توزك میں اپنی مہارت کا ذکر یوں کرتا ھے:—

„ مرا ذوق تصویر و مہارت تمیز بجائے رسید کہ از اوستادان گزشتہ و „
„حال کار هر کس بہ نظر در می آید۔ بے آنکہ نامش مذکور شود بہ یہ دریا بم „
„کہ کار فلاں است بلکہ اگر مجلسے باشد مشتمل بر چند چہرہ و هر چہرہ „
„کار یکے از اوستاداں باشد می توانم یافت کہ هر چہرہ کار کیست و اگر دریك „
„ صورت چشم و ابرو را دیگرے کشیدہ باشد دراں صورت می فہمم کہ اصل „
” چہرہ کار کیست وچشم وابرو را کہ ساخت „ (توزك صفحہ ۲۳۵) [۱]

جہانگیری عہد کے مصوروں کی تقسیم هم دو مذهبوں میں کرسکتے هیں۔ ایك تو وہ جو قدیم ایرانی روایات کا حامی تھا اور اکبر کے زمانہ میں جو هندی اثرات پڑے وہ اس کی آنکھوں میں کھٹکتے تھے۔ هر شعبۂ زندگی میں ایسی جماعت همیشہ موجود رهتی ھے جو لکیر کی فقیر رهنا چاهتی ھے اور هر نئی بات کو شبہ اور ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھتی ھے۔ اس جماعت کے حامیوں میں فرخ بیگ، محمد نادرسمرقندی، اور محمد مراد کے نام قابل ذکر هیں۔ دوسری جماعت کا علمبردار جہانگیری عہد کا مشہور

---

[۱] بہ تصحیح سر سید مرحوم۔ مطبوعہ علیگڑھ

مصور گوردھن ھے جو اکبر کی امتزاجی تحریک کا حامی تھا ۔ گوردھن نے جہانگیر کے جشن و جلوس کی جو تصاویر بنائی ھیں ان میں ھندوستان کے قدیم راجاؤں کی روایات اور قدیم درباروں کی زندگی کے منظر اس خوبی و دلاویزی کے ساتھ پیش کئے ھیں کہ باید و شاید ۔ توزک جہانگیری کے شاھی نسخہ کے لئے اس نے تصاویر بنائی تھیں جنکو جہانگیر نے بہت پسند کیا تھا ۔ اس اسکول کے اور دوسرے مشہور مصوروں میں منوہر اور بشن داس گذرے ھیں جن کی تصاویر نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں میری نظر سے گذریں ۔ سنہ ١٦١٧ع میں جب جہانگیر نے خانعالم کو شاہ عباس صفوی کے پاس سفارت پر بھیجا تو بشن داس کو اسکے ھمراہ ایران بھیجا تھا تا کہ وہ شاہ موصوف اور اس کے امراء کی تصویر کھینچ کر لائے اور ایران کے مشہور مصوروں سے ملکر فنی معلومات حاصل کرے ۔ (توزک ٢٨٥)

خانعالم جب ایران جانے لگا تو جہانگیر نے اسے تاکید کردی تھی کہ عمدہ تصاویر جہاں اور جن داموں ملیں اپنے ساتھ لانا ۔ اتفاق سے خانعالم نے اصفہان کے بازار میں ایک مرقع خریدا جسمیں ٢٤٠ تصاویر تھیں ۔ یہ امیر تیمور کے معرکوں اور یلغاروں کی تصویریں تھیں اور خلیل مرزا شاہ رخی کے ھاتہ کی بنائی ھوئی تھیں ۔ جہانگیر ، خلیل مرزا کی تصاویر کا بڑا قدردان تھا ۔ جس طرح یہ مرقع جہانگیر تک پہنچا اس کی داستان عجیب ھے ۔ یہ مرقع شاہ اسمٰعیل کے بعد شاہ طہماسپ اور اسکے بعد شاہ عباس کے قبضہ میں آیا ۔ کہا جاتا ھے کہ شاھی کتب خانہ کے داروغہ صادقی نے اس مرقع کو چرا کر کسی کے ھاتہ بیچ ڈالا اور اس طرح دست بدست خانعالم کے پاس پہنچا ۔ شاہ عباس کو جب یہ خبر ملی کہ خانعالم نے یہ مرقع اصفہان کے بازار میں خریدا ھے تو اسنے اسکو ایک نظر دیکھنے کی خواھش ظاھر کی ۔ خانعالم جو اس مرقع کو ھوا بھی نہیں لگنے دیتا تھا شاھی حکم سے مجبور ھو گیا کہ اسے دربار میں بھیجے ۔ شاہ عباس نے دیکھتے ھی پہچان لیا کہ وہ وھی مرقع ھے جو شاھی کتب خانہ سے چوری گیا تھا ۔ اگرچہ وہ خود بھی تصویروں کا قدردان تھا لیکن اس خیال سے کہ جہانگیر کو کہیں ناگوار نہ ھو ، چند روز اپنے پاس رکھنے کے بعد اس مرقع کو خانعالم کے حوالہ کیا ۔ جہانگیر نے نہایت پر لطف انداز میں اس پورے واقعہ کو توزک میں بیان کیا ھے ۔

" در هنگام رخصت خانعالم را در آغوش عزت گرفته التفات بسیار اظهار نمودند و بعد از انکه از شهر بر آمده باز بمنزل او تشریف آورده عذرها خواسته وداع کردند۔ از نفائس و نوادر روزگار که خانعالم آورده الحق از تائیدات طالع او بود که چنیں تحفه بدست افتاده مجلس جنگ صاحبقران است و شبیه آنحضرت واولاد و امجاد و امرائے عظام را که دران جنگ بسعادت همراهی اختصاص داشتند کشیده و نزدیک هر صورتے نوشته که شبیه کیست و ایں مجلس مشتمل است بر دوبست و چهل صورت و مصور نام خود را خلیل مرزا شاه رخی نوشته۔ کارش بغایت پخته و عالی است و بقلم آستاد بهزاد مناسبت و مشابهت تمام دارد۔ ایں گرامی تحفه از کتابخانهٔ علیئین مکانی شاه اسمعیل صفوی و یا از شاه طهماسپ بسرکار برادرم شاه عباس انتقال یافته و صادق نام کتابدار ایشان دزدیده بدست تحفے فروخته قضا را در صفاهان ایں مجلس بدست خانعالم می افتد وشاه نیز خبر می رسد که او چنیں تحفه بدست آورده و بهم رسایندہ بہ بهانهٔ تماشا از و طلب می فرمایند۔ خانعالم هر چند خواست که به لطایف الحیل بگذراند چوں مکرر بمبالغه اظهار فرمودند ناگزیر بخدمت ایشاں فرستاده شاه بمجرد دیدن شناخته اند۔ روزے نزد خود نگاه داشته غایتاً چوں توجه خاطر مارا بامثال ایں نفائس میدانند که درچه مرتبه است از خواستن نیز در کلی و جزوی بحمدالله که مضایقه نیست حقیقت را بخانعالم ظاهر ساخته باز بمشارالیه لطف نمودند "۔ صفحه (۲۸۵)

اکبر کی طرح جہانگیر کو بھی دربار فرنگ کے عجائب و نفائس کا شوق تھا۔ اس نے مقرب خاں کو ھندوستان کے مغربی ساحل پر صرف اسلئے بھیجا تھا کہ اھل فرنگ کی مصنوعات و نوادر جمع کرکے لائے۔ مقرب خاں نے بندر کھنبایت سے ایک بردۂ فرنگی بھیجا جسکی وہ توزک میں بہت تعریف کرتا ھے۔ مقرب خاں کو تصویر کی پرکھ نہ تھی۔ چنانچہ کسی فرنگی تاجر سے اس نے ایک تصویر خریدی جسکے متعلق اسے بہ باور کرایا گیا کہ وہ تیمور صاحبقران کی تصویر ھے جو بایزید یلدرم کی گرفتاری کے بعد قسطنطنیہ کے ایک مصور نے آتاری تھی۔ جہانگیر نے ماھر فن کی حیثیت سے اس دعوے کی تردید کی توزک میں کہتا ھے :—

"اگر این دعویٰ اصلے داشتہ باشد ہیچ چیز تحفہ پیش من بہتر ازیں نخواہد بود۔ چوں بصورت و حلیۂ اولاد و فرزندان سلسلہ آں حضرت مشابہتے ندارد خاطر براست بودن ایں سخن تسلی نمی شود"۔ (صفحہ ۳۷)

جہانگیر کو اہل فرنگ کی مصوری بہت پسند تھی۔ یسوعی پادری فرناؤ گریرو (Fernao Guerreiro) کو سنہ ۱۶۰۷ع میں دربار شاہی میں باریابی حاصل ہوئی۔ اس کا بیان ہے کہ جہانگیر کو مسیحی مذہبی تصاویر سے خاص لگاؤ تھا۔ اس نے اپنے محلات میں حضرت مریم، حضرت مسیح اور حواریوں کی دیواری تصاویر بنوائی تھیں۔ سنہ ۱۶۱۰ع میں ایک انگریز سیاح ولیم فنچ (W. Finch) ہندوستان آیا اور لاہور میں تقریباً دو سال رہا۔ وہ اپنے قیام لاہور کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ دیوان خانے اور شاہی محلات کے دوسرے حصے تصاویر سے آراستہ تھے۔ جس کمرے میں جہانگیر کی نشست رہتی تھی اس میں لمبے لمبے سینگوں والے شیطانوں کی تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ ان کی آنکھیں بڑی بڑی، بال کھڑے ہوئے، مڑی ہوئی موچھیں، ٹیڑھے ٹیڑھے پاؤں، اور پیچھے ایک ایک دم تھی۔ اس بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہےکہ جہانگیر کو فنون لطیفہ سے جو دلچسپی تھی وہ اس نظریے کے مطابق تھی جسے "قدر فن من حیث الفن" کہتے ہیں۔ اکبری عہد کی بیشتر تصاویر زندگی سے کوئی نہ کوئی تعلق ضرور رکھتی تھیں۔ بہ خلاف اس کے جہانگیر کے عہد کی صناعی میں ہمیں اصلی زندگی کے خد و خال بہت کم نظر آتے ہیں۔

جہانگیر طبعاً حسن کا پرستار تھا۔ چاہے وہ فطرت کا حسن ہو یا انسان کا۔ اکبری عہد کے مصوروں نے مناظر فطرت کی طرف زیادہ توجہ نہیں کی۔ واقعہ یہ ہے کہ انسان کو زندگی سے فرصت ملے تو کائنات فطرت کو دیکھے۔ اکبری عہد کے مصوروں کے لئے انفرادی اور اجتماعی نے اتنے موضوع اور مسائل فراہم کردئے تھے کہ ان کی نظر ان سے ہٹ کر کسی اور شے کا تماشا کر ہی نہ سکی۔ جہانگیر نے اس امر کا خاص اہتمام کیا تھا کہ اسکے درباری مصور قدرتی مناظر اور جانوروں اور چڑیوں کی تصویریں بنائیں۔ اس صنف مصوری میں استاد منصور نے خاص امتیاز حاصل کیا۔ جہانگیر کے حکم سے اسنے کشمیر کے مضافات میں سو سے زائد مختلف قسم کے پھولوں کی تصویریں

بنائیں اور جب کبھی جہانگیر کشمیر جاتا تو اسے اپنے ساتھ ضرور لے جاتا۔ جہانگیر نے اسے نادر العصر کا خطاب عطا کیا تھا۔

جہانگیر کے دربار کا ایک اور مشہور مصور ابوالحسن نادر زمانی ہے جو آقا رضا کا بیٹا تھا۔ وہ بھی جانوروں اور پرندوں کی تصاویر بنانے میں کمال رکھتا تھا۔ اسنے شاہی جلوس کی جو تصاویر بنائی تھیں وہ جہانگیر کو بہت پسند آئیں چنانچہ اس کو نادر زمانی کا خطاب عطا ہوا۔ جہانگیر توزک میں جہاں اس مصور کی صناعی اور کمال کا ذکر کرتا ہے وہاں یہ بھی بتلاتا ہے کہ ،، از صغر سنی تا حال خاطر همیشه متوجه تربیت او بوده تا کارش بدیں درجه رسیده۔ ،، اس سے خود اسکے ذوق و نظر کا پتہ چلتا ہے۔

جہانگیر کی فن دانی اور هنر پروری کا ذکر سر ٹامس رو نے اپنے سفر نامہ میں کیا ہے۔ [١] سر ٹامس رو نہایت ہوشمند اور تعلیم یافتہ شخص تھا۔ فنون لطیفہ سے بھی اسے دلچسپی تھی۔ جہانگیر سے اسکی خوب ملاقاتیں رہتی تھیں۔ ایک دفعہ سر ٹامس رو نے جہانگیر کو ایک تصویر دکھائی جو کسی فرنگی مصور کے ہاتھ کی بنی ہوئی تھی۔ جہانگیر نے اس تصویر کو غور سے دیکھا اور کہا کہ میرے درباری مصور ایسی تصاویر بنا سکتے ہیں۔ سر ٹامس رو کو یقین نہ آیا۔ چنانچہ جہانگیر نے کہا کہ اچھا چند روز کے لئے یہ تصویر میرے پاس چھوڑ جاؤ۔ میں اپنے درباری صناعوں سے اسکی نقل کراؤنگا۔ سر ٹامس رو وہ تصویر جہانگیر کے پاس چھوڑ آیا۔ بالعموم جہانگیر کے یہاں رات میں بیٹھک ہوا کرتی تھی۔ تھوڑے دن گذرنے کے بعد جب اتفاق سے سر ٹامس رو بھی اسکی محفل میں موجود تھے جہانگیر نے حکم دیا کہ درباری مصوروں نے سر ٹامس رو کی تصویر کی جو نقلیں اتاری ہیں وہ سب ایک جگہ لاکر رکھی جائیں اور اصل کو بھی انہیں میں رکھ دیا جائے۔ سب تصاویر حسب حکم میز پر لاکر رکھدی گئیں۔ جہانگیر نے سر ٹامس رو سے کہا کہ میز پر سے اپنی تصویر اٹھالو۔ سر ٹامس رو لکھتا ہے کہ میں بہت دیر تک اس شش و پنج میں رہا کہ نہ معلوم انمیں میری اصل تصویر کونسی ہے

---

[١] Embassy of Sir Thomas Roe to the court of the Great Mogul, ed. by W. Foster. p. 210.

بہت دیر کے بعد کہیں جا کر میں اپنی تصویر شناخت کر سکا۔ جہانگیر اس کی اس پریشانی سے بہت محفوظ ہوا۔

سر ٹامس رو نہایت خوش تدبیر شخص تھا۔ اسنے جہانگیر کی تصویر دوستی سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی۔ چنانچہ اسنے نظماٴے ایسٹ انڈیا کمپنی کو لکھا کہ جہانگیر کے لئے تحفے کے طور پر عمدہ قسم کی تصاویر بھیجیں۔ اسنے یہ بھی لکھا کہ جہانگیر کے دربار میں اٹلی سے خشکی کے راستہ سے تصاویر منگائی جاتی ہیں اور اطالوی صناعوں کے اسالیب اسکو خاص طور پر پسند ہیں۔ انگلستان سے جو تصاویر بھیجی جائیں وہ اطالوی تصاویر سے کم درجہ کی نہ ہوں ورنہ دربار میں ان کی کوئی قدر نہ ہوگی۔

اکبر اور جہانگیر کے عہد کی مصوری میں وہی فرق ہے جو ان دونوں کے حالات اور انکی سیرت میں ہے۔ اکبر کی ساری زندگی دوڑ دھوپ میں گذری۔ یہ امر بجائے خود اسکی خوش مذاقی پر دال ہے کہ باوجود ان تمام مملکتی مشاغل کے جو ہر نئی سلطنت قایم کرنے والے کو پیش آتے ہیں، وہ علم وفن کی سرپرستی کے لئے وقت نکالتا تھا۔ جہانگیر کو بنی بنائی سلطنت باپ سے پہنچی۔ اکبر کے مقابلہ میں اسے زیادہ فرصت حاصل رہی۔ فنون لطیفہ اسکی خوش وقتی کا مشغلہ تھے۔ چنانچہ اسپر تعجب نہ ہونا چاہئے کہ جہانگیر کے عہد کی مصوری میں زیادہ صفائی، نزاکت اور لطف پایا جاتا ہے۔ اکبری عہد کے مصوروں کو اپنی فن کاری اسپر صرف کرنا پڑی کہ کیونکر ایرانی اور ہندوستانی روایات میں امتزاج پیدا کیا جائے۔ جہانگیر نے جس طرح اپنے باپ سے ایک مستحکم سلطنت ورثہ میں پائی اس طرح اسکے عہد کے مصوروں کو وہ سب فنی سرمایہ اور روایات ورثے میں ملیں جو اکبری عہد کے استادوں کی ساری ذہانت اور صناعی کا ماحصل تھیں۔

جہانگیر کے بعد شاہجہان تخت شاہی پر جلوہ افروز ہوا۔ اسکا عہد، سلطنت مغلیہ کی انتہائی اقبالمندی اور عروج کا زمانہ ہے۔ شاہجہان کو بھی اپنے باپ دادا کی طرح فنون لطیفہ سے خاص لگاؤ تھا۔ لیکن فن عمارت کے ساتھ اسے بہت شغف رہا۔ مصوری نے اسکے عہد حکومت میں کوئی نمایاں ترقی نہیں کی لیکن یہ کہ دربار میں مصوری کا چرچا برابر قایم رہا۔ اسکے دربار کے بعض مصور وہ تھے جو جہانگیر

کی آنکھیں دیکھتے ہوئے تھے ۔ انمیں گوردھن ، منوہر اور محمد نادر سمرقندی قابل ذکر ہیں ۔ باقی انہیں استادوں کے شاگرد تھے ۔ ان کے نام یہ ہیں ۔ فقیر اللہ خان ، انوپ چتر ، چتر من ، محمد ہاشم ، بال چند ۔ شاہجہان کو جہانگیر کی طرح فطرت نگاری کا شوق نہ تھا ۔ وہ شبیہ کاری کو مقابلتہً ترجیح دیتا تھا ۔ اسنے اپنے درباری صناعوں سے جومرقعے تیار کرائے انمیں اپنے امراء کی شبیہیں ممتاز حیثیت رکھتی ہیں ۔ شاہجہان کے زمانہ میں صوبہ داروں کے درباروں میں بھی بڑی رونق ہوتی تھی ۔

یہ دربار دہلی کے دربار کی نقل ہوتے تھے ۔ چنانچہ دہلی سے بعض مصور بیرونجات میں جانے لگے اور طبقۂ امراء میں مصوری کا جس قدر شوق بڑھتا گیا اتنی ہی دہلی کے صناعوں کی مانگ اور قدردانی میں اضافہ ہوتا گیا ۔ دہلی کے مصور، صوبوں میں ہاتھوں ہاتھ لئے جاتے ۔ آصف خان صوبہ دار لاہور کے دربار میں مصوروں کا جمگھٹا رہتا تھا ۔ سنہ ۱۶۴۱ع میں آگسٹینی پادری سبستیان مانرک (Sebastian Manrique) لاہور میں موجود تھا جبکہ آصف خان نے شاہجہان کی آمد پر جشن آراستہ کیا ۔ وہ اپنے سفر نامہ میں آصف خان کے محلات کا ذکر کرتا ہے کہ ان کی دیواریں تصاویر سے آراستہ تھیں ۔ غرض کہ شاہجہان کےوقت سے دہلی کے صناع صوبوں میں جاکر آباد ہونے لگے اور یہ سلسلہ اس کے بعد برابر جاری رہا ۔

شاہجہان کے بڑے بیٹے داراشکوہ کو مصوری کا بڑا شوق تھا۔وہ اکبر کیطرح نہایت ہنر پرور اور اسکی طرح مذہب و سیاست ، علوم حکمت اور فنون و صنائع غرضکہ زندگی کے سب شعبوںمیں امتزاجی رجحانات کا حامی تھاجنکی ابتدا اکبری دور میں ہوئی۔تصویر کشی میں اسکی خوش مذاقی کا اظہار اس مرقع سے ہوتا ہے جو اسنے اپنی بیوی نادرہ بیگم کیلئے خاص طور پر تیار کرایا تھا۔یہ مرقع انڈیا آفس کے کتبخانہ میں موجود ہے اور اسمیں ۷۰ تصاویر ہیں ۔

شاہجہان کو اپنی عمر کے آخری ایام میں جن اندوہناک واقعات سے دو چار ہونا پڑا ان کے ذکر کا یہاں موقع نہیں ۔ اسکے بیٹوں میں جو جانشینی کا جھگڑا ہوا اسمیں آخر میں اورنگ زیب کامیاب ہوا اور تخت و تاج کا مالک بنا ۔ اورنگ زیب کو مصوری سے مطلق شوق نہ تھا ۔ وہ طبعاً خشک مزاج واقع ہوا تھا ۔ اسکے عہد میں صناعوں کی قدر کم ہوئی ۔ چنانچہ دہلی میں رہے سہے جو صناع باقی رہ گئے تھے انہوں نے بھی صوبوں میں جاکر پناہ لی ۔ باین ہمہ اورنگ زیب کے عہد کی بعض تصاویر جو موجود

هیں وہ نہایت اعلیٰ درجہ کی هیں ۔ رامپور کے کتب خانہ میں ایك تصویر هے جس میں محاصرۂ بیجاپور کی کیفیت مصور نے موقلم سے بیان کی هے ۔ اس تصویر میں اورنگ زیب کی شخصیت کو صناع نے خوب اجاگر کر کے دکھایا هے اسلئے کہ اس برات کا دولھا وهی تھا ۔ یہ بھی کہا جاتا هے کہ جب اورنگ زیب نے اپنے بیٹے محمد سلطان کو بغاوت کے جرم میں گوالیار کے قلعہ میں قید کر دیا تو شفقت پدری سے مجبور ھو کر اسنے حکم دیا کہ اس کی تصاویر اسے بھیجی جایا کریں تا کہ وہ اسکی صحت کا اندازہ کر سکے ۔

سنہ ۱۷۰۷ع میں اورنگ زیب کے انتقال پر سلطنتِ مغلیہ کا شیرازہ بکھر گیا ۔ صناعوں کی حالت بد سے بدتر ھوگئی ۔ دوسرے دستکاروں کی طرح وہ بازاروں میں سستا اور گھٹیا کام کرتے اور انہیں روزی کمانے سے اتنی فرصت نہ ملتی کہ کوئی شاھکار بنائیں ۔ اگر کوئی مصور اعلیٰ درجہ کی تصویر بناتا تو چھپا کر رکھتا کہ کہیں سرکاری عہدہ‌دار اسے زبردستی نہ چھین لیں ۔ برنئیر نے اپنے سفر نامہ میں اورنگ زیب کے ابتدائی زمانہ کا ذکر کرتے ھوئے لکھا هے کہ امراء اور منصبداروں کا معمول تھا کہ صناعوں کو بلا کر ان سے تصاویر بنواتے اور اگر جی چاھتا تو انہیں کچھ برائے نام اجرت دیدیتے ورنہ بیچارہ صناع یہی غنیمت سمجھتا تھا کہ چلتے وقت اسکے چند کوڑے نہیں رسید کئے گئے ۔ ممکن هے کہ اس بیان میں مبالغہ ھو لیکن پھر بھی یہ تو ماننا ھی پڑیگا کہ اورنگ زیب کے زمانہ سے دھلی میں صناعوں کی سرپرستی کرنے والا کوئی باقی نہیں رھا تھا ۔ اور وہ غریب ناقدردانی کے ھاتھوں روٹیوں کو محتاج ھوگئے تھے ۔ فن کا مرتبہ پست ھوگیا اور صناعوں کی سوسائٹی میں کوئی وقعت باقی نہ رھی ۔ ایك وہ زمانہ تھا جبکہ صناع امراء اور مشائخ کے پہلو بہ پہلو بیٹھتے تھے اور اب ان پر ایسا وقت آن پڑا کہ ان کی حیثیت معمولی بازاری کاریگروں کی سی رہ گئی ۔

محمد شاہ کو مصوری سے کوئی خاص دلچسپی نہ تھی ۔ اسکی بد شوقی کا حال اس سے ظاھر ھوتا هے کہ اکبری صناعوں کے ھاتھ کا با تصویر رزم نامہ (مہابھارت) جو نادر شاھی حملہ کے بعد اتفاق سے شاھی کتب خانہ میں رہ گیا تھا ، اسنے راجہ جے سنگھ ثانی والئی جے پور کے نذر کردیا اور اسے اتنا احساس بھی نہ ھوا کہ وہ کتنا بیش بہا تحفہ اپنے دوست کو دے رھا هے ۔ اگر جہانگیر سے کوئی پوچھتا کہ شاھی خزانہ یا یہ مرقع ان دونوں میں سے ایك اپنے لئے منتخب کرلو تو یقیناً وہ آخرالذکر کو منتخب

کرتا۔ رزم نامہ کا یہ نسخہ جے پور کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ اس انتشار وابتری کے زمانہ میں دھلی میں بس ایک نامور مصور گذرا ھے جسکی تصاویر ھم تک پہنچی ھیں۔ اسکا نام میر چند ھے۔ وہ قدیم ایرانی اسلوبوں کی پیروی کرتا تھا اور اسی رنگ میں اسنے کمال پیدا کیا تھا ـــ

عہد مغلیہ کی مصوری کی تاریخ تشنہ رہ جائیگی اگر اس ضمن میں راجپوتی قلم کا بھی ذکر نہ کر دیا جائے۔ کمارسوامی نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ھے کہ راجپوتی قلم کا تعلق مغلی قلم سے اتنا نہیں جتنا کہ قدیم ھندکی مصوری سے ھے۔ لیکن اس امر سے کیسے انکار کیا جاسکتا ھے کہ مغل اور ایرانی صناعوں نے ھندی مصوری میں نئی روح پھونکی۔ ڈاکٹر گنگولی نے "راجپوت مصوری کے شاھکاروں" کے نام سے جو مرقع شائع کیا ھے اسمیں آپ دیکھ سکتے ھیں کہ خالص ھندو دیومالا کے موضوعوں کو بھی صناعوں نے مغلی طرزوں میں ظاھر کیا ھے اور اسمیں وہ پورے طور پر کامیاب ھوئے ھیں مثلاً رادھا جھولا جھول رھی ھیں۔ انکا سارا لباس مغلوں کا درباری لباس ھے۔ رادھا بھی اسی طرز کا پائجامہ زیب تن کئے ھوئے دکھائی دیتی ھیں جو شاھی دربار کی خواتین پہنا کرتی تہیں۔ یا مثلاً کرشن کی پیدائش کے موقع پر جو لوگ موجود ھیں وہ اپنی وضع اور لباس کے اعتبار سے بالکل شاھی دربار کے لوگ معلوم ھوتے ھیں۔ ان تصاویر کے پس منظر میں بھی مغلی اثر کارفرما نظر آتا ھے۔ ھاں، راجپوتی قلم کی خصوصیت یہ ھے کہ اسکے موضوع زیادہ تر ھندو دیومالا اور ادب العوام (folk-lare) سے تعلق رکھتے ھیں جیسے کرشن اور گوپیوں کا افسانہ، راگ راگنیوں اور نائکوں کی تمثیلات جو ھندو عوام کے عقاید کا جز بن گئی تہیں ـــ

ھندوؤں کے ھاں ازمنۂ قدیم سے فن مصوری کا چرچا رھا۔ تاریخی طور پر یہ ثابت ھیکہ حضرت مسیح سے پانچ صدی قبل ھندوستان میں تصویر کشی کا رواج تھا۔ امتداد زمانہ سے اس عہد کے نمونے مٹ گئے لیکن بدھ مت کی مذھبی کتابوں سے ثابت ھے کہ مصوری سے بدھ مت کی نشر و اشاعت کا کام لیا گیا لیکن آگے چلکر بدھ مت کے زوال کے زمانے میں جب یہ فن ھوس پرستی کے لئے استعمال ھونے لگا تو بدھ لوگوں کو ایسے مکان میں ٹھہرنے کی ممانعت کردی گئی جہاں تصاویر ھوں۔ اجنٹا کی دیواری تصاویر جو بہت بعد کی ھیں دنیا کی تاریخ مصوری میں بطور اعلیٰ ترین کارناموں کے شمار کی جاتی

ھیں ۔ لیکن مسلمانوں کی ابتدائی فتوحات کے زمانہ میں جس طرح ھندو تہذیب و تمدن کے دوسرے شعبے انتہائی پستی اور زوال کی حالت میں تھے اسی طرح تصویر کشی کا فن بھی ھوس پرستی کا ایك ذریعہ بن گیا تھا ۔ شمس، سراج، عفیف نے تاریخ فیروز شاھی میں اس کا ذکر کیا ھے کہ دھلی کے شاھی محلات میں دیواری تصاویر بنانے کا رواج تھا ۔ فیروزشاہ نے اپنے محل کی دیوارں پر سے انسانی تصاویر کو محو کرادیا اور قدرتی مناظر کی تصاویر کو رھنے دیا ۔ [۱] سنہ ۱۴۴۲ع میں جب عبدالرزاق شاہ رخ کی سفارت ھندوستان لایا تو جیسا کہ اس نے اپنے سفرنامہ میں بیان کیا ھے دکن اور جنوبی ھند میں مندروں پر دیواری تصاویر بنانے کا رواج تھا ۔ اسکی بھی شہادتیں موجود ھیں کہ سولھویں صدی عیسوئی میں جب کہ اکبر نے اپنی آرٹ ایکاڈمی قایم کی اسوقت بھی گجرات کی طرف مصوری کا چرچا تھا لیکن اس عہد کی جو تصاویر تاڑ کے پتوں پر ملتی ھیں وہ اجنٹا کی دیواری تصاویر کے مقابلہ میں بہت ادنی درجہ کے نمونے پیش کرتی ھیں ۔ ساتویں صدی سے لیکر سولھویں صدی تك ھندوستان جس سیاسی اور اخلاق پستی میں مبتلا تھا اسکا اثر آرٹ پر بھی صاف نظر آتا ھے ۔ غرض کہ مغلوں سے پہلے ھندوستانی مصوری انتہائی زوال کی حالت میں تھی ۔ اکبری عہد میں اسے نئی زندگی ملی ۔

اورنگ زیب کے بعد سلطنت مغلیہ کے زاوال پر سیاسی مرکزوں کے ساتھ ساتھ مصوری کے جدید مذاھب بھی وجود میں آئے اور مقامی امراء کی سرپرستی کی بدولت مرکز کے سارے صناع کھنچ کھنچ کر صوبوں میں اور اضلاع میں آگئے ۔ دھلی سے دور دراز مقامات میں رھنے کا ایك فائدہ یہ بھی تھا کہ صناعوں کو مقابلتہً زیادہ امن و عافیت حاصل ھوتی تھی اور اپنی قدر و منزلت بڑھانے کا بھی موقع ملتا تھا ۔ دارا شکوہ کا فرزند سلیمان شکوہ اورنگ زیب کی تعزیر سے بچنے کے لئے جب ادھر سے ادھر بھاگا بھاگا پھر رھا تھا اسوقت بھی اسکے ساتھ دو مصور تھے جن کے نام شام داس اور کہار داس ھیں ۔ جب راجہ سرینگر (گڑھوال) نے شہزادہ کو پناہ دی تو یہ دونوں صناع بھی اسکے ساتھ گئے ۔ راجہ نے اصول مہمان داری کے خلاف اورنگ زیب کے ڈر سے شہزادہ کو تو اسکے حوالہ کردیا لیکن دونوں

---

[۱] تاریخ فیروز شاھی ۔ صفحہ ۳۷۳

صناعوں کو اپنے ہاں دربار میں رکھا۔ ان دونوں کا پانچ پانچ روپئے روزانہ وظیفہ مقرر کردیا اور پچاس پچاس گاؤں جاگیر میں عطا کئے۔ ان صناعوں نے گڑھوالی قلم کی بنا ڈالی۔ جے پور میں تو اکبر ہی کے عہد سے ہر قسم کے صناع قدر کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ اٹھارویں صدی عیسوئی میں راجہ جے سنگھ ثانی کے عہد حکومت میں جے پوری قلم کا نیا طرز پیدا ہو گیا تھا جس میں ہندی اسلامی عناصر کے امتزاج سے ایک خاص کیفیت نظر آتی ہے۔ یہی حال کانگڑے اور جموں کے قلموں کا ہے۔ لاھور میں سکھوں نے اپنی عملداری قائم کی۔ انہیں بھی مغلوں کی طرح شبیہ کاری کا بہت شوق تھا۔ ان کے درباری مصور زیادہ تر کانگڑے قلم کی پیروی کرتے تھے۔

شمالی ہند کے علاوہ دکن میں بیجا پور کے عادل شاہیوں نے مصوری کی اور دوسرے فنون لطیفہ کی طرح سرپرستی کی۔ قیاس چاھتا ہے کہ مغلوں کے زمانہ میں شمالی اور جنوبی ہند میں فنی روابط موجود رہے ہونگے۔ اس ضمن میں اس واقعہ کا ذکر دلچسپی سے خالی نہیں کہ جہانگیر نے ابراھیم عادل شاہ والئی بیجا پور کو اپنی تصویر بھیجی تھی۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جب شہزادۂ خرم نے ملک عنبر کے خلاف ابراھیم عادل شاہ سے سیاسی روابط استوار کئے اور افضل خان اور رائے رایاں کو تحفے تحائف دیکر بیجا پور بھیجا تو ابراھیم عادل شاہ نے بھی دوست خواھی اور شکرگذاری کے طور پر پیشکش بھیجی ((پیشکش ھائے لایق از جواھر و مرصع آلات و فیلان و اسپاں کہ درھیچ عصرے اینچنیں پیشکش نیامدہ بود ،، توزک ۱۹۱)۔ اس پر جہانگیر نے از راہ شفقت و مرحمت ((فرزند ،، کا خطاب ابراھیم عادل شاہ کو عطا کیا۔ اپنے ھاتھ سے فرمان پر یہ بیت اسکو لکھکر بھیجا۔

شدی از التماس شاہ خرم ـ بفرزندی ما مشہور عالم

(اقبال نامہ جہانگیری ـ ۱۰۱)

ابراھیم سے جب تعلقات اور زیادہ بڑھے تو اس نے خرم کی معرفت جہانگیر کی شبیہ کی درخواست کی۔ چنانچہ اس نے ابراھیم عادل شاہ کے وکلاء سید کبیر اور بختر خان کے ھاتھ اپنی شبیہ بھیجی اور اس پر اپنے ھاتھ سے یہ رباعی لکھدی :۔۔

اے سوے تو دایم نظر رحمت ما — آسودہ نشیں بسایہ دولت ما
سوئے تو شبیہ خویش کردیم رواں — تا معنی ما بہ بینی ازصورت ما
(توزك ۲۴۴)

سترھویں صدی کے آخری نصف میں دکن کی ریاستیں ایك ایك کر کے سلطنت مغلیہ میں ضم ھوگئیں ۔ لیکن اورنگ زیب کے بعد ھی انتشار کا دور دورہ ھوگیا ۔ اور سیاسی اتحاد اور شیرازہ بندی سے جو فنی فائدے حاصل ھوسکتے تھے وہ نہ حاصل ھوئے ۔

بیجاپور کے علاوہ حیدرآباد اور کڑپے کے نوابوں نے بھی دکنی قلم کی ترقی میں کوشش کی ۔ دکنی قلم کی خصوصیت یہ ھے کہ اسمیں بہ مقابلہ شمالی قلموں کے ایرانی اثر زیادہ نمایاں معلوم ھوتا ھے ۔ ابتدا میں شمال میں بھی ایرانی اثر غالب تھا لیکن آھستہ آھستہ کم ھوتا گیا لیکن دکن میں یہ اثر بدستور قایم رھا ۔ میر نظام علیخان آصفجاہ ثانی کے عہد میں تجلی علی شاہ مشہور مصور گذرے ھیں ۔ موصوف ایك جامع شخصیت کے مالك تھے ۔ خوش نویسی میں خاص طرزوں کے موجد تھے اور مصوری میں بھرۂ کامل رکھتے تھے ۔ تاریخ میں توزك آصفیہ انہیں کی تصنیف ھے ۔ ان کے شاگردوں میں شمس الدین اچھے مصور گذرے ھیں ۔ مصنف گلزار آصفیہ تجلی علی شاہ کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ھیں :—

"شاعر و ناثر و مصور بے بدل کہ تصویر شبیہ حضرت غفران مآب باجواھر کہ از حضور بادشاہ عنایت شدہ بود کشیدہ ، پنج ھزار روپیہ انعام یافت ۔ برابر قد مبارك حضور پر نور کشیدہ بودند" (مصنفۂ غلام حسین ۔ صفحہ ۳۸۳)

اس موقع پر میں عہد مغلیہ کی تصویر کشی کے اصول فن کے متعلق تفصیل سے بحث کرنا غیر ضروری سمجھتا ھوں ۔ اور سچ یہ ھے کہ اسکی جیسی تحقیق ھونی چاھئے اب تك نہیں ھوئی ۔ یہاں چند عام باتوں کی طرف اشارہ کرنا مقصود ھے ۔

عام طور پر دستور یہ تھا کہ ھر وہ شخص جو مصوری کو اپنا پیشہ بناتا تھا ، اسے پہلے کار آموزی کی کٹھن منزل طے کرنی پڑتی تھی ۔ وہ کسی استاد کے ساتھ کام سیکھتا ۔ استاد شروع میں اپنی

بنائی ہوئی تصویروں کی نقل کراتا تھا پھر اسے کہا جاتا تھا کہ اپنی یاد سے بغیر دیکھے ہوئے وہی تصویر بنائے۔ اس طریقے سے کار آموز کو طراحی، رنگ آمیزی اور تصویر کشی کی خوب مشق ہو جاتی تھی لیکن اس سے اسکی ذاتی اپج کو نقصان پہنچتا تھا۔ شاگرد اپنے استاد کی لکیر کا فقیر رہتا اور اپنی الگ راہ کبھی نہ نکال سکتا۔ نہ صرف عام اصولوں میں بلکہ جزویات میں بھی روایات کی پابندی نہایت سختی کے ساتھ کی جاتی تھی۔

اکبر کے عہد میں کاغذ کے عام رواج کی وجہ سے مصوری کو ترقی ہوئی۔ ہندوستان میں ازمنۂ قدیم میں دیواری سطح پر تصاویر بنانے کا دستور تھا۔ دیوار پر جدت طرازی کے مواقع کم ہوا کرتے ہیں اسلئے کہ صناع کو فکر رہتی ہے کہ رنگ آمیزی وغیرہ میں کہیں کوئی سقم نہ رہ جائے۔ اگر ایسا ہوا تو پوری دیواری تصویر خراب جائیگی۔ کاغذ پر جدت طرازی کا پورا موقع ہوتا ہے۔ لیکن فنی روایات جو استاد سے شاگرد کو پہنچا کرتی تھیں ان میں اجتہاد کرنا مروجہ فنی اخلاق کے خلاف سمجھا جاتا تھا۔

مصور کے لئے رنگ آمیزی بھی ایک نہایت اہم کام سمجھا جاتا تھا۔ اگر کوئی مصور رنگ آمیزی میں پکا ہوتا تو اسے کبھی باکمال نہیں خیال کیا جاتا تھا۔ کاشغری سفیدے اور سیسے سے سفید رنگ بنایا جاتا تھا۔ سیاہ رنگ کے لئے عام طور پر کاجل استعمال ہوتا تھا۔ سرخ رنگ بنانے کے لئے جبل پوری لوہے کے اکسائڈ اور گیرو کا استعمال کیا جاتا۔ رنگ سازی میں شنگرف اور لاکہ بھی استعمال ہوتی تھی نیلا رنگ بدخشانی لاجورد، نیلے توتے اور نیل سے بناتے تھے۔ زرد رنگ کے لئے ہرتال، پیوڑی اور ڈھاک کے پھول استعمال کئے جاتے تھے۔ مختلف رنگوں کے میل سے یہ رنگ بنائے جاتے تھے۔

کشمشی، عنابی، موتیائی، زہری، شطری، تیلیا، کیدی، بسنتی، زعفرانی، ہرمزی، جوزی، اگری، نافرمانی، عباسی، کاسنی، فالسائی، ارغوانی، آسمانی، چمپئی، تربوزی، آبی، زمردی، قرمزی، لاکھی اور مونگیا۔

اکبری عہد کے ابتدا میں ایرانی مصوروں کی نقل کمال خیال کیا جاتا تھا۔ اس زمانہ کی تصاویر کے قدرتی پس منظر بالکل وہی ہیں جو ایرانی تصاویر میں نظر آتے ہیں۔ لیکن کچھ دنوں بعد

هندوستانی گرد و پیش کا خیال رکھا جانے لگا اور اس ملک کی کائنات فطرت، درخت، پھول اور پودے پس منظر میں بنائے جانے لگے۔ ایرانی چغے اور عمامے کی جگہ راجپوتی کھڑکی دار پگڑی اور جامے نے لے لی۔ سامان آرائش پر بھی ہندی اثر غالب آ گیا۔ جیسے جیسے اس ملک کے نووارد مسلمان ہندوستانی گرد و پیش سے مطابقت کرتے گئے ویسے ویسے ہندی ریت رسوم کا اثر ان کی زندگی میں داخل ہوتا گیا۔ اکبر کی امتزاجی کوشش کا مقصد ہی یہ تھا کہ اپنے عہد کے ہندوستان کا کامل شہری پیدا کرے اگر وہ مسلمان ہے تو اسکی ہندی شخصیت دیکھنے والوں کو دور سے صاف نظر آئے اور اگر وہ ہندو دھرم کا ماننے والا ہے تو کھڑکی دار ٹوپی کے ساتھ جسو قت وہ مغلی جامہ زیب تن کرے، جیسا کہ اس زمانہ کی تصاویر سے ظاہر ہے، تو معلوم ہو کہ وہ اپنی قومی مملکت کا ایک شہری ہے۔ اس عہد کی تصاویر میں سب کی پوشش ایک سی ہے۔ ہندو مسلمان کی تمیز دشوار ہے۔ اس سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ مجموعی طور پر عہد مغلیہ کی مصوری اس زمانہ کی حیات اجتماعی کی سچی تصویر پیش کرتی ہے اور زندگی کے ان رجحانوں کو صاف صاف بتلاتی ہے جو ہندی قومیت کی تشکیل میں کار فرما تھے۔

عورتوں کو خلع کا حق اسلام میں

از مولانا عبدالقدیر صاحب پروفیسر دینیات کلیہ جامعہ عثمانیہ

[ایک مقدمہ میں یہ استفتاء کیا گیا تھا کہ کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس صورت میں کہ نکاح کی وجہ سے شوہر کے ذمہ زوجہ کے جو حقوق عاید ہوتے ہیں شوہر ان تمام کو یا بعض کو با وجود اقتدار کے دیدہ و دانستہ قصداً بغیر کسی عذر کے ادا نہ کرے اور ایسی حالت میں زوجہ شوہر سے طلاق چاہے۔ لیکن وہ طلاق نہ دے تو آیا اس کے رفع کی شرعاً کوئی تدبیر ہے۔۔

اس کے جواب میں مولانا عبدالقدیر صاحب صدیقی پروفیسر شعبۂ دینیات جامعہ عثمانیہ نے ذیل کا فتوے دیا تھا جسکے بموجب جوڈیشل کمیٹی نے فیصلہ صادر کیا ۔ ایڈیٹر]

هُوَ الْمُصَوِّبُ وَبِهِ نَسْتَعِينُ

(ظلم) ضرور زائل کیا جائیگا۔ ظالم ظلم سے روکا جائیگا۔ مستحق کو اسکا حق دلایا جائیگا۔ لہذا اگر کوئی شوہر اپنی زوجہ سے معاشرت بالمعروف یعنی دنیا کے رسم و رواج خاندان کے عمدہ سلوک سے نہ رہے۔ روحانی۔ جسمانی۔ مالی ضرر پہنچائے۔ مارے پیٹے۔ گالی دے۔ کھانے۔ پینے۔ رہنے۔ سہنے کا انتظام نہ کرے۔ فطری تعلقات قائم نہ رکھے۔ زوجہ کا مال تلف کرے تو قاضی حسب صوابدید زوجہ کے لئے زوج کی ماہوار سے ایک حصہ معین کرسکتا ہے۔ جایداد کو قرق کر کے نفقہ کا انتظام کرسکتا ہے۔ تاوان دلا سکتا ہے خلع کا حکم دے سکتا ہے۔ لعان سے تفریق کرسکتا ہے۔ لعان نہ کرنیکی صورت میں حدِّ قذف مار سکتا ہے۔ قید کر سکتا ہے تعزیر دے سکتا ہے۔ طلاق کا حکم دے سکتا ہے۔ اسلام کے قانون سزائے ظلم و تعزیرات سے ہرگز شوہر مستثنیات عامہ میں شریک نہیں۔ اسلام میں عورت کی شخصیت مرد کے برابر مانی گئی ہے۔ عورت کی جان و مال و آبرو کی اتنی ہی

حفاظت کی جاتی ھے - جتنی مرد کی - مگر اسکے ساتھ ھی خدا نے مرد کو ایک درجہ عطا کیا ھے - اسمیں حاکمانہ شان ھے - انتظام خانہ داری کے متعلق اس کو اپنی عورت کو سزا دینے کا بھی حق ھے - مگر ھمیشہ قصور و سزا میں موازنہ رھتا ھے - سزا قصور سے زاید ھو تو ظلم ھو جاتی ھے - سزا کے بھی حدود ھیں، آستاد شاگرد کو سزا دیتا ھے - آقا خادم کو سزا دیتا ھے - حاکم محکوم کو سزا دیتا ھے - بادشاہ رعیت کو سزا دیتا ھے - اگر اعتدال سے کوئی سزا تجاوز کرے - تو اس سے بالاتر حاکم تدارک کرتا ھے - اگر کوئی شخص اپنی زوجہ پر ظلم کرے - اسے ضرر پہنچائے تو قاضی انصاف کرے گا - ظلم کو روکیگا - یہ کبھی نہ کہے گا کہ میں تمام ظالموں سے مظلوموں کو بچا سکتا ھوں - مگر زوجہ کو شوھر کے ظلم سے نہیں بچا سکتا - چونکہ یہ مسئلہ بہت آھم ھو گیا ھے - اور عورتوں پر مظالم تکلیف مالایطاق کی حد تک پہنچ گئے ھیں - اور علماء کو غلط فہمیاں ھو رھی ھیں - لھذا میں اس مسئلہ پر تھوڑی سی تفصیل سے بحث کرونگا -

قال اللہ تبارك و تعالی - ’’ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ‘‘

اور عورتوں کے لئے بھی حقوق ھیں جو مثل ان ھی حقوق کے ھیں جو ان عورتوں پر ھیں - دستور کے موافق - اور مردوں کا ان کے مقابلے میں کچھ درجہ بڑھا ھوا ھے - اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والا ھے -

الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ -

طلاق دو مرتبہ کی ھے - پھر یا تو رکھ لینا قاعدے کے موافق یا چھوڑ دینا خوش عنوانی کے ساتھ اور تمھارے لئے یہ بات حلال نہیں کہ چھوڑتے وقت کچھ بھی لو - (گو) اس میں سے (سمی) جو تم نے ان کو دیا تھا - مگر یہ کہ میاں بیوی دونوں کو احتمال ھو - کہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو قایم نہ رکھ سکیں گے - سو اگر تم لوگوں کو احتمال ھو کہ وہ دونوں ضوابط خداوندی کو قایم نہ رکھ سکیں گے تو دونوں پر کوئی گناہ نہ ھوگا - اس مال کے لینے دینے میں جس کو دیکر عورت اپنی جان چھڑائے -

تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللّٰهِ فَاُولٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۔

یہ خدائی ضابطے ہیں سو تم ان سے باہر نہ نکلنا اور جو شخص خدائی ضابطوں سے باہر نکل جاوے سو ایسے ہی لوگ اپنا نقصان کرنے والے ہیں

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ اَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ

اور جب تم نے عورتوں کو دو (رجعی) طلاق دیدی ہو ۔ پھر وہ اپنی عدت گذرنے کے قریب پہنچ جاویں تو (یا تو) تم ان کو قاعدے کے موافق نکاح میں روکے رکھو یا قاعدے کے موافق اس کو رہائی دو ۔

وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِتَعْتَدُوا وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ

اور ان کو تکلیف پہنچانے کی غرض سے مت روکو اس ارادے سے کہ ان پر زیادتی کرو ۔ اور جو کوئی ایسا برتاؤ کریگا سو وہ اپنا ہی نقصان کریگا

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۔

اور مائیں اپنے بچوں کو دو سال کامل دودھ پلایا کریں ۔ یہ مدت اس لئے ہے جو کوئی شیر خوارگی کی تکمیل کرنا چاہے اور جس کا بچہ ہے (یعنے باپ) اس کے ذمے ہے ان (ماؤں) کا کھانا اور کپڑا قاعدے کے موافق

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا

کسی شخص کو حکم نہیں دیا گیا مگر اس کی برداشت کے موافق

وَلَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَهُ بِوَلَدِهَا

کسی ماں کو تکلیف نہ پہنچانا چاہئے اس کے بچہ کی وجہ سے اور نہ کسی باپ کو تکلیف دینی چاہئے ۔ اس کے بچہ کی وجہ سے

وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ

ان عورتوں کے ساتھ خوبی کے ساتھ گذران کرو ۔

وَالّٰتِی تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ فَاِنْ اَطَعْنَکُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَیْهِنَّ سَبِیْلًا اِنَّ اللهَ کَانَ عَلِیًّا کَبِیْرًا ـ

اور جو عورتیں ایسی ہوں کہ تم کو ان کی بد دماغی کا احتمال ہو تو ان کو زبانی نصیحت کرو ۔ اور ان کو ان کے لیٹنے کی جگہوں میں تنہا چھوڑ دو ۔ اور ان کو مارو ۔ پھر اگر وہ تمہاری اطاعت کرنا شروع کر دیں تو ان پر بہانہ مت ڈھونڈو ۔ بلاشبہ اللہ بڑی وقعت و عظمت والا ہے ۔

وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَیْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَکَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَکَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ـ

اور اگر تم (اوپر والوں) کو ان دونوں میاں بیوی میں کشاکش کا اندیشہ ہو تو تم لوگ ایک آدمی جو تصفیہ کرنے کی لیاقت رکھتا ہو مرد کے خاندان سے اور ایک آدمی جو تصفیہ کرنے کی لیاقت رکھتا ہو عورت کے خاندان سے بھیجو ـ

اِنْ یُّرِیْدَآ اِصْلَاحًا یُّوَفِّقِ اللهُ بَیْنَهُمَا ـ

اگر ان دونوں آدمیوں کو اصلاح منظور ہو گی تو اللہ تعالیٰ ان میاں بیوی میں اتفاق عطا فرمائیگا ۔

اَسْکِنُوْهُنَّ مِنْ حَیْثُ سَکَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِکُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَیِّقُوْا عَلَیْهِنَّ ـ

ان (مطلقہ) عورتوں کو اپنی وسعت کے موافق رکھو ۔ جہاں تم رہتے ہو ۔ اور ان کو تنگ کرنے کے لئے (اس کے بارے میں) تکلیفیں نہ پہنچاؤ ـ

لِیُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ وَمَنْ قُدِرَ عَلَیْهِ رِزْقُهٗ فَلْیُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللهُ ـ

وسعت والوں کو اپنے وسعت کے موافق خرچ کرنا چاہئے ۔ اور جس کو آمد نہ ہو اس کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے جتنا دیا ہے ۔ اس میں سے خرچ کرے ۔

لَا یُکَلِّفُ اللهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ـ

خدا تعالیٰ کسی شخص کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جتنا اس کو دیا ہے ـ

سیجعل اللہ بعد عسر یسرا — خدا یتعالی تنگی کے بعد فراغت بھی دے گا

وَلَنْ تَسْتَطِیْعُوا اَنْ تَعْدِلُوا بَیْنَ النِّسَاءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِیْلُوا کُلَّ الْمَیْلِ فَتَذَرُوْهَا کَالْمُعَلَّقَةِ —

اور تم سے تو یہ کبھی نہ ہو سکے گا کہ سب بی بیوں میں برابری رکھو ۔ گو تمہارا کتنا ھی جی چاھئے تو تم بالکل ایك طرف ھی نہ ڈھل جاؤ جس سے اس کو ایسا کردو ۔ جیسے کوئی ادھر میں لٹکتی ہو —

سب سے پہلی آیت وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ وَلِلرِّجَالِ عَلَیْهِنَّ دَرَجَةٌ پر غور کیا جاے کہ اس سے تو زن و مرد کے باھمی حقوق مساوی ثابت ہوتے ھیں ۔ اور اسکے عموم سے صرف وھی امور مستثنے ہو سکتے ھیں جو مثل آیت کے دلیل قطعی سے ثابت ہوں ۔ ہم کو ہرگز حق نہیں ھے کہ اس حکم الہی کو کسی امر خاص کے ساتھ خاص کریں یا کسی امر کو اس سے مستثنے کریں ۔ اب رہا لِلرِّجَالِ عَلَیْهِنَّ دَرَجَةٌ سے مراد نفقه اور سکنے ھے کہ اس سے مرد کی فضیلت عورت پر ظاھر ہوتی ھے اور مرد میں حاکمانہ شان رہتی ھے خود اللہ تعالی فرماتا ھے اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَی النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ بِمَا اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ مرد حاکم ھیں عورتوں پر ۔ اس سبب سے کہ اللہ تعالی نے بعضوں کو بعضوں پر فضیلت دی ھے ۔ اور اس سبب سے کہ مردوں نے اپنے مال خرچ کئے ھیں ۔ بعض لوگ کہتے ھیں کہ قوامون اور درجہ میں مارپیٹ بھی شریك ھے ۔ چنانچہ اسی آیت کے قریب سے وَالّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ اور جو عورتیں ایسی ہوں کہ تم ان کے چڑچڑے پن سے ڈرتے ہو تو ان کو نصیحت کرو ۔ اور ان کو ان کے لیٹنے کی جگوں میں تنہا چھوڑ دو اور ان کو مارو ۔ ہم کہتے ھیں اس آیت کے ساتھ آیت ذیل کو ملا لو ۔ لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۔ کسی شخص کو تکلیف نہیں دیجاتی مگر اسکے برداشت کے موافق ۔ اور اس آیت کو بھی ملا لو ۔ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ اور ان عورتوں کے ساتھ خوبی کے ساتھ گذران کرو ۔ اور اس آیت کو بھی ملا لو ۔ وَلَا تُمْسِکُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۔ اور ان کو تکلیف پہنچانیکی غرض سے مت روکو ۔ نہ اس ارادے سے ان پر زیادتی کرو ۔ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ اور جو کوئی ایسا برتاؤ کریگا ۔ سو وہ اپنا نقصان کریگا ۔ نیز اَمْسِکُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۔ ان کو دستور کے موافق نکاح میں روك رکھو ۔ یا دستور کے موافق ان کو رہائی دو ۔ نیز فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِیْحٌ بِاِحْسَانٍ

پهر خواہ رکھہ لینا قاعدہ کے موافق ۔ خواہ چھوڑ دینا خوش عنوانی کے ساتہ ۔ ان تمام آیتوں کے ملاحظہ سے معلوم ہوتا ھے کہ یہ حاکمانہ شان ظالمانہ برتاو تک نہیں پہنچتی ۔ بلکہ معروف سے مقید ھے اور اصرار و اعتدا صریحاً ممنوع ھے ۔ بیوی کی بدمزاجی کی صورت میں اس کو شوہر سزا دے سکتا ھے ۔ مگر اتنی ھی جتنی دنیا کا دستور ھے ضرر رسانی اور تعدی کسی طرح جایز نہیں ۔ میں نے پہلے بیان کردیا ھے کہ آقا خادم کو استاد شاگرد کو ماں باپ اولاد کو سزا دیتے ھیں ۔ مگر اسکی بہی ایک حد ھے ۔ جب حد سے تجاوز کیا جایگا تو ظلم ہو جایگا تادیب باقی نہیں رہیگی ۔ اگر قاضی دیکھے گا کہ عورت پر شوہر ظلم کررہا ھے تو ظلم کو روکیگا ۔ ظالم شوہر کو سزا دیگا ۔ وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا پر عمل کرے گا ذرا کوئی غور کرے شوہر حاکم ہونے کی وجہ سے عورت پر ظلم کرسکتا ھے تو کیا سلطان و قاضی حاکم علی الاطلاق ہونے کے با وجود اس ظالم کو ظلم سے نہیں روک سکتے ۔ قران مجید اور حدیث اور فقہ کی کس کتاب میں لکہا ھے کہ اس جزئی حکومت کی وجہ سے شوہر تعزیرات الٰہیہ کے مستثنیات عامہ میں داخل ہوگیا ھے ۔ آج کل کے علماء کی ان غلط فہمیوں نے دیگر مذاہب کے سامنے اسلام کو بد نام کر دیا ھے کہ عورتوں پر اسلام میں ہر طرح کا ظلم جایز ھے اور ان کا درجہ نہایت ادنی سمجھا گیا ھے بعض کہتے ھیں کہ فَامْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ وَتَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ متفرع ھے اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ پر نیز وَاَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ اَوْسَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ بہی فَاِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ پر متفرع ھے ۔ پس اِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ کے معنے رجعت کے ھیں نہ کہ حسن سلوک کے ھم کہتے ھیں اِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ کے معنی دستور کے موافق زوجیت رکھنے کے ھیں اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ پر مرتب ہونے کی وجہ سے رجعت کے معنے مراد لئے گئے ھیں ۔ شرط خاص اور جزا عام ۔ مورد خاص اور حکم عام ہوتا ھے پس اِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ اَوْتَسْرِيحٌ بِاِحْسَانٍ زوجہ معتدہ اور زوجہ غیر معتدہ دونوں کے لئے عام حکم ھے ۔ اس کے ہرگز یہ معنی نہیں ھیں کہ صرف معتدہ کو اِمْسَاكٌ بِالْمَعْرُوفِ کرو ۔ اور زوجہ غیر معتدہ کو اِمْسَاكٌ بِالظُّلْمِ وَالتَّعَدِّي کرو ۔ صاحب ھدایہ اور دوسرے فقہا بہی حکم اِمْسَاكٌ بِالْمَعْرُوفِ کو معتدہ کے ساتہ خاص نہیں سمجھتے ۔ بلکہ زوجہ غیر معتدہ کا بہی یہی حکم سمجھتے ھیں چنانچہ صاحب ھدایہ باب اللعان میں لکھتے ھیں ۔ وَاِذَا الْتَعَنَا لَا تَقَعُ الْفُرْقَةُ حَتّٰى يُفَرِّقَ الْقَاضِي بَيْنَهُمَا ۔ اور جب زن و شوہر لعان کرلیں تو فرقت نہ ہوگی جب تک کہ قاضی ان دونوں میں تفریق نہ کردے وَلَنَا اَنَّ ثُبُوتَ

الحُرمَۃ یُفَوِّت اَلْاِمْسَاكَ بِالْمَعرُوف فَیَلْزَمُہُ التَّسرِیْحُ بِاِحْسَانٍ فَاِذَا اِمْتَنَعَ نَابَ الْقَاضِیُ مَنَابَہ دَفْعًا لِلظُّلْمِ ۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ ثبوت حرمت اِمْسَاكَ بِالْمَعْرُوْفِ کو فوت کر دیتا ہے لھذا اس کو لازم ہے تَسْرِیْحُ بِاِحْسَانٍ اور جب شوہر تَسْرِیْحُ بِاِحْسَان سے انکار کرے تو قاضی اس کا قایم مقام ہوجا ئیگا ۔ دفع ظلم کے لئے نیز صاحب ھدایہ باب العنین میں لکھتے ہیں وَاِذَا کَانَ الزَّوْجُ عِنِّیْنًا اَجَّلَہُ الْحَاکِمُ سَنَۃً فَاِنْ وَصَلَ فِیْھَا وَاِلَّا فَرَّقَ بَیْنَھُمَا اِذَا طَلَبَتِ الْمَرْاَۃُ ذٰلِكَ اور جب شوہر عنین ہو تو حاکم اس کو سال بھر کی مدت دے گا ۔ اگر قادر ہو تو فبہا ورنہ ان میں قاضی تفریق کر دیگا جبکہ زوجہ تفریق طلب کرے فَاِذَا مَضَتِ الْمُدَّۃُ وَلَمْ یَصِلْ اِلَیْھَا تَبَیَّنَ اَنَّ الْعَجْزَ بِاٰفَۃٍ اَصْلِیَّۃٍ

فَفَاتَ الْاِمْسَاكُ بِالْمَعْرُوْفِ وَوَجَبَ التَّسْرِیْحُ بِالْاِحْسَانِ فَاِذَا اِمْتَنَعَ نَابَ الْقَاضِیُ مَنَابَہُ فَفَرَّقَ بَیْنَھُمَا وَلَابُدَّ مِنْ طَلَبِھَا لِاَنَّ التَّفْرِیْقَ حَقُّھَا ۔ پس مدت گذر جائے اور اس عورت پر قادر نہ ہو تو معلوم ہوا کہ شوہر کا عجز آفت اصلی کی وجہ سے ہے تو اِمْسَاكُ بِالْمَعْرُوْفِ فوت ہو گیا ۔ پھر تَسْرِیْحُ بِاِحْسَان واجب ہو گی ۔ اور جب شوہر تسریح باحسان یعنے طلاق نہ دے تو قاضی اس کا قایم مقام ہو جائے ئیگا ۔ اور ان دونوں میں تفریق کر دیگا ۔ مگر اس عورت کا طلب فرقت کرنا ضرور ہے کیونکہ تفریق اس کا حق ہے ان تمام روایات سے ظاہر ہے کہ زوجہ غیر معتدہ کا بھی حق اِمْسَاكُ بِالْمَعْرُوْفِ اَوْ تَسْرِیْحُ باحسان ہے اگر زوجہ کو شوہر اِمْسَاكُ بِالْمَعْرُوْفِ اَوْ تَسْرِیْحُ بِاِحْسَان نہ کرے تو قاضی کیا کرے گا ۔ (مادہ ۲۰ مجلہ الاحکام) اَلضَّرَرُ یُزَالُ پر عمل کرے گا ۔ کس طرح ظالم کو سزا دیکر تعزیر سے عورت کی بھی زیادتی ہے تو خلع سے شوہر کا سراسر ظلم ہے ۔ اور عمدہ سلوك کی امید نہیں تو ۔ حکم طلاق سے نہ مانے تو قاضی اس کا قایم بمقام ہو کر خود طلاق دیگا ۔ سب سے پہلے قاضی کی تعریف اور اس کی قوت اور اس کے حدود عمل پر غور کیجئے ۔ کیا اس کی شان صرف یہ ہے کہ حضرت واعظ بنکر صرف وعظ فرما دے خواہ کوئی مانے نہ مانے یا اس کا کام رفع خصومت و فیصلہ نزاعات ہے مجلہ الاحکام (مادہ ۱۷۸۵) میں ہے ۔ اَلْحَاکِمُ ھُوَ الذَّاتُ الَّذِیْ یُعَیَّنُ وَیُنْصَبُ مِنْ قِبَلِ السُّلْطَانِ لِاَجْلِ فَصْلِ وَحَسْمِ الدَّعَاوِیْ وَ الْمُخَاصَمَاتِ الْوَاقِعَۃِ بَیْنَ النَّاسِ تَوْفِیْقًا لِاَحْکَامِھَا الْمَشْرُوْعَۃِ ۔ حاکم وہ شخص ہے جو سلطان کی طرف سے معین و قایم کیا جائے ۔ کہ وہ مخاصمات و دعاوی جو لوگوں میں واقع ہوتے ہیں ۔ انکا فیصلہ اور قطع واستیصال کرے ۔ احکام

مشروعہ کی توفیق کے لئے مجلہ الاحکام (مادہ ۱۷۸۶) میں ہے۔ اَلْحُکْمُ هُوَ عِبَارَةٌ عَنْ قَطْعِ الْحَاكِمِ الْمُخَاصَمَةَ وَحَسْمِهِ اِيَّاهَا حکم سے مراد حاکم کا مخاصمات و نزاعات کا قطع و استیصال کر دینا ہے۔ صاحب ھدایہ کتاب التعزیز میں لکھتے ھیں وَكَذَا (اي يعزر) اِذَا قَذَفَ مُسْلِمًا بِغَيْرِ الزِّنَا فَقَالَ يَا فَاسِقُ اَوْ يَا كَافِرُ اَوْ يَا خَبِيْثُ اَوْ سَارِقُ اور اسی طرح تعزیر دی جائیگی۔ اگر کسی مسلمان کو زنا کے سوائے کوئی اور گالی دے پس کہے او فاسق او کافر او خبیث او چور وَلَو رَاى الْاِمَامُ اَنْ يَضُمَّ اِلَى الضَّرْبِ فِي التَّعْزِيْرِ الْحَبْسَ فَعَلَ اگر امام مناسب سمجھے کہ تعزیر میں ضرب کے ساتھ جو سلوک بھی کرے تو کر سکتا ھے وَمَنْ حَدَّهُ الْاِمَامُ اَوْ عَزَّرَهُ فَمَاتَ فَدَمُهُ هَدَرٌ۔ اگر امام حد مارے یا تعزیر دے اور مرجائے تو اس کا خون ھدر اور بے قصاص و دیت ہے۔

قیس بن ثابت کی بیوی کو جب کہ وہ خلع چاھتی تھیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَتَرُدِّيْنَ عَلَيْهِ حَدِيْقَتَهُ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِقْبَلِ الْحَدِيْقَةَ وَطَلِّقْهَا تَطْلِيْقَةً۔ کیا تم ان (قیس) کا باغ ان کو واپس کر دو گی انہوں نے کہا جی ھاں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (قیس سے) فرمایا باغ قبول کر لو۔ انہیں طلاق دیدو اس سے صاف ظاھر ہے کہ حضرت نے طلاق کا حکم دیا۔ اسی طرح قاضی اگر مناسب سمجھے گا تو شوھر کو خلع کرنے اور مہر کے عوض طلاق دینے کا حکم کرے گا۔ اور اس کی تعمیل کروایگا۔ بدایۃ المجتہد میں قاضی ابو الولید بن رشد لکھتے ھیں وَاَمَّا مَا يَرْجِعُ اِلَى الْحَالِ الَّتِي يَجُوْزُ فِيْهَا الْخُلْعُ مِنَ الَّتِي لَا يَجُوْزُ فَاِنَّ الْجُمْهُوْرَ عَلَى اَنَّ الْخُلْعَ جَائِزٌ مَعَ التَّرَاضِي اِذَا لَمْ يَكُنْ سَبَبُ رِضَاهَا بِمَا تُعْطِيْهِ اِضْرَارَهُ بِهَا۔ اور لیکن وہ حال جس کے لحاظ کرتے خلع جائز ھے ناجائز جمہور اس امر پر ہے کہ براضی طرفین ھو تو خلع جائز ھے اگر عورت کی رضا مندی کا سبب مال دینے میں شوھر کو ضرر رسانی نہ ھو وَالْاَصْلُ فِي ذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا وَقَوْلُهُ تَعَالٰى فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ وَالْفِقْهُ اَنَّ الْفِدَاءَ اِنَّمَا جُعِلَ لِلْمَرْاَةِ فِي مُقَابَلَةِ مَا بِيَدِ الرَّجُلِ مِنَ الطَّلَاقِ فَاِنَّهُ لَمَّا جُعِلَ الطَّلَاقُ بِيَدِ الرَّجُلِ اِذَا فَرِكَ الْمَرْاَةَ جُعِلَ الْخُلْعُ اِذَا فَرِكَتِ الرَّجُلَ جلد دوم ص ٦٤ ھدایہ المجتہد۔

اس مسئلے میں اصل قولہ تعالٰی ہے اور ان کو نہ روکو کہ لیجاؤ اس مال

میں سے بعض کو جس کو تم نے دیا تھا اور قولہ تعالیٰ اگر تم کو خوف ہو کہ یہ زن و شوہر خدا کے ضابطوں کو برقرار نہ رکھیں گے تو دونوں کو گناہ نہیں اس مال میں جس کو دیکر عورت اپنی جان چھڑالے۔ اس میں راز و حکمت یہ ہے کہ خلع کا حق عورت کو ہے۔ بمقابل اس طلاق کے جو مرد کے ہاتھ میں ہے کیونکہ جب طلاق مرد کے ہاتھ میں کی گئی ہے۔ جب کہ وہ عورت سے بے زار ہو تو خلع بھی عورت کے ہاتھ میں کیا گیا ہے جب وہ شوہر سے بے زار ہو۔ اگر شوہر نے عورت کو خلع کرنے پر مجبور کیا تو طلاق تو ہو جائیگی۔ مگر مال واجب نہ ہوگا۔ کیونکہ عورت کی رضا شرط ہے لزوم مال بدل خلع اور سقوط مہر میں۔ پھر اگر قاضی کو معلوم ہو جائے کہ شوہر اَمساکٌ بِالْمَعْرُوْف نہیں کرتا تو طلاق کا حکم دیگا۔ نہ ماننے کی صورت میں شوہر کا قائم مقام ہو کر خود طلاق دے گا۔ ملاحظہ ہو مبسوط جلد (۵۵) صفحہ ۹۷ لِلْقَاضِیْ وِلَایَۃُ اِزَالَۃِ الظُّلْمِ بِالطَّلَاقِ قاضی کو بذریعہ طلاق ظلم دور کرنے کا اقتدار ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ بالطلاق کے معنے طلاق کا حکم دینا ہے نہ کہ خود کا طلاق دینا۔ لہذا اس سے صاف عبارت ملاحظہ ہو بدایع جلد سوم صفحہ ۲۳ میں ہے لِاَنَّ اللّٰہَ اَوْجَبَ عَلٰی الزَّوْجِ الْاِمْسَاکَ بِالْمَعْرُوْفِ اَوِالتَّسْرِیْحَ بِالْاِحْسَانِ فَقَوْلُہٗ تَعَالٰی عَزَّ وَجَلَّ فَاِمْسَاکٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْتَسْرِیْحٌ بِاِحْسَانٍ وَمَعْلُوْمٌ اَنَّ اِسْتِبْقَاءَ النِّکَاحِ عَلَیْھَا مَعَ کَوْنِھَا مَحْرُوْمَۃَ الْحَقِّ لَیْسَ مِنَ الْاِمْسَاکِ بِالْمَعْرُوْفِ فَتَعَیَّنَ عَلَیْہِ التَّسْرِیْحُ بِالْاِحْسَانِ فَاِنْ سَرَّحَ بِنَفْسِہٖ وَاِلَّا نَابَ الْقَاضِیْ مَنَابَہٗ فِی التَّسْرِیْحِ کیونکہ خدا یتعالیٰ نے زوج پر امساک بالمعروف وتسریح بالاحسان واجب فرمایا ہے بقولہ تعالیٰ عز و جل فامساک بمعروف۔ او تسریح باحسان اور ظاہر ہے کہ نکاح کا باقی رکھنا زوجہ پر باوجود زوجہ کے اپنے حصہ حقوق سے محروم رہنے کے ہرگز امساک بمعروف نہیں تو تسریح باحسان متعین ہوا اگر وہ خود تسریح کردے تو بہتر ورنہ تسریح میں قاضی اس کا نائب مناب ہوجائے گا۔ درالمختار میں شامی اور درمختار کے اس قول وَاِلَّا بَانَتْ بِالتَّفْرِیْقِ مِنَ الْقَاضِیْ اِنْ اَبٰی کی شرح میں لکھتے ہیں لِاَنَّہٗ وَجَبَ التَّسْرِیْحُ بِالْاِحْسَانِ حِیْنَ عَجَزَ عَنِ الْاِمْسَاکِ بِالْمَعْرُوْفِ فَاِذَا امْتَنَعَ کَانَ ظَالِمًا فَنَابَ عَنْہُ وَاُضِیْفَ فِعْلُہٗ اِلَیْہِ کیونکہ تسریح باحسان واجب ہے۔ جب امساک بمعروف سے شوہر عاجز ہو۔ اور شوہر

تسریح نہ کرے یعنے طلاق نہ دے تو وہ ظالم ہوگا۔ پس رفع ظلم کے لئے قاضی اس کا نائب ہوجائیگا۔
اور قاضی کا فعل یعنے طلاق دینا اس ظالم شوہر کے طرف مضاف ہوگا اس سے پہلے ہم نے باب العنین
میں ہدایہ کی عبارت نقل کی ہے فَاِذَا امْتَنَعَ نَابَ الْقَاضِی مَنَابَهٗ فَفَرَّقَ بَیْنَهُمَا بعض لوگ کہتے ہیں کہ
ظلم صرف تمام عمر میں ایک دفعہ عورت سے جماع نہ کرنا ہے اور صرف عنین کے مسئلہ میں قاضی
شوہر کا قائم مقام ہوکر طلاق دے سکتا ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ کتب مذکورالصدر کی عبارتوں
سے حکم مذکور کا عنین کے ساتھ خاص ہونا ہرگز ثابت نہیں ہوتا ہے کیونکہ ماخذحکم قولہ تعالیٰ اِمْسَاكٌ
بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِیْحٌ بِاِحْسَانٍ ہے۔ جو بالکل عام ہے اور ہرگز عنین کے ساتھ خاص نہیں۔ بلکہ
مطلقات و معتدات پر بھی صادق آتا ہے۔ نیز ہم نے اس سے کچھ قبل ہدایہ کی عبارت باب اللعان
میں سے نقل کی تھی۔ وَلَمَّا اَنَّ ثُبُوْتَ الْحُرْمَةِ یُفَوِّتُ الْاِمْسَاكَ بِالْمَعْرُوْفِ فَیَلْزَمُهُ التَّسْرِیْحُ بِالْاِحْسَانِ فَاِذَا
امْتَنَعَ نَابَ الْقَاضِیْ مَنَابَهٗ دَفْعًا لِلظُّلْمِ یہ باب تو لعان کا ہے۔ یہاں بھی قاضی امتناع کی صورت میں اس
کا قائم مقام ہوکر عورت کو طلاق دیگا۔ اور عورت گالی دینی بھی ظلم میں داخل ہوگی۔ بعض لوگ
کہتے ہیں کہ قاضی کو ایسا چارہ کار نکالنا چاہیئے کہ مرد پر ظلم نہ ہو عورت کا اس سے جدا کردیا جانا۔
اس پر ظلم ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ شوہر نے خود اپنے آپ پر ظلم کیا ہے۔ نہ عورت سے بدسلوکی
کرتا اور حدوداللہ سے تجاوز کرتا۔ نہ اس سے جدا ہوتی۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کے حق میں فرماتا ہے
وَمَنْ یَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ اور مجلتہ الاحکام العدلیتہ کے کلمات ذیل ملاحظہ کئے
جائیں کہ عورت کو ضرر شدید ہونے کی صورت میں اس کا لحاظ کرنا ضروری ہوجاتا ہے المادۃ ۱۶
لَاضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ نہ ضرر اٹھانا نہ ضرر دینا المادہ (۲۷) اَلضَّرَرُ الْاَشَدُّ یُزَالُ بِالضَّرَرِ الْاَخَفِّ۔
خفیف تر ضرر سے شدید تر ضرر دور کیا جائیگا۔ (المادہ ۲۸) اِذَا تَعَارَضَ مَفْسَدَتَانِ رُوْعِیَ اَعْظَمُهُمَا
ضَرَرًا بِارْتِکَابِ اَخَفِّهِمَا جب دو مفسدوں میں تعارض ہو تو عظیم تر ضرر کی رعایت کیجائیگی اور
خفیف تر ضرر کا ارتکاب کیا جائیگا (المادہ ۲۶) یختار اھون الشرین۔ دو شروں میں سے خفیف تر
اختیار کیا جائیگا۔

اب میں ان تمام مظالم پر گونہ تفصیل سے بحث کرونگا۔ جو عموماً عورتوں پر مرد توڑتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اس کا حکم اور اس سے نجات کی صورت کیا ہے بیان کرونگا۔ سب سے پہلے عورت کو دلی تکلیف پہنچانے والی شیئی۔ گالی اور زنا کی تہمت ہے اگر شوہر ناحق ناروا کسی سے منسوب کرے تو قاضی اثبات زنا کا حکم دیگا۔ عدم اثبات کی صورت میں لعان کا حکم دیگا۔ عدم تعمیل کی صورت میں قاضی شوہر کا قائم بمقام ہوکر خود طلاق دیگا۔ اگر مرد لعان نہ کرے تو حد قذف یعنے (۸۰) کوڑے مارے گا ھندوستان میں اگر حد قذف نہیں ماری جاسکتی تو دعوی ازالہ حیثیت عرفی کا دروازہ کب بند ہوا ہے۔

فَمَن قَذَفَ زَوْجَهُ وَصَلحا لِاَدَاءِ الشَّهَادَةِ اَوْ نَفِي نَسَبَ الْوَلَدِ وَطَالِبَتْهُ بِهِ لَاعَنَ فَاِنْ اَبِي حبس حَتّٰى يلاعن اَوْ يكذب نَفْسَهُ فيحد فَاِنْ لاعن لاعنت وَ لَا حبست فيندفع بِهِ اللعان وَلَا تحد ردالمختار جلد دوم صفحہ ۲۳۶ ۔

جس شوہر نے اپنی زوجہ کو تہمت لگائی اور دونوں قابل ادائی شہادت ہوں۔ یا بچے کے نسب کو اپنے طرف لگانے سے انکار کرے اور عورت نسب کا مطالبہ کرے تو شوہر کو لعان کرنا پڑے گا۔ اگر لعان سے انکار کرے تو حبس کیا جائیگا اس وقت تک کہ لعان کرے یا اپنی تکذیب کرے۔ اگر اپنی تکذیب کرے تو اس کو حد قذف ماری جائیگی۔ اگر شوہر لعان کرے تو عورت کو لعان کرنا پڑے گا۔ اگر عورت لعان نہ کرے تو حبس کیجائیگی۔ اس سے لعان دفع ہوجائیگا۔ اور عورت کو حد زنا نہ ماری جائیگی۔

منجملہ عورت کو تکلیف دینے والے امور شوہر کا متقی نہ ہونا ہے۔

(دیانہ) اَیْ تَقْوٰی فَلَیْسَ فَاسِقٌ كُفُوءً لِصَالِحَةٍ اَوْ فَاسِقَةٍ بِنْتُ صَالِحٍ مُعْلِنًا كَانَ اَوْ لَا عَلَى الظَّاهِرِ فَهُوَ۔ ردالمختار جلد دوم صفحہ ۳۲۷ ۔

کفاءلت میں دیانت یعنے تقوی بھی شرط ہے۔ لهذا فاسق صالحہ یا صالح کی بیٹی کا گو وہ فاسقہ ہی ہو۔ کفو نہیں ہوسکتا۔ خواہ فاسق معلن ہو یا نہ ہو۔ بحسب ظاہر روایت ذکر شیخ

الاسلام اَنَّ الفاسق لا یکون کفوا للعدل عند ابی حنیفہ وعن ابی یوسف ومحمد اِنَّ الذی یسکر ان کان یسر ذلک ولا یخرج سکر ان کان کفوا الا مرأۃ صالحۃ من اھل البیوتات وان کان یعلن ذلک فلا۔ قیل وعلیہ الفتوٰی۔ ردالمختار جلد صفحہ ۳۴۸۔

شیخ الاسلام نے لکھا ہے امام ابوحنیفہ کے پاس فاسق عدل کا کفو نہیں ہو سکتا اور ابویوسف اور محمد کے پاس یہ ہے کہ جو شراب پیا کرتا ہے اور اسکو چھپاتا ہے اور پیا ہوا باہر نہیں نکلتا تو صالح عورت کا جو عالی خاندان ہو کفو ہو سکتا ہے اگر بالاعلان شراب خواری کرتا ہے تو صالح عورت کا کفو نہیں بعض نے کہا کہ اسی پر فتوٰی ہے اِنَّ الکفاءۃ فی النکاح تکون فی ست لھا بیت بدیع قد ضبط نسب واسلام کذلک حرفۃ حریۃ ودیانۃ مال فقط۔ ردالمختار جلد دوم ص ۳۴۵ منجملہ ان امور کے جو عورت کو تکلیف دیتے ہیں۔ عدم جماع ہے۔ اللہ تعالٰی فرماتا ہے۔ ولا تذروھا کالمعلقۃ اور عورت کو بیچ میں ادھر نہ چھوڑو۔ اللہ تعالٰی فرماتا ہے۔ اَلَّذِیْنَ یُؤْلُوْنَ مِنْ نِسَآئِہِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَۃِ اَشْہُرٍ فَاِنْ فَآءُوْا فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ۔ سورہ بقر رکوع (۸) جو قسم کھا بیٹھتے ہیں اپنی بیویوں (کے پاس جانے) سے ان کے لئے چار مہینے تک کی مہلت ہے۔ سو اگر یہ لوگ (قسم توڑ کر عورت کی طرف) رجوع کرلیں تب تو اللہ تعالٰی غفور رحیم ہے اور بالکل چھوڑنے کا پختہ ارادہ کرلیں تو اللہ سنتا جانتا ہے اور اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کے پاس کم سے کم چار مہینے کو ایک دفعہ ضرور جانا چاہئے۔ اگر چار مہینے یا اس سے زیادہ مدت تک اپنی بیوی کے پاس نہ جانے کی قسم کھا بیٹھے اور چار ماہ کے اندر رجوع نہ کرے۔ تو خود بخود مطلقہ ہو گئی۔ اس امر کی تائید کہ کم سے کم چار ماہ میں ایک دفعہ ضرور اپنی زوجہ کے پاس جانا چاہئے ایک واقعہ سے ہوتی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک رات گشت کے لئے نکلے ایک گھر میں ایک عورت یہ شعر پڑھ رہی تھی۔

ولولا حذار اللہ تخشٰی عواقبہ　　لزحزح من ھذا السریر جوانبہ

اگر خدا کا خوف نہ ہوتا جسکے سزاوں کا خوف ہوتا ہے۔ تو اس پلنگ کے کنارے

ھلادئے جاتے یہ سنکر عمر رضی اللہ عنہ نے زنجیر کھڑکھڑائی عورت باھر نکلی۔عمر۔تمھارے خاوند کہاں ھیں۔عورت جنگ پر بھیجے گئے ھیں۔عمر تم صبر کرو تمہارے شوھر کو فوراً بلاتا ھوں۔اپنی صاحبزادی ام المومنین حفصہ سے فرمایا۔بیٹا شرع میں شرم نہیں۔میں تم سے ایک شرعی مسئلہ پوچھنے آیا ھوں۔عورت کب تک بغیر مرد کے بلا تکلیف بسر کرسکتی ھے۔ام المومنین نے انگلیوں سے چار کا اشارہ کیا حضرت عمر نے فرمان جاری کردیا کہ ھر چار مہینے کو سپاھیوں کا تبادلہ کیا جائے۔بعض لوگ کہتے ھیں۔کہ تمام عمر میں مرد کو عورت سے صرف ایک دفعہ ملنا ضرور ھے۔جو عورت اس لذت سے واقف ھوجائے تو پھر اسکے پاس جانا ضرور نہیں نہ ایسے مطالبہ کا عورت کو حق ھے۔ھاں اگر عورت مرد کے پاس آنے سے انکار کرے تو یہ نشوز ھے۔شوھر اسکو ممکن سزا دے سکتا۔مار سکتا ھے میری عرض ھے ذرا ردالمحتار کی عبارت ملاحظہ ھو وفی البدائع لھا ان تطالبہا بالوطی لان حلہ لھا حقہا کما ان حلہا لہ حقہ اذا طالبتہ یجب علیہ و یجبر علیہ فی الحکم مرۃ فالزیادۃ تجب دیانۃ لا فی الحکم عند بعض اصحابنا وعند بعضہم تجب علیہ فی الحکم ردالمحتار جلد دوم صفحہ ۴۳۲ بدایع میں لکھا ھے عورت کو حق ھے کہ مرد سے مطالبہ وطی کرے کیونکہ مرد کا اسکے لئے حلال ھونا اسکا حق ھے جیسا کہ عورت کا مرد کے لئے حلال ھونا مرد کا حق ھے۔جب عورت مطالبہ کرے تو حکم میں ایک دفعہ مجبور کیاجاتا ھے اور ایک دفعہ سے زیادہ دیانتاً واجب ھے۔مگر حکم میں واجب نہیں۔یہ ھمارے بعض اصحاب کے پاس ھے۔اور دیگر بعض اصحاب کے پاس حکم میں ھی زیادت واجب ھے۔ھماری رائے میں قول ثانی یعنے ((تجب علیہ فی الحکم)) مفتی بہ ھونیکے قابل ھے۔کوئی غور کرے کیا امیرزادیوں کے گھر میں کھانا کپڑا میسر نہ تھا پھر صرف ایک دفعہ کے لئے عمر بھر کی باندی وہ کیوں ھو۔ایک دفعہ حضرت عمر کے خدمت میں ایک بیوی آئیں۔عرض کیاکہ میرے شوھر صایم الدھر

اور قایم اللیل هیں حضرت عمرؓ نے فرمایا تم نے اپنے شوهر کی اچهی تعریف کی ۔ زید بن ثابت نے عرض کیا یه اپنے خاوند کی شکایت کرتی هیں حضرت عمرؓ نے فرمایا که شکایت سمجه گئے هو تو فیصله بهی کر دو ۔ زیدبن ثابت نے اس بیوی سے کها اگر تمهارے خاوند چار بیویاں رکهتے تو تمهاری باری کتنے دن کو آتی ۔ چار دن کو ۔ خاوند کو بلایا اور چار دن میں ایك دفعه اپنی بیوی کے پاس رهنے کا حکم دیا یه هے انسان کی فطرت اور اسکے جذبات کا ادراك کرنا ۔ اگر حضرات علماء احناف قول تجب علیه فی الحکم پر فتوی نهیں دے سکتے تو عورت جوان هونے اور حرام میں گرفتار هونے کے اندیشه سے حنبلی مذهب کے قاضی کے پاس ایسی عورت کا مقدمه بهیجنا چاهئے ۔ اور بعد فیصله وه حکم نافذ کر دیا جائے ۔ جیسا که یه اصول هی احناف کا هے ۔ حنبلی مذهب کی کتاب نیل المآرب جلد دوم صفحه ۷۰ میں هے ،، (و) یلزمه (اَنْ یطأها فی کل ثلث سنه مرة ان قدر) ای فی کل اربعه اشهر ان لم یکن عذر لانه لو لم یکن واجبا لم یصر بالیمین علی ترکه واجبا کسائر ما لا یجب ولان النکاح شرع لمصلحة الزوجین و دفع الضرر عنهما (فان ابی الوطی بعد انقضاء الاربعه اشهرا والبیتوته فی الیوم المقرر حتی مضت الاربعه اشهر بلا عذر لاحدهما فرق الحاکم بینهما ان طلبت ذالك ،، اور شوهر پر لازم هے که هر ثلث سال کو (کم سے کم) ایك دفعه وطی کرے ۔ اگر اس سے هوسکے یعنے هر چار مهینے کو اگر عذر نه هو کیون که اگر وطی واجب نه تهی تو اس کے ترك کرنے پر قسم کهانے سے بهی واجب نه هوتی ۔ جیسے اور تمام غیر واجب امور کا قاعده هے ۔ اور اس لئے بهی که نکاح شروع هوا هے ۔ زوجین کی مصلحت اور دفع ضرر کے لئے ۔ پس اگر وطی سے انکار کرے ۔ چار مهینے کے گذر جانے کے بعد وطی ۔ یا مقرره روز شب باشی نه کرے ۔ اور چار مهینے گذر جائیں ۔ بغیر اسکے که طرفین میں سے کسی کو عذر هو تو قاضی اگر عورت طلب کرے تو ان دونوں میں تفریق کرسکتا هے منجمله ان امور کے

جو عورت کو ضرر پہنچاتے ہیں۔ عدم نفقہ و سکنی ہیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ ایک بڑھیا نے ایک بلی کو باندھ رکھا نہ اسکو کھانا دیا۔ نہ اسکو چھوڑا لہذا وہ عورت دوزخ میں ڈالی گئی۔ اگر آقا باندی غلام کو کھانا کپڑا نہ دے تو قاضی اس لونڈی یا غلام کو دوسرے کے ہاتھ بکوادیگا۔ تو آزاد عورت بھوکی پیاسی مرجاے۔ اور اُسکی داد رسی نہیں۔ قَالَ اللّٰہُ تعالیٰ وَاَسْکِنُوھُنَّ حَیْثُ سَکَنْتُمْ وَلَا تُضَارُّوھُنَّ اور رکھو اپنی بیویوں کو جہاں تم رھتے ھو اور ان کو ضرر نہ پہنچاو۔ کوئی انصاف سے کہے عورت بھوکی پیاسی مرنے سے دنیا میں کونسا ضرر بڑھکر ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لَا تُکَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَھَا۔ آدمی کو اتنی تکلیف دی جاسکتی ہے جسقدر برداشت کی طاقت اسکو ھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا خدا کسی کو اتنی ھی تکلیف دیتا ہے۔ جس کو وہ سہار سکے اَخْرَجَ الدَّارْقُطْنِی اوالبیہقی مِنْ حدیث اَبی ھُرَیْرَہ مَرْفُوعًا بِلَفظ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ فِی الرَّجُلِ لَا یَجِدُ مَا یُنْفِقُ عَلٰی اِمْرَأَۃٍ قَالَ یُفَرَّقُ بَیْنَھُمَا۔ بلوغ المرام دارقطنی۔ بیہقی نے ابوہریرہ کی حدیث بلفظ مرفوع بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا کہ اس مرد کے متعلق جو اپنی زوجہ کے نفقہ کے لئے کچھ نہیں پاتا۔ حضرت نے فرمایا دونوں میں تفریق کرادی جائیگی۔ عَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ کَتَبَ اِلٰی اُمَرَاءِ الْاَجْنَادِ فِی رِجَالٍ غَابُوا مِنْ نِسَائِھِمْ اَنْ یَاْخُذُوْھُمْ بِاَنْ یُنْفِقُوا اَوْ یُطَلِّقُوا فَاِنْ طَلَّقُوا بَعَثُوا بِنَفَقَۃِ مَا حَبَسُوا۔ اَخْرَجَہُ الشَّافِعِیُّ ثُمَّ الْبَیْھَقِیُّ بِاِسْنَادٍ حَسَنٍ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے افسران فوج کو ان مردوں کے متعلق فرمان بھیجا جو اپنی عورتوں سے غائب ھیں کہ ان کو ماخوذ کریں کہ وہ یا تو نفقہ دیں یا طلاق دیں۔ اگر طلاق دیں تو اس نفقہ کو بھیج دیں جسکو روک رکھا ہے۔ اسکو شافعی اور بیہقی نے

اسناد حسن سے روایت کیا ہے صاحب ہدایہ باب الکفاءۃ میں لکھتے ہیں وَتُعْتَبَرُ فِی الْمَالِ وَھُوَ اَنْ یَکُوْنَ مَالِکًا لِلْمَھْرِ وَ النَّفَقَۃ و ھو المعتبر فی ظاھر الروایہ حتی ان من لا یملکھما اولا یملک احدھما لا یکون کفوا لان المہر بدل البضع فلا بد من ایفائہ و بالنفقہ قوام الازدواج و دوامہ

اور کفاءت کا اعتبار کیا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ مہر اور نفقہ کا مالک نہ ہو یا کسی ایک کا مالک نہ تو کفو نہ ہوگا ۔ کیونکہ مہر بدل بضع ہے تو اس کا ایفا ضروری ہے ۔ اور نفقہ سے قوام و دوام ازدواج ہے ۔ میرا معروضہ ہے کہ جب نفقہ موجب قوام و دوام ازدواج ٹہرا تو جب نفقہ معدوم ہو تو قیام ازدواج پر عورت کیونکر مجبور کیجا سکتی ہے ۔ نفقہ کا ادا کرنا ضروری نہیں تو آخر قدرت اداء نفقہ کو کفاءۃ میں معتبر کرنے سے حاصل ۔ سخت تعجب کہ اولیاء کے اعزاز پر اثر پڑتا ہو تو ان کو نکاح فسخ کرا دینے کا حق ہے ۔ مگر عورت بھوکی پیاسی مر جائے تو اس کا نکاح فسخ کرانیکا حق نہیں ۔ اس قسم کی غلط فہمیوں سے غیر مذاہب کے سامنے اسلام بدنام ہو رہا ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ اسلام عورتوں کے حق میں بڑا سخت ہے ۔ اسلام میں عورت کی جان کی کوئی حفاظت و وقعت نہیں ۔ ہمارا یقین ہے کہ دین حنفی مذہب حنفی دونوں ان مظالم سے پاک ہیں اصل یہ ہے کہ تفریق کا حکم دفعتہً نہیں دیا جا سکتا ۔ شوہر صاحب مال ہو تو اس کی جائداد ضبط کر کے قاضی نفقہ کا انتظام کرے گا شوہر کے نام پر قرض مل سکتا ہے تو ۔ استدانت یعنے قرض لینے کا حکم دیگا ۔ جس کو شوہر ادا

کریگا ۔ جب کوئی صورت عورت کے نفقہ کی نہ نکلے تو بغرض رفع ظلم شوہر کا قایم مقام ہوکر خود طلاق دیگا ۔ بعض علماء کے خیال میں یہ تمام امور آتے ہی نہیں ان سے میری یہ عرض ہے کہ خدا کے لئے عورتوں کو کرسچین آریا ۔ قادیانی ۔ ہونے سے بچائیں ۔ اور ایسے مقدمے کو کسی حنبلی قاضی کے پاس بھیجدیں ۔ پھر اس کے فیصلہ کو نافذ کردیں اس مسئلہ میں حنابلہ کا کیا فتویٰ ہے وہ ذیل میں درج ہے ۔ نیل المارب شرح دلیل الطالب جلد دوم صفحہ ۶۴ میں ہے ۔ وَمَنْ اَعْسَرَ بِنَفَقَةِ الْمُعْسِرِ اَوْ كِسْوَتِهِ اَوْ مَسْكَنِهِ اَوْ صَارَ لَا يَجِدُ النَّفَقَةَ اِلَّا يَوْمًا دُوْنَ يَوْمٍ اَوْ غَابَ الْمُوْسِرُ وَتَعَذَّرَتْ عَلَيْهَا النَّفَقَةُ بِالْاِسْتِدَانَةِ وَغَيْرِهَا فَلَهَا الْفَسْخُ فَوْرًا اَوْ مُتَرَاخِيًا وَلَا يَصِحُّ بِلَا حُكْمِ حَاكِمٍ فَيَفْسَخُ بِطَلَبِهَا اَوْ تَفْسَخُ بِحُكْمِهِ اور جب شوہر تنگ دست کے لحاظ سے بھی نفقہ لباس اور مسکن کا انتظام نہ کرسکے ۔ یا یہ کہ وہ نفقہ کو ایک دن پاتا ہو ۔ اور ایک دن نہیں پاتا ۔ یا خوش حال غائب ہو جائے ۔ اور قرض کشی وغیرہ سے بھی عورت کو نفقہ دشوار ہو جائے ۔ تو اس عورت کو فوراً یا بتراضی فسخ کا حق ہے ۔ مگر یہ حق بلا حکم حاکم نہ ہوگا ۔ پھر اگر عورت فسخ چاہے تو قاضی یا اس کے حکم سے خود عورت فسخ کردے گی ۔ رد المحتار شرح در المختار جلد دوم صفحہ ۱۳۰۷ میں ہے ، الحاصلُ اَنَّ التفریق بالعجز عن النَّفقه جَائِزٌ عِنْدَ الشَّافعی حَالَ حَضْرَةِ الزَّوجِ وَكذا حَالَ غَيْبَتِه مُطْلَقًا ، اور حاصل یہ کہ امام شافعی کے پاس مہر وادنیٰ نفقہ سے عاجز ہو تو تفریق جائز ہے خواہ شوہر حاضر ہو ۔ یا بالکل مفقود الخبر ۔

او ان لم تشهد بينه باعسار ه الان كما علمت مما نقلنا عن التحفه و الخلاصه الا ان لو حكما مشافعنا حكما مجتهدا فيه ينفذ فيه القضاء دون الثانيه صفحه ۷۵۶

پہلی حالت کو ہمارے مشایخ نے حکم مجتہد فیہ مانا ہے ۔ لھذا اس میں قضا نافذ ہوگی نہ صورت ثانیہ میں وَلَعَمْ یَصِحّ عِنْدَ اَحْمَدَ کَذَکَرَ فِی کُتُبِ مَذْهَبِهٖ وَ عَلَیْهِ یُحْمَلُ مَافِی فَتَاوِیْ قَارِیْ الْهِدَایَه حَیْثُ سُئِلَ عَمَّنْ غَابَ زَوْجُهَا وَلَمْ یَتْرُكْ لَهَا نَفَقَه فَاَجَابَ اِذَا اَقَامَتْ بَیِّنَه عَلٰی ذٰلِكَ وَ طَلَبَتْ فَسْخَ النِّکَاحِ مِنْ قَاضٍ یَرَاهُ فَفَسَخَ یَنْفُذُ وَ فِی نَفَاذِ الْقَضَاءِ عَلَی الْغَائِبِ رِوَایَتَانِ عِنْدَنَا

ہاں امام احمد کے پاس صحیح ہے یعنے قضا علی الغائب جیسا کہ انکے کتب مذہب میں مذکور ہے اسی پر محمول کیا جائیگا جو فتاوی قاری ہدایہ میں ہے کیوں کہ ان سے ایک دفعہ ایسی عورت کے متعلق سوال کیا گیا جس کا زوج غائب ہو گیا تھا اور عورت کے لئے نفقہ نہ چھوڑا تو قاری ہدایہ نے جواب دیا اگر نفقہ نہ چھوڑ نے پر عورت نے بینہ قائم کیا اور فسخ نکاح ایسے قاضی سے طلب کیا ۔ جس کا مذہب قضاء علی الغایب ہے اور اس نے فسخ نکاح کر دیا تو ایسا حکم نافذ ہوگا ۔ اور یہ قضا علی الغائب ہے اور قضا علی الغایب کے نافذ ہونے میں ہمارے پاس دو روایتیں ہیں ۔ فَعَلَی الْقَوْلِ بِنَفَاذِهٖ یَسُوْغُ لِلْحَنَفِیِّ اَنْ یُزَوِّجَهَا مِنَ الْغَیْرِ بَعْدَ الْعِدَّةِ وَ اِذَا حَضَرَ الزَّوْجُ الْاَوَّلُ وَ بَرْهَنَ عَلٰی خِلَافِ مَا ادَّعَتْ مِنْ تَرْکِهَا بِلَا نَفَقَه لَا تُقْبَلُ بَیِّنَه لِاَنَّ الْبَیِّنَه الْاُوْلٰی تَرَجَّحَتْ بِالْقَضَاءِ فَلَا تَبْطُلُ بِالثَّانِیَه

پس بنا بر قول نفاذ حنفی کو جائز ہے کہ بعد غیر سے نکاح کردے اور اگر زوج اول آوے اور بینہ قایم کردے عورت کے دعوے کے خلاف کہ وہ بلا نفقہ چھوڑدی گئی تھی تو یہ دوسرا بینہ نا قابل قبول ہوگا ۔ کیوں کہ پہلا بینہ قضا کی وجہ سے مرجح ہو گیا ہے لھذا وہ دوسرے بینہ سے باطل نہ ہوگا ۔ منجملہ ان امور کے جو عورت کو ضرر پہنچاتے ہیں شوہر کو جنون یا جذام وغیرہ امراض بھی ہیں ۔ امام محمد موطی میں فرماتے ہیں " اِذَا

كَانَ اَمْرًا لَا يُحْتَمَلُ خُيِّرَتْ فَاِنْ شَاءَتْ اَقَامَتْ وَاِنْ شَاءَتْ فَارَقَتْ وَاِلَّا لَا خِيَارَ لَهَا اِلَّا فِي الْعِنِّيْنِ وَالْمَجْبُوْبِ ،، اگر مرض اس درجہ ہو کہ عورت اس کو برداشت نہیں کر سکتی تو عورت کو اختیار ہوگا۔ چاہے زوجیت میں قایم رہے۔ چاہے مفارقت اختیار کرے۔ اگر قابل برداشت ہو تو عورت کو اختیار نہیں۔ مگر عنین و مجبوب میں کہ اس کو اختیار باقی رہتا ہے۔

میری رائے میں امراض متعدیہ مثلاً آتشک و سوزاک بھی اسی قبیل سے ہیں کہ بے گناہ عورت ان امراض میں قطعاً مبتلا ہو جاتی ہے اور عمر بھر ہائے ہائے کرتی ہے۔ بعض دفعہ یہ امراض عورت کو جذام اور برص تک پہنچا دیتے ہیں۔

صفحات بالا سے ثابت ہوگیا کہ اسلام میں عورت کے لئے کسی قسم کی تنگی نہیں۔ اگر نا اتفاقی کی صورت میں مرد کو طلاق کا حق ہے تو عورت کو خلع لینے کا حق ہے۔ مرد ظلم کرے ناحق ناروا مارے پیٹے۔ نان نفقہ ادا نہ کرے تو قاضی طلاق کا حکم دیگا نہ مانے تو خود اس کا قائم مقام ہوکر طلاق دیگا۔ اگر عورت کی شرارت ثابت ہو تو اس کو مہر سے ہاتھ اٹھانا پڑے گا قاضی خلع کرا دیگا۔ بہر حال قاضی تمام قضایا کا فیصلہ کرتا ہے۔ نزاع رفع کر دیتا ہے یہ تو ہرگز نہ کہے گا کہ میں تمام ظالموں کو بچا سکتا ہوں۔ مگر ظالم شوہر کے ظلم سے مظلوم عورت کو نہیں بچا سکتا بعض علماء کی غلط فہمیوں نے اسلام کو بد نام کیا شوہر کے ظلم کی وجہ سے عورتیں کرسچین۔ آریا۔ قادیانی ہو رہی ہیں۔ اور کوئی سبیل نہیں۔

اگر تحلیل فروج میں احتیاط ضرور ہے تو ترک اسلام بھی اہم المہمات ہے۔ یُختارُ اَہوَنُ الشَّرّین۔ ہٰذا ما تیسّر لنا من تحرّی الصّواب واللہُ المُلہمُ والیہِ المآبُ۔

اردو کی ابتدائی نشو نما میں صوفیائے کرام کا کام

از

مولوی عبدالحق پروفیسر اردو

صوفی صوف سے مشتق ہو یا صفا سے، وہ مذہبی اور اخلاقی عالم میں ایک خاص حیثیت رکھتا ہے۔ وہ ملک و ملت سے بے نیاز ہے اور ہر قوم اور ہر مذہب میں پایا جاتا ہے وہ ایک قسم کا باغی ہے جو رسم و ظاہر داری کو، جو دلوں کو مردہ کر دیتی ہیں، روا نہیں رکھتا اور اس کے خلاف علم بغاوت بلند کرتا ہے۔ مولوی اور صوفی میں یہ فرق ہے کہ وہ ظاہر کو دیکھتا ہے اور یہ باطن کو۔ وہ لفظ دیکھتا ہے اور یہ معنی کو۔ وہ رسمیات اور تقلید کا پابند ہے اور یہ ان سے بیزار ہے۔ اس کی نظر برائی پر پڑتی ہے اور یہ برے سے برے میں بھی بھلائی کا پہلو ڈھونڈھ نکالتا ہے۔ وہ لعن طعن سے کام لیتا ہے اور یہ مہر و محبت سے۔ وہ سختی اور تشدد کرتا ہے اور یہ نرمی اور ملائمت۔ وہ بہت کم معاف کرتا ہے اور اس کا شیوہ درگذر کرنا ہے۔ وہ خودی اور خود نمائی سے بڑا بنتا ہے اور یہ فروتنی اور خاکساری سے دلوں میں گھر کرتا ہے۔ وہ دوسروں کے عیوب کا متجسس رہتا ہے اور یہ اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے۔ وہ اپنے علم سے مرغوب کرنا چاہتا ہے اور یہ اپنے عمل سے دوسروں کو لبھاتا ہے۔

مولوی سب کو ایک لاٹھی سے ہانکتا ہے لیکن صوفی ہر ایک کے رنگ طبیعت کو دیکھتا ہے اور جیسی جس کی طبیعت کی افتاد ہوتی ہے اسی ڈھنگ سے اس کی تربیت کرتا ہے۔ اور اس میں بعض اوقات وہ شریعت سے تجاوز کرنے یا بعض ارکان و اصول کے ترک کرنے میں بھی مضایقہ نہیں کرتا۔ اس کی نظر انجام پر رہتی ہے۔ وہ مولوی کی طرح لفظ کا بندہ نہیں بلکہ معنی کو دیکھتا ہے۔ اصل صوفی

بہت بڑا ماہر نفسیات ہوتا ہے اور باوجود یکہ وہ دنیا سے ایک گونہ بے تعلق اور مولوی اس کے مقابلہ میں بہت زیادہ دنیادار ہوتا ہے، مگر وہ علماء کی نسبت کہیں زیادہ زمانے کی نبض کو پہچانتا ہے۔ وہ دلوں کو ٹٹولتا ہے اور اسی پر بس نہیں کرتا بلکہ دلوں کی تہ تک پہنچتا ہے جہاں انسان کے اصل اسرار چھپے اور دبے رہتے ہیں، جن سے ہم خود بھی اکثر واقف نہیں ہوتے۔ مولوی کی نظر وہاں تک نہیں پہنچتی۔ اسی میں صوفی کی جیت ہے۔ اس کے بعد وہ نفس کی چوریاں اس آسانی، خوش اسلوبی اور لطف سے پکڑتا اور ان کی اصلاح کرتا ہے کہ بعض اوقات مرید کو خبر بھی نہیں ہونے پاتی۔ اس کا سب سے بڑا اور مقدم اصول دلوں کا ہاتھ میں لانا ہے اور اس مقصد کے حصول میں وہ کسی ظاہری رکاوٹ کی خواہ شرعی ہو یا غیر شرعی پروا نہیں کرتا اور سب کو توڑ کے رکھ دیتا ہے۔ اور صحیح بھی ہے، جب دل ہاتھ میں آگیا تو گویا سب کچھ مل گیا۔ کسی دل کا ہاتھ میں لانا ایک نئی دنیا کے فتح کرنے سے کم نہیں ہے۔ یہ جو مشہور ہے کہ ”دل بدست آور کہ حج اکبر است“، یہ صوفی ہی کا قول ہے اور صوفی ہی اس پر عمل کرسکتا ہے۔ حضرت رابعہ بصری کی نسبت کہا جاتا ہے کہ انہوں نے ایک بار فرمایا ”اگر در ہوا پری مگسی، اگر بر دریا روی خسی، اگر دل بدست آری کسی“۔ پیر استاد ہری کا ایک قول منقول ہے ”نماز گزاردن کار بیوہ زنان است، روزہ داشتن صرفۂ نان است، حج کردن کار بیکاران است دلے دریاب کہ کار آنست“۔ [۱]

یہی وجہ ہے کہ علماء و امرا بلکہ حکومتوں اور بادشاہوں سے بھی وہ کام نہیں ہوسکتا جو فقیر اور درویش کر گزرتے ہیں۔ بادشاہ کا دربار خاص ہوتا ہے اور فقیر کا دربار عام ہے جہاں بڑے چھوٹے، امیر غریب، عالم جاہل کا کوئی امتیاز نہیں ہوتا۔ بادشاہ جان و مال کا مالک ہے لیکن فقیر کا قبضہ دلوں پر ہوتا ہے اور اس لئے ان کا اثر محدود ہوتا ہے اور ان کا بے پایاں۔ اور یہی سبب ہے کہ درویش کو وہ قوت واقتدار حاصل ہو جاتا تھا کہ بڑے بڑے جبّار اور با جبروت بادشاہوں کو بھی اس کے سامنے سر جھکانا پڑتا تھا۔

---

[۱] قلمی نسخہ سرور الصدور صفحہ (۲۲۰) کتب خانہ نواب صدر یار جنگ بہادر، حبیب گنج۔

مسلمان درویش ہندوستان میں پر خطر اور دشوار گزار رستوں، سر بفلک پہاڑوں اور لق ودق بیابانوں کو طے کر کے ایسے مقامات پر پہنچے جہاں کوئی اسلام اور مسلمان کے نام سے بھی واقف نہ تھا اور جہاں ہر چیز اجنبی اور ہر بات ان کی طبیعت کے مخالف تھی۔ جہاں کی آب و ہوا، رسم ورواج، صورت شکل، آداب واطوار، لباس، بات چیت غرض ہر چیز ایسی تھی کہ ان کو اہل ملک سے اور اہل ملک کو ان سے وحشت ہو۔ لیکن حال یہ ہے کہ انہیں مرے صدہا سال گذر چکے ہیں لیکن اب بھی ہزاروں لاکھوں بندگان خدا صبح وشام ان کے آستانوں پر پیشانیاں رگڑتے ہیں اور جن جن مقامات پر ان کے قدم پڑے تھے وہ اب تک ''شریف'' اور ''مقدس'' کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں۔ یہ کیا بات تھی؟ بات یہ تھی کہ ان کے پاس دلوں کے کھینچنے کا وہ سامان تھا جو نہ امرا وسلاطین کے پاس ہے اور نہ علماء وحکماء کے پاس۔

لیکن دلوں کو ہاتھ میں لانے کے لئے سب سے پہلے ہمزبانی لازم ہے۔ ہمزبانی کے بعد ہمخیالی پیدا ہوتی ہے۔ درویش کا تکیہ سب کے لئے کھلا تھا۔ بلا امتیاز ہر قوم و ملت کے لوگ ان کے پاس آتے اور ان کی زیارت اور صحبت کو موجب برکت سمجھتے۔ عام و خاص کی کوئی تفریق نہ تھی خواص سے زیادہ عوام ان کی طرف جھکتے تھے۔ اس تبلیغ و تلقین کے لئے انہوں نے جو اور ڈھنگ اختیار کئے ان میں سب سے مقدم یہ تھا کہ اس خطے کی زبان سیکھیں تا کہ اپنا پیغام عوام تک پہنچا سکیں۔ چنانچہ جتنے اولیاءاللہ سر زمین ہند میں آئے یا یہاں پیدا ہوئے وہ باوجود عالم و فاضل ہونے کے (خواص کو چھوڑ کر) عوام سے انہیں کی بولی میں بات چیت کرتے اور تعلیم و تلقین فرماتے تھے۔ یہ بڑا گر تھا اور صوفیا اسے خوب سمجھتے تھے۔ ہمارے اس بیان کی تصدیق فاضل شارح اکھروتی (تصنیف ملک محمد جائسی علیہ الرحمتہ) کے قول سے بھی ہوتی ہے جس کا اظہار انہوں نے کتاب کے خاتمہ پر کیا ہے۔ وہ یہ ہے۔

> ''وتوہم نکند کہ اولیاء اللہ بغیر از زبان عربی تکلم نہ کردہ، زیرا کہ جملہ اولیاء اللہ در ملک عرب مخصوص بودہ۔ پس ہر ملکے کہ بودہ زبان آں ملک رابکار بردا اند۔ وگماں نکند کہ، ہیچ اولیاء اللہ بزبان ہندی تکلم کردہ زیرا کہ

اول از جمیع اولیاء الله قطب الا قطاب خواجہ بزرگ معین الحق والملتہ والدین قدس الله سرہٗ۔ بدیں زبان سخن فرمودہ، بعد از ان حضرت خواجہ گنج شکر قدس الله سرہٗ و حضرت خواہ گنج شکر در زبان ہندی و پنجابی بعضے از اشعار نظم فرمودہ چنانکہ در مردم مشہور اند۔ اشعار از دوہرہ و سورتہ .... و امثال آن نظم نمودہ ہمچناں ہریکے از اولیا بدیں لسان تکلم می فرمودند تا کہ عہد خلافت ایشاں با محقق مدقق [۱] رسید و وے دریں زبان بسیارے از مصنفات از رسائل و مطولات تضیف فرمودہ ویکے از مصنفات وے اکہروتی است،،

افسوس کہ باوجود تلاش کے ہمیں حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہ العزیز کا کوئی معتبر قول ہندی زبان میں نہیں ملا، لیکن ان کی عالمگیر مقبولیت کو دیکھتے ہوئے یقینی امر ہے کہ وہ ہندی زبان سے ضرور واقف تہے، کیونکہ ہندو بہی مسلمانوں سے کم ان کے معتقد نہیں۔ ،،ہندالولی،، کی ترکیب اور ،، غریب نواز ،، کا لقب خود ان کی عام مقبولیت کی صاف شہادت دے رہے ہیں۔ البتہ شیخ فرید الدین گنج شکر قدس سرہٗ کے متعدد مقولے ملتے ہیں۔ مولانا سید مبارک معروف بہ میر خورد سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاء کے مرید و مصاحب خاص تہے، انہیں کے پاس رہتے اور روزانہ فیض صحبت سے مستفید ہوتے تہے۔ انہوں نے اپنی تالیف سیر الاولیا [۲] میں حضرت کے اقوال و حالات جو اپنے کانوں سنے اور آنکہوں دیکہے تہے مرتب کر کے لکہے ہیں۔

شیخ فریدالدین شکر گنج | اس کتاب میں حضرت شکر گنج کے دو ہندی قول بہی آگئے ہیں وہ عبارت متعلقہ کے ساتہ نقل کرتے ہیں۔

،، منقول است چوں شیخ جمال الدین نقل کرد مادر مومناں [۳] کہ خادمہ

---

[۱] اس سے مراد ملک محمد جائسی علیہ الرحمتہ ہے۔

[۲] مرتبہ کردہ و شایع کردہ چرنجی لال مطبوعۂ مطبع محب ہند دہلی۔

[۳] شیخ جمال الدین ہانسوی الخطیب حضرت شکر گنج کے محبوب و معظم خلیفہ تہے چنانچہ محض ان کی محبت کی وجہ سے بارہ سال تک ہانسی میں مقیم رہے۔ شیخ جمال الدین کی ایک کنیز خادمہ تہی جو بہت صالحہ تہی اور ان کے عرایض حضرت شیخ شکر گنج کے پاس لے جایا کرتی تہی حضرت گنج شکر انہیں ،، مادر مومناں ،، فرماتے تہے۔ اسی وقت سے یہ لقب ان کا پڑ گیا۔

"شیخ جمال الدین رحمته الله علیها، بود، مصلّی وعصاے شیخ جمال الدین که از شیخ شیوخ العالم [۱] یافته بود، مولانا برهان الدین صوفی پسر خورد شیخ جمال الدین که پدر شیخ قطب الدین منور بود، در عالم صغر بود، بخدمت شیخ شیوخ العالم برد۔ شیخ شیوخ العالم برحمت مولانا برهان الدین مذکر را تعظیم و تکریم نمود و بشرف ارادت و بیعت خود مشرف گردانید۔ چند روز بر خود داشت و بوقت مراجعت خلافت نامه و آن مصلّی و عصا با نعمتے که مولانا شیخ جمال الدین روان کرده بود بمولانا برهان الدین صوفی بخشید و فرمود چنانچه جمال الدین از جهت ما مجاز بود تو هم مجازی و این هم فرمود باید که چند گهے در صحبت نظام الدین باشی یعنے سلطان المشائخ - درین محل مادر مولانا بخدمت شیخ شیوخ العالم عرض داشت کرد بزبان هندی که "خوجا بالا هے"، یعنے خورد است این بار گران را طاقت نتواند آورد۔ شیخ شیوخ العالم قدسّ سرہٗ العزیز فرمود بزبان هندی "پونوں کاچاند بهی بالا هے"، یعنے شب ماه چهار دهم در اول شب خورد می باشد که بتدریج به کمال می رسد"۔[۲]

اسی کتاب میں ایک دوسری جگه ایک اور واقعه لکھا هے جس کا ترجمه یهاں لکھا جاتا هے۔

شیخ علی صابر ساکن قصبه ڈیکری ایک بزرگ درویش تھے اور اکثر شیخ شیوخ العالم کی خدمت میں حاضر رهتے تھے۔ ان کو شیخ سے اجازت بیعت بهی تهی۔ ایک وقت جبکه بعض بزرگوں کو جنهیں شیخ نے دولت خلافت سے مشرف کیا تها، ایک ایک کر کے وداع فرما رهے تھے اور مخصوص وصیتیں کر رهے تھے اور ایک ایک ان کے همراه کر رهے تھے، اس اثنا میں شیخ علی صابر نے عرض کی که بنده کے باب میں کیا ارشاد هے۔ فرمایا "اے صابر برو بهوگهسا خواهی کرد"، یعنے ترا عیش خوش خواهد گزشت"۔ [۳]

---

[۱] حضرت شیخ شکر گنج قدسّ سرہٗ العزیز سے مراد هے۔

[۲] سیر الاولیا صفحه ۱۸۲

[۳] سیر الاولیا صفحه ۱۸۵

جمعات شاہی میں جو حضرت شاہ عالم کے ملفوظات کا مجموعہ ہے حضرت شکر گنج کا یہ منظوم قول نقل کیا ہے ۔

اسا کیری یہی سو ریت — جاؤں نانے کہ جاؤں میت

اس کے علاوہ حضرت کی بعض نظمیں بھی ملتی ہیں ۔ چنانچہ ایک پرانی بیاض میں مجھے یہ نظم دستیاب ہوئی ۔

تن دھونے سے دل جو ہوتا پوك — پیش رو اصفیا کے ہوتے غوك

ریش سبلت سے گر بڑے ہوتے — بوکڑواں [۱] سے نہ کوئی بڑے ہوتے

خاك لانے [۲] سے گر خدا پائیں — گائے بیلاں بھی واصلاں ہو جائیں

گوش گری میں گر خدا ملتا — گوش چویاں (ھکذا) کوئی نہ واصل تھا

عشق کا رموز نیارا ہے — جز مدد پیر کے نہ چارا ہے

کئی سال ہوئے محمد شمیم صاحب ڈسنوی بہاری کا ایک خط مجھے وصول ہوا جس میں انہوں نے فرمایا تھا کہ کتب خانہ الاصلاح ڈیسنہ کی ایک قلمی کتاب کی جلد خراب ہوگئی تھی جب اس کی نئی جلد بندھنے کو دی تو جلد کے اندر ایک کاغذ لگا ہوا ملا جس پر حضرت شیخ فرید شکر گنج کی یہ غزل ریختہ لکھی ہوئی تھی ۔

وقت سحر وقت مناجات ہے — خیز دراں وقت کہ برکات ہے

نفس مبادا کہ بگوید ترا — خسپ چہ خیزی کہ ابھی رات ہے

باتن [۳] تنہا چہ روی زیں زمیں — نیك عمل کن کہ وهی سات ہے

پند شکر گنج ~~کو~~ بدل جاں شنو — ضایع مکن عمر کہ هیہات ہے

---

[۱] بکرے

[۲] لگانے

[۳] اصل مسودے میں کاتب نے باتن کو باطن ~~لوسنیکیزبن~~ لکھ دیا ہے ۔

مجھے حضرت کی ایک نظم ،، جھولنا شیخ فرید شکر گنج ،، کے نام سے ملی ہے یہ چار صفحے کا رسالہ ہے ۔ نمونے کے طور پر دو شعر اس کے لکھتا ہوں ۔

(سگن ذکر جلی) جلی یاد کی کرنا ہر گھڑی یک تل حضور سوں ٹلنا نیئں

اوٹھ بیٹھ میں یاد سوں شاد رہنا گواہ دار کو چھوڑ کے چلنا نیئں

پاک رکھ توں دل کر غیر ستی آج سائیں فرید کا آوتا ہے

قدیم تدیمی کے آونے سیں لازوال دولت کوں پاوتا ہے

حضرت شیخ شکر گنج کا (سنہ ولادت ۵۶۹ ہجری اور سنہ وفات ۶۶۴ ہجری) ہے حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے مرید و خلیفہ تھے اور پاک پٹن میں قیام تھا ۔

شیخ حمید الدین ناگوری | حضرت شیخ حمیدالدین ناگوری (ولادت ۵۹۰ ہجری او رسنہ وفات ۶۷۳ ہجری) کا ایک واقعہ خود ان کی زبانی سرورالصدور میں یوں لکھا ہے ۔

،،شیخ بزرگ (شیخ حمیدالدین ناگوری) فرمودند اگرچہ جدّہ شما سبب بیان می کند ولیکن ہمہ از کرامت است ۔ وقتے پیش ایشاں می گز شتم خورد بودم و ایشاں برکھٹ بودند ھیں کہ نزدیک ایشاں رفتم دست بگرفتند و بزبان ھندی گفتند می دانی جد تو کیست ، گفتم بی لی ۔ چگونہ ، گفت از جد تو ھیچ کس بجز پیغمبر ش بزرگ نیست ،، ۔ [۱]

اس سے صاف ظاہر ہے کہ اس زمانے میں ان بزرگوں کے گھروں میں بھی ھندی بول چال کا رواج تھا اور چونکہ یہ ان کے مفید مطلب تھا اس لئے وہ اپنی تعلیم و تلقین میں بھی اسی سے کام لیتے تھے ۔

---

[۱] سرورالصدور صفحہ (۲۲۰)

اس سے اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ وہ زبان جسے ھندی کہتے تھے اور جو باوجود تغیر وتبدل کے کچھ مدت قبل تک ھندی کہلاتی ہے اور اب اردو سے موسوم ہے کس طرح ھمارے ملک میں اندر باھر چھائی ہوئی تھی ۔

شیخ شرف الدین بوعلی قلندر | حضرت شیخ شرف الدین بوعلی قلندر پانی پتی (وفات سنہ ۷۲۴ ھجری) بڑے صاحب جلال اور صاحب اثر بزرگ ہوئے ہیں ۔ جب علاء الدین خلجی اپنے چچا جلال الدین خلجی کو قتل کر کے تخت و تاج پر قابض ہوا تو اس نے اپنی اس سفاکی پر پردہ ڈالنے کے لئے لشکریوں نیز دوسروں کو اپنی داد و دھش سے خوش کرنے کی کوشش کی ۔ اس وقت اس کے مصاحبوں نے کہا کہ حضرت بوعلی قلندر کو خوش کرنا بہت ضروری ہے اگر ان کی نظر آپ کی طرف سے پھری رھی تو رعایا میں ھر دلعزیزی حاصل کرنا دشوار ہوگا ۔ علاء الدین نے چاہا کہ اپنی طرف سے کسی کو ان کی خدمت میں بھیجے لیکن کسی کو ھمت نہ ہوئی ۔ آخر امیر خسرو اس کام پر متعین ہوئے ۔ انہوں نے گا بجا کر حضرت کو خوش کرلیا ۔ اس کے بعد حضرت نے بھی اپنا کچھ کلام سنایا جسے سنکر امیر خسرو بہت آبدیدہ ہوئے حضرت نے فرمایا ” ترکا کچھ سمجھدا ہے “ ، امیر خسرو نے کہا اسی لئے تو روتا ہوں کہ کچھ نہیں سمجھتا ۔

صاحب فرھنگ آصفیہ لکھتے ھیں کہ ” ھجری ساتویں صدی بعہد محمد تغلق شاہ و علاء الدین خلجی جس زبان کا رواج تھا اس کی اس دوھے سے جو حضرت شیخ شرف الدین بوعلی قلندر صاحب کی زبان مبارک سے مبارز خان صاحب کے ارادۂ سفر کے موقع پر نکلا تھا ، کیفیت معلوم ہوتی ہے ۔

سجن سکارے جائیں گے اور نین مرینگے روئے
بدھنا ! ایسی رین کر بھور کدھی نہ ہوئے

اسی مضمون کو آپ نے فارسی میں اس طرح ادا کیا ہے ۔

من شنیدم یار من فردا رود راہ شتاب   یا الہی تا قیامت بر نیاید آفتاب

امیر خسرو | سلطان الاولیا شیخ نظام الدین (ولادت سنہ ۶۳۴ ھجری وفات سنہ ۷۲۵ ھجری) سلسلہ

چشتیہ میں عجب صاحب کمال وسیع مشرب، صاحب دل اور صاحب ذوق بزرگ گزرے ہیں۔ ہر ملت و مشرب کے لوگ ان کے ہاں حاضر ہوتے اور ان کے عرفان و زندہ دلی سے فیض پاتے تھے۔ انہوں نے کئی بادشاہوں کا زمانہ دیکھا اور بعض بادشاہوں نے ہرچند یہ چاہا کہ وہ ان کے دربار میں حاضر ہوں اور اس معاملہ میں سختی سے بھی پیش آئے مگر شیخ نے مطلق پرواہ نہ کی اور آخران جبّار بادشاہوں کو نادم ہونا پڑا اور کسی کی مجال نہ ہوی کہ ان پر ہاتھ ڈالے۔ آپ سماع کے بہت شایق تھے اور ہندی راگ کی بہت سرپرستی فرماتے تھے۔ ہندوستان کے اکثر اولیا اللہ نے ہندی موسیقی کو بھی اپنی سرپرستی سے بڑی ترقی دی اور اس میں خاص ذوق اور کمال حاصل کیا۔ چنانچہ شیخ بہاالدین زکریا ملتانی اور شیخ بہاءالدین برنادی وغیرہ اس فن میں بڑے کامل گزرے ہیں۔ امیر خسرو کو بھی سلطان الاولیا ہی کی درگاہ سے فیض پہنچا تھا وہ ان کے خاص مریدوں میں سے تھے اور اکثر ان کے نغموں کو سنکر محظوظ ہوتے تھے۔ امیر خسرو نے موسیقی میں جدتیں دیکھائی ہیں اور فارسی اور ہندی موسیقی کو ملایا ہے۔ اور زیادہ تر غالباً یہی وجہ تھی کہ انہوں نے ہندی میں نظمیں اور دھرے لکھے۔ افسوس ان کا ہندی کلام اب تک دستاب نہیں ہوا تذکروں میں کہیں کہیں بعض چیزیں مل جاتی ہیں۔ میر تقی میر نے اپنے تذکرہ نکات الشعرا میں ان کا یہ قطعہ لکھا ہے۔

زرگر پسرے چوماہ پارا	کچھ گھڑے پکارے پکارا
نقددل من گرفت وبشکست	پھر کچھ نہ گھڑا نہ کچھ سنوارا

ریختہ اسی کا نام ہے جس میں فارسی ہندی دونوں ملی ہوی ہیں اور یہیں سے اردو کی ابتدا ہوتی ہے۔

ایک مشہور غزل ریختے کی ان کے نام سے تذکروں میں ملتی ہے جس کے چند شعر یہ ہیں:

ز حال مسکیں مکن تغافل دورائے نیناں بنائے بتیاں
کہ تاب ہجراں ندارم اے جاں نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں
شبانِ ہجراں دراز چوں زلف و روزِ وصلش چو عمر کوتاہ
سکھی پیا کوں جو میں نہ دیکھوں تو کیسے کاٹوں اندھیری رتیاں

یکایک از دل دو چشم جادو بصد فریبم ببرد تسکیں
کسے پڑی ہے جو جا سنا دے پیارے پی کو ہماری بتیاں

اس کے علاوہ بہسرن پہیلیاں انملیاں اور کہہ مکرنیاں وغیرہ ان کے نام سے مشہور ہیں جن کی صحت کا اس وقت کوئی معتبر ذریعہ نہیں ۔

بالا تھا جب سب کو بھایا ۔ بڑا ہوا کچھ کام نہ آیا
خسرو کہہ دیا اس ناوں ۔ بوجھے نہیں تو چھوڑو گاوں (چراغ)
دس ناری ایک ہی نر ۔ بستی باہر وا کا گھر
پیٹھ سخت اور پیٹ نرم ۔ منہ میٹھا تاثیر گرم (خربوزہ)

شیخ سراج الدین عثمان | تاریخ فرشتہ میں منقول ہے کہ شیخ سراج الدین عثمان معروف بہ اخی سراج (وفات سنہ ۷۵۸ ہجری) جو سلطان اولیا کے مرید اور خود نصیر الدین چراغ دہلوی کے خلیفہ تھے بعد وفات سلطان اولیا بنگالہ سے دہلی آئے اور حضرت چراغ دہلی سے خرقۂ خلافت حاصل کیا ۔ خواجہ نے فرمایا کہ بنگالہ جاؤ ۔ انہوں نے کہا وہاں پہلے سے شیخ علاء الدین تل موجود ہیں اور مرجع خلائق ہیں وہاں میرے جانے کی کیا ضرورت ہے ۔ اس پر خواجہ صاحب نے فرمایا ''تم اوپر وہ تل''

شیخ شرف الدین یحیٰی منیری | اسی زمانے کے ایک بزرگ اور صوفی کامل شیخ شرف الدین یحیٰی منیری ہیں (ولادت سنہ ۶۶۲ ہجری وفات سنہ ۷۸۲ ہجری) منیر بہار کا ایک قصبہ ہے اور اسی سے منسوب ہیں ۔ پوربی اور ہندی بھاشا کے شاعر تھے ۔ اب تک ان کے بتائے ہوئے بعض منتر سانپ بچھو اور سایہ کے اتارنے اور دفع امراض اور جھاڑ پھونک کے لئے پڑھتے ہیں جن کے آخر میں ان کی دہائی ہوتی ہے ۔ پروفیسر شیرانی نے اپنی کتاب میں مولوی محبوب عالم صاحب کی بیاض سے ایک کچ مندرہ نقل کیا ہے ۔ میرے ایک دوست کو اسی قسم کا سانپ کے زہر اتارنے کا منتر یاد ہے اور وہ اس کے عامل ہیں اسی قسم کی عبارت ہے اور وہی شاہ صاحب کی دہائی ہے ۔ ان منتروں اور کچ مندروں سے اس زمانے کی پوربی بولی کا کچھ یوں ہی سا اندازہ ہوتا ہے البتہ اس میں جو دودھرے آ گئے ہیں وہ ضرور قابل لحاظ ہیں وہ یہ ہیں ۔

کا لا ھنسا نہ ملا بسے سمندر تیر
پنکھ پسارے یکہ ھرے نرمل کرے سریر — درد رہے نہ پیر
شرف حرف مائل کہیں درد کچھ نہ بسائے
گرد چھویں دربار کی سو درد دور ھوجائے

حضرت شاہ برھان الدین غریب | حضرت نظام الدین اولیا کا فیض ھندوستان میں دور دور پہنچا ھے حضرت شاہ برھان الدین (وفات سنہ ۷۳۸ ھجری) جو برھان الدین غریب کے نام سے مشہور ھیں آپ کے اکابر خلفا میں سے ھیں جس وقت سلطان محمد تغلق نے دولت آباد کو ھندوستان کا دار السلطنت بنایا تو ساری دلی کو اجاڑ کر یہاں لا بسایا ، تو اس وقت شیخ برھان الدین اور سلطانجی کے بہت سے خلفا و مریدیں دولت آباد آئے ۔ دکن کی خلافت شیخ برھان الدین اور ان کے بڑے بھائی منتجب الدین کو عطا ھوی یہ لوگ یہیں رہ گئے اور یہیں انہوں نے اپنی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا ۔

حضرت سید علاءالدین ضیا چشتی (دولت آبادی) کے احوال میں یہ منقول ھے کہ جب سلطانجی نے حضرت برھان الدین غریب کو دکن جانے کا حکم دیا تو ساتھ ھی یہ بھی فرمایا کہ ,, میری پیرزادی دولت آباد میں قیام فرما ھیں ان کی خدمت میں سرگرم رھنا ،، اس سے مراد حضرت بیوی عائشہ بابا فرید شکر گنج کی صاحبزادی ھیں ۔ آپ ھر جمعہ کو بعد نماز جمعہ ان کی خدمت میں حاضر ھوتے ۔ بیوی عائشہ کی ایک بیٹی تھیں جو بہت بڑی عابدہ اور زاھدہ تھیں ۔ ایک بار جو آپ حسب معمول بعد نماز جمعہ حاضر ھوے تو ان کی نگاہ اس لڑکی پر پڑی اور ان کو دیکر متبسم ھوے ۔ بیوی عائشہ نے بہ زبان ملتانی فرمایا ۔

,, اے برھان الدیں ! ساڑی دھیہ کہ کہیا ھندا ھے ،،
یعنے اے برھان الدیں ! تو ھماری لڑکی کو دیکھکر کیوں ھنستا ھے ۔

اس سے ظاھر ھے کہ یہ بزرگ مقامی اور وطنی بولیوں کو بلا تکلیف بولتے تھے اور اس کے استعمال سے کبھی عار نہ کرتے تھے بلکہ ان کو اپنے مقدمہ کی تکمیل کے لئے ضروری سمجھتے تھے ۔

حضرت گیسو دراز بندہ نواز | سلطانجی کا فیض دکن میں ایك اور ذریعہ سے بھی پہنچا ھے حضرت کے بہت بڑے خلیفہ اور جانشیں شیخ نصیر الدین چراغ دھلی تھے۔ سلطانجی ان میں بوجہ کثرت فضل و دانش ،، گنج معانی ،، کہا کرتے تھے۔ انہیں کے خلیفہ و مرید سید محمد ابن یوسف الحسنی الدھلوی (وفات سنہ ۸۲۵ ھجری) تھے جو گیسو دراز کے لقب سے مشہور ھیں۔ یہ اپنے پیر و مرشد کی وفات کے بعد جب (سنہ ۸۰۱ ھجری میں) گجرات کے رستے مختلف مقامات سے ہوتے ہوئے دکن روانہ ہوئے تو شیخ نصیر الدین چراغ دھلی کے بہت سے مرید ان کے ھمراہ ہو لئے اور اس قافلے کے ساتھ سنہ ۸۱۵ ھجری میں حوالی حسن آباد گلبرگہ میں فایز ہوئے۔ وہ زمانہ فیروز شاہ بہمنی کا تھا۔ بادشاہ کو جب فیروزآباد میں آپ کے آنے کی خبر ھوی تو تمام ارکان و امرائے دولت۔ اور اپنی اولاد کو ان کے استقبال کے لئے بھیجا۔ بادشاہ کا بھائی احمد خاں خانخاناں جو بعد میں اس کا جانشین ہوا ان کا بہت بڑا معتقد ہو گیا تھا۔ آپ نے اپنی بقیہ زندگی یہیں بسر کی اور سرزمین دکن کو اپنی تعلیم و تلقین سے فیض پہنچاتے رھے۔

حضرت صاحب علم و فضل اور صاحب تصانیف بھی ھیں۔ آپ کا معمول تھا کہ نماز ظہر کے بعد طلبہ اور مریدوں کو حدیث اور تصوف اور سلوك کا درس دیا کرتے تھے اور گاھے گاھے درس میں کلام و فقہ کی تعلیم بھی ہوتی تھی۔ جو لوگ عربی فارسی سے واقف نہ تھے اُن کے سمجھانے کے لئے ھندی زبان میں تقریر فرماتے تھے۔

مجھے ایك قدیم بیاض ملی ھے جس میں بیجاپور کے مشہور صوفی خاندان کے بزرگوں کے نظم و نثر کے رسالے اور اقوال جو زیادہ تر ھندی یعنے قدیم اردو میں ھیں، اس خاندان کے کسی معتقد نے بڑے اہتمام و احتیاط سے جمع کئے ھیں۔ اس کا سنہ کتابت ۱۰۶۸ ھجری ھے۔ چونکہ اس خاندان کے بزرگوں کو حضرت بندہ نواز گیسو دراز سے نسبت ھے اس لئے ان کا بھی ایك آدہ رسالہ اور بعض اقوال وغیرہ اس میں پائے جاتے ھیں۔ منجملہ ان کا ایك مثلث بھی ھے جو یہاں نقل کیا جاتا ھے۔

او معشوق بے مثال نور نبی نپایا   اور نور نبی رسول کا میرے جیو میں بھایا

اپسیں اپیں دیکھا وو نے کیسی آرسی لایا

اسی بیاض میں ان کی ایک غزل قدیم طرز ریختہ بھی درج ہے قرینہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ غالباً انہیں کی ہو ۔

حضرت گیسو دراز صاحب تصانیف کثیرہ تھے ، یہ زیادہ تر فارسی میں ہیں اور بعض عربی میں ۔ یہ بھی مشہور ہے کہ انہوں نے عام لوگوں کی تلقین کے لئے بعض رسالے اپنی زبان میں بھی لکھے ۔ ان کا ایک رسالہ " معراج العاشقین " میں مرتب کر کے شایع کرچکا ہوں اس کا سنہ کتابت سنہ ۹۰۶ ھجری ہے ۔ اس کی زبان کا نمونہ یہ ہے ۔

" اے عزیز ! اللہ بندہ پنا یہاں پچھان کو جانا ، نیں تو شرع جاتا ہے ۔ اول اپنی پچھانت بعد از خدا کی پچھانت کرنا " ۔

" انسان کے بوجنے کوں پانچ تن ۔ ہر ایک تن کوں پانچ دروازے ہیں ہور پانچ دربان ہیں ۔ پہلا تن واجب الوجود ، مقام اس کا شیطان ۔ نفس اس کا امارہ یعنے واجب کی آنک سوں غیر نہ دیکھنا سو ۔ حرص کے کان سو غیر نہ سننا سو ، حسد نک سو بد بوئی نہ لینا سو ، بغض کی زبان سو بد گوئی نہ کرنا سو ، کینا کی شہوت کوں غیر جاگا خرچنا سو ۔ پیر طبیب کامل ہونا ، نبض پہچان کوں دوا دینا " ۔

علاوہ اس رسالے کے میرے پاس آپ کے متعدد اور رسالے اس زبان میں ہیں " تلاوت الوجود " ، " دُر الاسرار " ، شکار نامہ ، تمثیل نامہ ، ہشت مسایل وغیرہ ۔ اگرچہ زبان ان کی قدیم ہے لیکن یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ انہیں کی تصنیف ہیں یا آن سے منسوب ہیں ۔ دو بیاضوں میں انکی ایک غزل ملی ہے جس کی نسبت یقینی طور پر یہ نہیں کہہ سکتا کہ انہیں کی ہے البتہ مقطع میں تخلص انہیں کا ہے وہ یہ ہے ۔

توں تو صحی ہے لشکری کر نفس گھوڑ اسوار توں ہوئے نرم نہ تجہ او چڑے پس کھایگا آزار توں

سختیچ گھوڑا زور ہے بد خیال اس کا ہو رہے تن لوٹ نیکا چو رہے نہ چھوڑ اس بد ٹھار توں
(لوٹنے)

گھوڑیکوں بہتر گھوڑے اسکوں نہ حکمت جور ہے ہر دم ذکر سوں توڑ ہے غافل نہ ہو ھشیار توں

کر دست کلا دل گیان کا نعام دے خوش دھیان کا چار اکھلا ایمان کار کہ باندا ہنے دار توں
خر گیر شریعت نعل بند زین ھے طریقت زیر بند حق ھے حقیقت پیش بند تنگہ معرفت اختیار توں
دو ھے رکابان نیك بد رکھنا قدم توں دیکہ حد کچھ ھو پڑے گا دیکہ تب توبہ کی چابك مار توں
تب تید کھوڑا آئے گا تجھ لامکان ایجائے گا تب عشق جھگڑا پا انگا خد مار لے تروار ترں

شہبا زحسینی کھوے کر هر دو جہان دل دھو یکر
الله اپے یك ھو ٹیکر تب پاوے گا دیدار توں

یہ صوفی بزرگ ھندوستان کے ھر صوبے اور خطے میں پھیلے ھوئے تھے اسی زمانے
کے قریب ھم گجرات میں حضرت قطب عالم اور حضرت شاہ عالم کے نام پاتے ھیں جو وھاں
مرجع خلایق تھے -

حضرت قطب عالم سید برھان الدین ابو محمد عبداللہ المشہور بہ قطب عالم ابن سید ناصر الدین ابن سید الاقطاب
وحضرت شاہ عالم مخدوم جہانیاں بخاری سنہ ۷۹۰ ہجری میں پیدا ھوے اور سنہ ۸۵۰ ہجری
میں وفات پا گئے۔ دس سال کی عمر میں والد کا انتقال ھوگیا۔ ان کے حقیقی چچا اور مخدوم جہانیاں کے
مرید و خلیفۂ سید راجو قتال ان کی پرورش و تربیت کے متکفل ھوے ۔ دو سال بعد سنہ ۸۰۳ ہجری میں
اپنی والدہ کے پاس پٹن میں آ گئے سلطان گجرات کا بادشاہ ان کی بڑی تعظیم و تکریم کرتا تھا۔ اور جب
اس نے احمد آباد بسایا تو پٹن سے احمد آباد آ گئے۔ بعد ازاں موضع بٹوہ میں قیام فرمایا اور وھیں انتقال
فرمایا۔ اس موضع کے قیام کا ذکر ھے کہ ایك روز شب کو نماز تہجد کے لئے اٹھے، صحن میں ایك لکڑی
پڑی ھوئی تھی اس سے ٹھوکر لگی، پانوں میں چوٹ آئی اور خون بہنے لگا۔ اس وقت آپ کی زبان
سے یہ کلمہ نکلا ”لوھا ھے کہ لکڑی ھے کہ پتھر ھے“۔ [۱]

ایك دوسرا واقعہ یوں مذکور ھے کہ جب آپ کے فرزند سید شاہ محمود معروف بہ شاہ بڈھ کے
ھاں شاہ راجو پیدا ھوے (جو اپنے اور بھائیوں سے چھوٹے تھے) تو جس وقت ان کے تولد کی خبر

---

[۱] تحفۃ الکرام صفحہ ۱۷

آپ کو پہنچی تو شاہ محمود سے جو سامنے بیٹھے تھے فرمایا ،، بھائی محمود خوش ہوا سان تہں و ڈاتسان تہں وڈا اسانڈے گھر جلال جہانیاں آیا ،، [۱]

ان کے فرزند اور خلیفہ حضرت شاہ عالم فرماتے ھیں کہ ایک روز میں حضرت قطب عالم کے حجرہ مشغولی میں جا پہنچا کیا دیکھتا ہوں کہ سخت بے چین اور مضطرب ھیں اور دیوار پکڑے سارے حجرے میں پھر رھے ھیں اور یہ ھندی کلمات زبان پر جاری ھیں ۔

،، محمد پر میں کھڑیا سائیں پریم چکائے ،، (جمعات شاھیہ)

حضرت سراج الدین ابوالبرکات سید محمد مشہور بہ شاہ عالم حضرت شاہ قطب عالم کے فرزند اور خلیفہ تھے ۔ ان کے ایک مرید نے ان کے اقوال و ملفوظات ایک کتاب میں جمع کئے ھیں جس کا نام جمعات شاھی ھے ۔ اس میں حضرت قطب عالم و شاہ عالم وغیرہ کے متعدد اقوال ھندی اور گجراتی میں پائے جاتے ھیں ۔ ان میں سے چند نقل کئے جاتے ھیں ۔ ایک موقع پر فرمایا ۔

(۱) کاندھی کا راجاتم سر کوئی نبوجھے سکیں کا راجاتم سر کوئی نبوجھے

فرمودند اگرچہ بزبان ھندی است اما موافق عربی است ۔

(۲) ایک روز فرمایا کہ حضرت قطبیہ کے عہد میں میرے سر پر کچھ دیوانگی سی سوار تھی جو کوئی کچھ سوال کرتا تو خدا سے دعا کرتا اور ھر ایک کا حال برملا کہ دیتا کسی سے کہتا کہ تیری عمر اس قدر باقی ھے کسی سے کہتا تیرے بیٹا ھوگا اور کسی سے کچھ کسی سے کچھ ۔ فرماتے ھیں کہ بعد وصال حضرت قطبیہ (قطب عالم) نے یہ بات میرے دل میں ڈالی ۔

،، اے چھوکرا ، بے ادبی بگذار و گستاخی مکن ،،

فرماتے ھیں کہ کسی نے ذکر کیا کہ سقایہ میں خدا کا نام نہیں لینا چاھئے میں نے آھستہ سے کہا کہ اس کا کیا کروں حق تعالیٰ خود مجھے نہیں چھوڑتا ۔ بادشاہ گھوڑے پر سے نہیں اترتا گھوڑا بچارا کیا کرے ۔

---

[۱] تحفتہ الکرام صفحہ (۱۸)

اپتو بدو بر ہوۓ پاکیں اکھار سے   ہوں لاج مروں بیگ نیار ونہو ے

ایک روز حضرت شاہ عالم گھوڑ بہل میں سوار جا رہے تھے اور میاں مخدوم شاہ (احمد) بھی ہمرکاب تھے سلطان شاہ غزنی قدس سرہٗ جو سلاطین گجرات کے اعزہ میں سے تھے گھوڑے پر سے اترے اور نہ سلام آداب کیا۔ میاں مخدوم نے کہا کہ حضرت آپ نے اس جوان کے غرور و کبر کو ملاحظہ فرمایا۔ آپ نے ھندی زبان میں ارشاد کیا۔

"ارجن جی کا اونہ بہایا ہوۓ تو تجھ سے فقیروں کی برسوں تیں کنّامی کرے"۔ [۱]

ایک روز سید محمد راجو قتال کے مناقب کا ذکر آیا۔ یہ سیدالا قطاب مخدوم جہاں نما کے چھوٹے بھائی اور حضرت قطب عالم کے چچا تھے۔ ان کی والدہ کا نام جنت خاتون تھا۔ حضرت مخدومیہ نے ان کے حق میں زبان آچہ میں فرمایا۔

"تساں راجے   اساں خواجے"

یعنے

تم بادشاہ   اور ہم وزیر

حضرت سید محمد جونپوری | حضرت سید محمد جونپوری بہت بڑے بزرگ اور صاحب تصّرف گزرے ھیں ان کے مرید اور پیرو انہیں "مہدی آخرالزمان" مانتے ھیں۔ لوگوں کی مخالفت کی وجہ سے ان کا بہت سا زمانہ سیاحت میں گزرا ان کے بعض اقوال فرقہ مہدویہ کی کتابوں میں اب تلک محفوظ ھیں۔ ان میں سے چند یہاں نقل کئے جاتے ھیں۔ باوجود علم و فضل کے وہ اکثر ھندی یا گجرتی میں مخاطبت فرماتے تھے۔

(۱) شیخ احمد کھٹو [۲] کی نسبت آپ نے فرمایا "رو پیٹنے خدا کوں پونچے" (یعنے گریہ و زاری خدا رسید) (از تاریخ سلیمانی جلد اول)۔

---

[۱] تحفتہ الکرم صفحہ ۴۱

[۲] أحمد کھٹو مشہور بہ گنج بخش بہت بڑے بزرگ اور شیخ وقت گزرے ھیں سنہ ۸۰۲ ھجری میں بعہد حکومت مظفر خان گجرات میں آۓ سنہ ۸۴۹ ھجری میں انتقال فرمایا۔ موضع کھٹو میں مدفون ھیں (تحفتہ الکرام صفحہ ۲۲۔ مرآۃ احمدی صفحہ ۵۰)۔

(۲) خراسان کے سفر میں سلطان حسین کی فوج نے آپ کے اصحاب کو تکلیف دی اور جب سلطان کو اس کی خبر پہنچی تو اس کی معذرت کی ، اس وقت سلطان کے سفیر کے سامنے یہ جملہ فرمایا ،، شہ کی چوٹ شکر کی پوٹ ،،

(۳) حج کے سفر میں یہ دوھرا فرمایا ۔

ھوں بلہاری سجنا ھوں بلہار ھوں سرجن سہرا ساجن مجہ گل ھار
(ازشواھدالولایت)

(۴) رحلت سے کچہ پہلے یہ دوھرہ ارشاد کیا۔

ھیر وقت بکہال توں کاہر دھوے مدھوے او جہل ھوویں نچہوت سی سکہ نندری ناسوے
(ھراتت)

یہی دوھرہ بیدر میں قاضی علاء الدین بیدری کو مخاطب کر کے فرمایا تھا (شواھدالولایت)

(۵) - (٦) ذیل کے دو دھرے مجھے اسرار عشق تصنیف مومن (۱۰۹۱) کے ایک قدیم نسخہ میں ملے ھیں - جس کے سرورق یہ عبارت درج ھے ۔

این کتاب مسمی با اسرار عشق محض ابتدا تا انتہا شرح نقل مقدسہ سید محمد مہدی موعود است و سوائے این حرف نیست ۔ نقل اینست کہ مہدی علیہ اسلام فرمود ،، تمام عالم مصطفٰے کے ولایت کا صفت کرنے بیچ موا۔ ھمارے ملاتے دو کوجری دوھیاں ،، دوھرہ ،،

چندر کہے تراین کون سورج دیکہو آئے
ایسا بہگو نت جو بہٹیے دشت پاپ چہر جائے

دوھرہ دیگر ۔

تو روپ دیکہ چک موھیا چندر تراین بہان
اتہیں روپ پہن ھوون کروھی نہ ھوے آن

این تمام کتاب شرح و تفسیر ھمیں دو دوھرھا است ۔

آپ کی ولادت سنہ ۸۴۷ ہجری اور وفات سنہ ۹۱۰ ہجری میں بمقام فراح (بلوچستان) واقع ہوئی وہیں مدفون ہوئے ۔

شیخ بہاء الدین باجن: شیخ بہاء الدین باجن (ولادت سنہ ۷۹۰ ہجری وفات سنہ ۹۱۲ ہجری) برھان پور کے اولیاء اللہ میں سے ھیں۔ شیخ عزیز اللہ المتوکل علی اللہ کے مرید تھے۔ آپ کی ایک کتاب "خزانہ رحمت" ھے جس میں اپنے مرشد کے ملفوظات اور ارشادات جمع کئے ھیں۔ بقول صاحب تاریخ برھان پور "وہ اس زمانے میں جو ملک ھند کی طرز زبان تھی اس طور پر کلمات شعر بہ مضمون تصوف کبھی کبھی موزوں فرماتے تھے" ...... از آنجملہ یہ ھے پردۂ پوربی میں ۔

یوں باجن باجے رے اسرار چھاجے

مندل میں دھمکے　　　رباب رنگ میں جھمکے

صوفی ان پر ٹھمکے

یوں باجن باجے رے اسرار چھاجے

پروفیسر شیرانی نے ان کے متعدد اشعار لکھے ھیں ان میں دو ایک یہاں نقل کئے جاتے ھیں

یہ فتنی کیا کسی سے ماتی ھے　　　جب ماتی ھے تب چھاتی ھے

اول آن چنچل بہت چھلائے　　　آن چھوہری بہتی کمائے　　　آپ روکر بہت رولائے

یہ فتنی کیا کسی سے ماتی ھے　　　جب ماتی ھے تب چھاتی ھے

محمد سرور پریم کا رحمت اللہ بھریا　　　باجن جیوڑا وار کر سر آگیں دھریا

روزے دھر دھر نماز گذاری دنی فرض زکواۃ　　　بن فضل تیرے چھوٹک ناھیں آگیں مکہ میں بات

شیخ عبدالقدوس گنگوھی: شیخ عبدالقدوس گنگوھی (ولادت سنہ ۸٦۰ ہجری وفات سنہ ۹۴۵ ہجری) شیخ محمد بن شیخ احمد عبدالحق چشتی صابری کے مرید اور صاحب تصانیف کثیرہ ھیں۔ وہ ھندی کے شاعر

تھے اور الکھ داس تخلص کرتے تھے۔ پروفیسر شیرانی نے اپنی کتاب ”پنجاب میں اردو“ میں ان کے کلام کا نمونہ دیا ھے۔ اس میں سے یہ چند شعر نقل کئے جاتے ھیں ۔

دھن کارن پی آپ سنوارا	بن دھن سکھی کنت کہا را
شہ کھیلے دھن ما نہیں ایواں	باس پھول میں اچھے جیواں
کیوں نہ کھیلوں تج سنگ میتا	مجھ کارن تیں ایتا کیتا
الکھ داس آکھے سن سوئی	سوئی پاک ارتہ پھن سوئی

جدھر دیکھوں ھے سکھی دیکھوں اور نکوئے دیکھا بوجھ بچار منہ سبھی آپ ہیں سوئے

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری | حضرت شاہ محمد غوث بہت بڑے بزرگ اور اہل اللہ میں سے تھے شیخ وجیہ الدین جیسے بلند پایہ عالم اور شیخ بھی ان سے ارادت رکھتے تھے اگرچہ وہ مرید شاہ قادن تھے مگر فیض روحانی انہیں شاہ محمد غوث ھی سے حاصل ھوا۔ مقصود المراد (ملفوظات سید ھاشم علوی) میں خود شاہ ھاشم (جو خود شیخ وجیہ الدین کے بھتیجے ھیں) کی زبانی یہ لکھا ھے کہ شاہ وجیہ الدین کی تربیت حضرت شاہ محمد غوث نے فرمائی اور علم حقایق سکھایا اور باوجودیکہ انہوں نے بائیس سال کی عمر میں ایک سو بیس علم تحصیل کئے لیکن خرد شاہ صاحب (شاہ وجیہ الدین) فرماتے تھے اگر میں شیخ سے ملاقات نہ کرتا تو میں مسلمان نہوتا اور پھر فرمایا کہ جو معرفت اللہ تمام عمر میں حاصل نہوئی تھی وہ ایک شب میں حاصل ھوگئی ۔

اس کتاب میں شاہ صاحب کا ایک ھندی قول سید شاہ ھاشم کی زبانی بیان کیا گیا ھے ۔

” بھکی بچہ خدا کوں نامیلے “

یعنے بھکاری کو خدا نہیں ملتا۔ ان کے بعض اور اقوال اور ھندی اشعار بھی میری نظر سے گزرے ھیں جنکو میں وقت کی تنگی کی وجہ سے اس وقت تلاش نہیں کرسکا ۔

حضرت کا انتقال سنہ ۹۷۰ ھجری میں آگرہ میں ھوا، گوالیار میں دفن ھوئے۔ آپ کی عمر بقول بدایونی وفات کے وقت اسّی سال کی تھی ۔

شیخ وجیہ الدین احمد علوی | شیخ وجیہ الدین احمد العلوی قدس سرہٗ بہت بڑے عالم اور صاحب باطن ہوے ھیں ۔ صاحب تصانیف ھیں ۔ سنہ ۹۱۰ ھجری میں محمد آباد (جانپانیر) میں پیدا ھوے اور سنہ ۹۹۸ ھجری میں انتقال فرمایا ۔ آخر عمر احمد آباد میں درس و تدریس اور تعلیم و تلقین میں مصروف رھے اگرچہ وہ اور ان کے خاندان کے دوسرے بزرگ شاہ قادن کے مرید تھے لیکن فیض روحانی اور معرفت الہی شیخ محمد غوث سے حاصل ھوی ۔ آپ کے مریدوں نے آپ کے ملفوظات کتاب کی صورت میں جمع کئے ھیں جس کا نام بحر الحقایق ھے ۔ اس میں جگہ جگہ ان کے ھندی اقوال درج ھیں ۔ شیخ کے مرید ان سے سوال کرتے ھیں اور وہ اس کا جواب دیتے ھیں سوال تو فارسی میں لکھے ھیں لیکن جواب خود شیخ ھی کے الفاظ میں ھندی میں تحریر کئے ھیں یہاں چند مقام نقل کئے جاتے ھیں ۔

لفظ ، فرمودند کہ ’’ جس چیز میں ذوق و شوق پاوئے او سے ترک نہ دیوے ‘‘ یعنے در آن چیز یکہ صوفی ذوق و شوق یابد آن چیز را ترک نہ دھد ۔ شخص گفت اگر آن چیز متعلق الحرمت باشد چہ کند ۔ از و اعراض نمودہ فرمودند ’’ بھونڈا ھوئے سونا کرے ‘‘

لفظ ، عزیزے عرض کرد ۔ بخانۂ دنیا داران نروم ۔ فرمودند

’’ کاھے دنیا دار بھی اپنیچ ‘‘ یعنے اھل دنیا نیز از ما اند ۔

لفظ ، می فرمودند ۔ طالب کشف نباید شد ۔

’’ اپنوں کوں کیا کشف ھوے یا نھوے کام اس کا ھے ‘‘

درحکایت کردن فرمودند ’’ کیا ھوا جو بھوکوں موا ‘‘ بھوکوں موے تیں کیا خدا کوں انپڑیا ، خدا کوں انپڑنے کی استعداد ھوا ھے ‘‘ ۔

لفظ ، کسے از ریاضت عرض کرد ، فرمودند ’’ میں کہاں یا کدھاں ریاضت کیتی ‘‘ ۔

لفظ ، فرمودند ’’ جیسی تجلی پکڑے تیسا ارادا دیوے اگر عبد کی تجلی پکڑے عبدیت ارادا دیوے ‘‘ ۔

شیخ بہاالدین برناوی | شیخ بہاء الدین برناوی خاتم التارکین اکبر و جہانگر کے عہد کے بزرگ ھیں ۔ خاتم التارکین | ھندوستان کے مختلف مقامات کی سیر و سیاحت کی ۔ موسیقی کے دلدادہ تھے اور خود اس فن میں بڑا کمال رکھتے تھے بلکہ بعض چیزوں کے موجد ھوے ھیں ۔ پروفیسر شیرانی نے آن

کے حالات اور ان کا کلام کتاب چشتیہ تصنیف مخدوم علاء الدین ثانی سے نقل کیا ھے ۔ وھیں سے ان کے کلام کا یہ نمونہ درج کیا جاتا ھے ۔

ان نینن کا یھی بسیکھ ھوں تجھ دیکھوں توں منجھ دیکھ

خواجہ خضر کے حق میں کہا ھے ۔

دائم حیات کائم کرامات مـلا کات نعمت پاؤ نہم
ندی تیر دُرم بھاری بہیر بہرت مرھت ھو تیاں تیاری پرم
رحم کیجے کرپا تہیں دیجے کا کہوں زاوری سم
تم کہواجہ [۱] کہدر [۲] و ے مہتر الیاس رہ دور پاس یا جگت اگم [۳]

سید شاہ ھاشم حسنی العلوی / سید شاہ ھاشم حسنی العلوی بن قاضی برھان الدین بن قاضی نصر اللہ بن قاضی عماد الدین بہت بڑے بزرگ ھوے ھیں ۔ قاضی برھان الدین اور شاہ وجیہ الدین دونوں قاضی نصر اللہ کے بیٹے تھے ، شاہ وجیہ الدین سب سے بڑے تھے اور قاضی برھان الدین سب سے چھوٹے ۔ آپ نے سنہ ۱۰۵۹ ھجری میں انتقال فرمایا ، آپ کے ایک مرید حاضر باش شاہ مراد ابن سید جلال نے آپ کے تمام اقوال و حالات جو شاہ صاحب کی زبانی وقتاً فوقتاً سنے ایک کتاب کی صورت میں جمع کر دئے ھیں ۔ جس کا نام انہوں نے ” مقصود المراد ،، رکھا ھے ۔ اس میں جا بجا کثرت سے شاہ صاحب کے ھندی اقوال و ابیات ور نظمیں بہی موجود ھیں جو انہوں نے خود شاہ صاحب کی زبانی سنکر قلمبند کی ھیں ، ان میں سے چند یہاں نقل کی جاتی ھیں ۔

نکتہ :—

ھاشم جی چھولا [۴] لہر پیویں وحدت کے بحر
ھوویں متوالے سحر دنی [۵] جوں قاتل زھر

---

[۱] خواجہ [۲] خضر [۳] جو نہ مل سکے [۴] موجیں [۵] دنیا

سید شاہ ھاشم اپنے چچا زاد بھائی میاں عبداللہ ابن شاہ وجیہ الدین کی خدمت میں بغرض بیعت وارادت حاضر ھوے ، میاں صاحب نے فرمایا بیٹھو آپ نے کہا میں تو خدمت کے لئے حاضر ھوں انھوں نے کہا تم میرے بھائی ھو میں تم سے کیسے خدمت لے سکتا ھوں ، آپ نے کہا میں تو اسی نیت سے حاضر ھوا ھوں اور برابر خدمت میں حاضر رھے ۔ چند روز کے بعد شب کو انھوں نے دیکھا کہ حضرت میاں شاہ عبداللہ فرما رھے ھیں کہ مجھ میں جو کچھ ھے وہ میں نے تجھے بخشا اور یہ پانچ شغل جس طرح کہ میں کہتا ھوں تم کرو ۔ اس واقعہ اور ان اشغال کو شاہ ھاشم نے اس طرح نظم میں ادا کیا ھے ۔

ھس ھس منتے کہیا نہاں — دیوں مجی سب جے منج ماہاں

میں بی تم سر کر لیتا [۱] — کیوں نہ لیو جو دیوے دیتا

پانچ شغل کہہ آکھیں سائیں — جیوں رے کہوں ھوں چاں تو انہیں

شغل تکفینا کہیا یہو — نہا بڑا یک جانے جیو

جیسا اوڑے آپس تون — تیسا اوڑے ساروں کوں

تن منہ اپنی صورت دیکھ — آپس تیں کوی جوا نا دیکھ

شغل الہی کی حد جان — بی بی بولو جیو نہ آن

پالو بی تن مت اپراے — ھاشم جی یوں یوں سمجاے

تہی دو شنبہ کیری رات — شاہ عبداللہ آ کہی بات

تکملہ :-

اے دنیا کے لوانے کیڑے مکوڑے — کہیو شہد پر دوڑاتے گھوڑے

ڈوبتے بہت نکلتے تھوڑے

[۱] جھکانا

نکتہ :۔

نا منج زن نا منج فرزند　　نا منج بھائی نا منج بند
[۱]
ہاشمی پیو سوں سند

نکتہ :۔

پہاوانوں پہلی شرط یہ　　نلائیں پہلو ہوئیں وہ
ہاشمی جیٹھ سے مدماتے بہاری　　علوی لوٹیں دن راتیں ساری

نکتہ :۔

انما الاعمال بالنیات　　نہیں عمل مگر نیت سوں بات
[۲]
جو ایسی نیت دیوے ہات　　نولاسیاں کھیاوں شہ کے سات

جکری :۔

کہیو ہو چك میرے پیو　　بہوت ونں کا آلجا جیو
[۳]
باور کوپ گھٹا کر آوے　　تل دھارن کھیچی کھوڑی کھجاوے
مور چکارے ہے بن ماتی　　پسو پکی سب نیرے رانی
کئی کئی بھانتو بہاو دکھاتے　　کہیو ہو چك مرے پیو
بہوت ونں کا آلجا جیو
[۴]
بیر بہوٹی رنگ رت میری　　وے رت آوے سو دھن کیری
بہور پیا گھر آؤ سویرے　　کہیو ہو چك میرے پیو
بہوت ونں کا آلجا جیو

---

[۱] ملنا　[۲] رنگ رلیاں　[۳] ذرا　[۴] سرخ رنگ

نین ہمارے نس دن رووے　　　میت بنا کہو کیوں جنم کہووے
ہاشمی سک ہووے تب مکھیہ دیتا جووے　　　کہیو ہو چلک مرے پیو
بہوت ونن کا الجا جیو

جکری :—

جائے کہو پنت تل آئے پیا　　　سسکتا جیو دھکتا ہیا
لا اللہ نفی الا اللہ اثبات　　　محمد برحق بلا میم احمد ذات
جائے کہو ایک ....

نفی کل ہوا مانوں تو　　　کل اثبات ہووے جو
ہاشمی رخسار پھڑکنے　　　علوی دھڑکتا ہے جیو
اب آنے کی ہے بدھائی پیو　　　جائے کہو ....

....

نکتہ :—

یہی جحت ہے بس ہوں کوں　　　جس تہیں لہیا سب منہ توں، توں
پھر باطن تہیں ظاہر آیا　　　بن ہاں نکتہ واحد لیا یا
ہوا یکا یک آپ دکھایا

اتہیں راز پیا کا بوجہا　　　تن من منہ جب سائیں سوجہا
ہے توں ہوں ہریں روں روں ما نہاں　　　ایک الف ہو آیا نانہاں
کرنا بھاؤ سوٹھا نہیں ٹھا نہاں

نون تہیں نور ظہور ہو آیا　　　پنج حرفوں لٹکا لیا یا
کر کر لٹکے آپ دکھایا

اب تک میں نے جو کچھ لکھا ہے اس کا مقصد صرف اتنا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان صوفی اور اهل الله جو هدایت اور تلقین پر مامور تھے اور جن کا اثر اهل ملک پر بہت بڑا تھا وہ سب ہندی جانتے تھے چنانچہ اس بیان کی تصدیق میں ان کے اقوال و ابیات اور نظمیں جو اون کے ملفوظات یا بعض تاریخوں میں ضمناً یا محض اتفاقی طور پر آگئی ہیں پیش کی گئی ہیں ۔ ان اقوال و ابیات میں سے بعض خالص ہندی میں ہیں اور بعض ایسی ہندی میں جو عربی فارسی الفاظ یا ترکیبوں سے مخلوط ہے ۔ اب میں ان بزرگوں اور صوفیا کا ذکر کرتا ہوں جو ہندی یا مخلوط ہندی یا ریختے میں صاحب تصانیف ہوے ہیں ۔ جن حضرات کا ذکر اس سے قبل ہوا ہے ممکن ہے کہ اون میں بھی بعض نے ہندی یا مخلوط ہندی میں رسالے یا کتابیں یا مسلسل نظمیں لکھی ہوں ، لیکن ان کے تصانیف (اگر در حقیقت کچھ تھیں) اس وقت تک دستیاب نہیں ہوئیں ۔ اب اس کے بعد میں ان صوفیا اور اهل الله کا ذکر کروں گا جن کا کلام دستیاب ہو چکا ہے اور میرے پاس موجود ہے ۔

افسوس ہے کہ اب تک حضرت امیر خسرو کے ہندی کلام کا سراغ نہیں لگا اور جب تک نہیں ملے گا اس کا افسوس رہے گا ۔ اس میں ذرا شک نہیں کہ وہ ہندی زبان کے ماہر تھے ، اور ہندی میں ان کا کلام موجود تھا جس کا اعتراف خود انہوں نے اپنے دیوان کے دیباچے میں کیا ہے ۔ اگر کبھی ان کا ہندی کلام ملا تو اس وقت اس کی پوری کیفیت اور حقیقت معلوم ہوگی ۔ فی الحال جو متفرق کلام تذکروں میں ، بیاضوں میں ، یا جو لوگوں کی زبانوں پر ہے اس کے چند نمونے نقل کرنے گئے ہیں ۔ خسرو کے فارسی کلام میں بھی ہندی الفاظ جا بجا استعمال ہوئے ہیں جنہیں وہ بڑے سلیقہ سے استعمال کرتے ہیں جس طرح وہ ہندی زبان کے ماہر تھے اسی طرح وہ ہندی موسیقی میں بھی درجۂ کمال رکھتے تھے ۔ ان دونوں کا ساتھ لازم و ملزوم ہے ، جس طرح انہوں نے ہندی موسیقی میں فارسی نغمہ کا پیوند لگایا ہے بعینہ اسی طرح انہوں نے ہندی اور فارسی کو ملایا ہے اور حضرت امیر کے حق میں یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے سر زمین ہند میں اس زبان کا بیج بویا جو بعد میں ریختہ ، اردو ، یا ہندوستانی کے نام سے موسوم ہوئی ۔

آن کی جو چیزیں ہمیں زبانی پہنچی ہیں ان کے متعلق بد گمانی کرنا درست نہیں ہماری

بہت سی ایسی عزیز چیزیں جو سینہ بسینہ ہم تک پہنچی ہیں یہ سچ ہے کہ ان میں تصرف کیا گیا ہے لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ان کی نہیں - بعض ایسی بھی ہیں جو اون سے منسوب کردی گئی ہیں لیکن منسوب کرنے والوں کی نظر میں ضرور ایسی اصلی چیزیں تھیں جن کی نقل اتارنے کی انہوں نے کوشش کی ہے اور جہاں جعل بنانے میں ذرا سی بھی کسر رہ گئی ہے تو اون کی چوری پکڑی گئی ہے اور وہ چیزیں اپنی وضع و ترکیب اور زبان کی وجہ سے خود بخود ساقط الاعتبار ہو گئی ہیں - یہ تو زبانی چیزوں کا حال ہے - تحریری کلام بھی تصرف سے محفوظ نہیں رہ سکا - کیا سعدی کی گلستاں بالکل وہی ہے جو سعدی نے لکھی تھی یا فردوسی کا شاہنامہ بعینہ وہی ہے جس کے لئے اس نے تیس سال خون جگر کھایا تھا -

شمس العشاق شاہ میراں جی | اگر حضرت گیسو دراز کے رسالہ معراج العاشقین سے قطع نظر کی جائے اور آپ سے منسوب خیال کیا جائے تو پہلے صوفی بزرگ جن کا کلام مستقل طور سے ملتا ہے وہ حضرت شاہ میراں جی شمس العشاق بیجا پوری ہیں جن کا سنہ وصال لفظ "شمس العشاق" سے سنہ ۹۰۲ ھجری نکلتا ہے - آپ مکہ میں پیدا ہوئے اور کچھ دنوں بعد ہندوستان آئے اور حضرت شاہ کمال الدین محمد بیابانی سے بیعت ہوئے - شاہ کمال الدین کو شاہ جمال الدین مغربی سے بیعت تھی اور وہ حضرت سید محمد حسینی گیسو دراز کے مرید تھے - حضرت گیسو دراز کا فیض دکن میں بہت وسیع اور عام ہے اور ان کے روحانی فیوض کچھ بھی ہوں لیکن ان کا یہ فیض کچھ کم نہیں کہ ان کے سلسلہ میں اس زبان کو روز افزوں فروغ ہوا جو وہ اپنے ساتھ دھلی سے لائے تھے - کیا یہ کچھ کم کرامات ہے کہ ایک شخص جو مکہ میں پیدا ہوتا ہے ہند میں آ کر یہیں کی زبان میں تعلیم و تلقین کرتا ہے یہی نہیں بلکہ اسی میں لکھتا پڑھتا اور اسی میں نغمہ سرا ہوتا ہے چنانچہ وہ خود اپنے حال میں تحریر فرماتے ہیں کہ وہ مکہ سے مدینہ شریف کی زیارت کر گئے اور تقریباً بارہ سال روضۂ مبارک کے قریب رہے - ایک روز شب جمعہ کو آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے انہیں ہندوستان جانے کے لئے ارشاد فرمایا تو آپ نے نہایت عجز سے یہ عذر کیا کہ میں ہندوستان کی زبان سے نا واقف ہوں - آنحضرت نے زبان مبارک سے فرمایا وو ھمہ زبان بشما معلوم خواھد شد "، اور یہی ہوا - ان کا تقریباً سارا کلام (جو اس وقت تک مجھے دستیاب ہوا

ہے) اسی ہندی زبان میں ہے ۔ اس سے سمجھہ لینا چاہئیے کہ اس وقت ہندوستان کی عام زبان یہی تھی اور دو آبے، پورب، پنجاب، گجرات، دکن وغیرہ میں اسی کا تسلط تھا ۔ شاہ میران جی بڑے پایہ کے بزرگ تھے انہوں نے بیجاپور میں ایک ایسے خاندان کی بنیاد ڈالی جس میں آن کے جانشین یکے بعد دیگرے کئی پشت تک بڑے صاحب علم اور صاحب ذوق ہوئے اور انہوں نے اسی کو اپنی زبان سمجھا اور اسی زبان میں سلوک و معرفت پر متعدد رسالے اور نظمیں لکھیں ۔ اس خاندان کے مریدوں اور معتقدوں نے بھی اپنے مرشدوں کی پیروی میں اسی زبان کو اپنی تصنیف و تالیف کا ذریعہ بنایا یہ اسی مبارک خاندان کا اثر تھا کہ بیجاپور میں زبان کو اس قدر فروغ ہوا اور وہاں ایسے ایسے خوش بیان اور بلند خیال شاعر پیدا ہوئے جن کی نظیر اردو کے شاعروں میں بہت کم ملتی ہے ۔

اس خاندان کے کسی مرید و معتقد نے اس خاندان کے بزرگوں کے تمام کلام کو خاص اہتمام اور احتیاط سے یک جگہ کر دیا ہے وہ قلمی بیاض جو بہت ضخیم ہے مجھے ایک بزرگ نے عنایت فرمائی اس میں شاہ میران جی کے کئی رسالے ہیں ۔ اس قلمی مجموعہ کا سنہ کتابت ۱۰۶۸ ہجری ہے ۔

ایک رسالے کا نام شہادت الحقیقت یا شہادت التحقیق ہے ۔ یہ بڑی خاصی نظم ہے ۔ اندرونی شہادت سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ شاہ صاحب ہی کی تصنیف ہے وہ اس میں اپنے پیر شاہ کمال بیابانی کا اس طرح ذکر کرتے ہیں کہ آن کی تصنیف ہونے میں کچھ شبہ باقی نہیں رہتا ۔ فرماتے ہیں ۔

اس کمالیت کا سنگ — اس خاندان کا رنگ
آن گمائے اپنا حال — تو ہوئے پیر کمال
کچھ تھے نصیب میرے — ٹک دیکھے تو آن کیرے

یہ نظم آن کی دوسری نظموں کے مقابلے میں زیادہ سلیس ہے ، بحر صاف اور ہندی ہے حمد میں کہتے ہیں ۔

بسم اللہ الرحمن — الرحیم تو سبحان
یہ سب عالم تیرا — رزاق سبھوں کیرا
تجھ بن اور نکوئے — نا خالق دوجا ہوئے

جے تیرا ہووے کرم	تو ٹوٹے سبھی بھرم
اس کارن تجھ کو دھاوں	اور تیرا نام لیوں
تجھ نرتا لوک جائے مر	اور پوری صفت یکھانے
ھے تیرا انت نہ پار	کس مو کھوں کروں اچار [١]
جو تیرا امر جانے	اس نہی کو نہ مانے

اس کے بعد نعت کے چند شعر ہیں پھر منقبت اور منقبت کے بعد اپنے پیر کا ذکر ھےاور اس کے بعد تصوف کی معمولی باتیں ہیں۔ کہیں اس سے قبل کہ وہ تصوف اور معرفت کے مسائل بیان کریں، ھندی زبان میں لکھنے کی وجہ اور معذرت اس طرح بیان کرتے ہیں کہ بہت سے ایسے لوگ ہیں جو عربی جانتے ہیں نہ فارسی، ان کے لئے ھندی میں یہ باتیں لکھی گئی ہیں۔ ظاہر پر نہ جانا چاھئیے باطن کو دیکھنا چاھئے۔ زبان کوئی بھی ہو معنوں پر خیال کرنا چاھئے۔ جیسے مٹی چھان کر سونا نکالتے ہیں اسی طرح بات کے مغز کو لو اور لفظوں پر خیال نہ کرو وہ اسے گھر بھا کا کہتے ہیں یعنے وہ زبان جو گھورے پر کی ھے۔ اس سے ظاھر ھے کہ اس وقت اھل علم کی نظروں میں کیا قدر و منزلت تھی۔ لیکن ساتھ ھی کیا اچھی تشبیہ دی ھے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ سمجھ لو کہ گھورے پر بارش ھوی اور وھاں کسی کو چمکتا ھوا ھیرا مل گیا۔ یہ زبان گویا گھورے کا ھیرا ھے، کوئی معقول آدمی ایسے ھیرے کو گندہ سمجھکر پھینک نہیں دے گا۔

میں عربی بول کیرے	اور فارسی بہتیرے
یہ ھندی بولوں سب	اس ارتوں کے سبب
یہ بھا کا بھلو بولی	پن اس کا بھاوت کھولی
یوں گر مکھ پند پایا	تو ایسے بول چلایا
جے کوئی اچھیں خاصے	اس بیان کرے پیاسے

---

[١] بیان

وے عربی بول نہ جانے ۔۔۔ نا فارسی پچھانے
یہ ان کو بچن ہیت ۔۔۔ سنت بو جھیں ریت
یو دیکھت ہندی بول ۔۔۔ پن معنی ہے پنتول
کڑوے پن سو رس ۔۔۔ پھل پا کے جوں پھنس
نا ویکھت بورا ایکھو ۔۔۔ لیے مغز چاٹ دیکھو
جے مغز میٹھا لاگے ۔۔۔ توکیوں من اس تے بھاگے
تیوں اس میں ارت نیچ ۔۔۔ سب قراں کرے بیچ
وہ مغز معنے لیو ۔۔۔ سب چھال چھوڑ دیو
[۱]
یا وہ دیکھے چھارا ۔۔۔ اس مائی کا پسارا
نا مائی اس کو ہاں ۔۔۔ وہ راکھے سمیٹ آن
یہ چھان سنّا لیوے ۔۔۔ اور بعضے نا کہ دیوے
تیوں بھاکا مائی جانو ۔۔۔ زر معنی دل میں آنو
تو جس کو بھاوے جوڑ ۔۔۔ نا جاسی یہ کن چھوڑ
ہے کڑواں کیرا ہیرا ۔۔۔ گھوڑ اوپر پڑیا نیرا
کوئی سبحاں بھاگوں پاوے ۔۔۔ تو کیوں نا لیہ اچاوے
[۲]
گھُڑ بھاکا چھوڑ دیجے ۔۔۔ چن معنی مانک لیجئے

اس کے بعد کتاب کا نام اور اس کی خوبیاں بتائی ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں —

اس نام ہے تحقیق ۔۔۔ سن شہادۃ التحقیق
اس کا مغز دریا ۔۔۔ جے دیکھ تت رہے بھریا
سب ہیروں کیری کہان ۔۔۔ نا موتیوں کیری دان
جے غواص ہو دہ سیوے ۔۔۔ تو سالم سودھا لیوے

---

[۱] کہار [۲] موتی

جسے ہوسے گا مجھارا   کیا جانے گا بچارا

اس کے بعد تصوف کے مسائل بیان کئے ھیں اور یہ سب سوال و جواب کے طرز میں ھیں۔ سوال طالب کی طرف سے اور جواب مرشد کی جانب سے ۔

ان کا ایک اور رسالہ ھے جس کا نام "خوش نامہ" ھے ۔ یہ بھی منظوم ھے اور اس میں کچھ اوپر ایک سو ستر دو ھے یا شعر ھیں۔ چنانچہ خود ھی کتاب کا نام اور اشعار کی تعداد بتاتے ھیں ۔

اس خوش نامہ دھریا نام دوھا ایک سو ستر

ھندی شعرا بعض اوقات تصوف اور معرفت کی باتیں عورت سے خطاب کر کے یا عورت کے حالات میں بیان کرتے ھیں۔ مثلاً یہ دنیا اس کی سسرال ھے اور عالم آخرت اس کا میکا ھے۔ اس طرح بطور استعارہ عورتوں کے تمام مناسبات مثلاً زیور پہننا، مہندی لگانا، چرخا کاتنا وغیرہ استعمال کرتے ھیں۔ اس نظم کے پڑھنے سے یہ معلوم ھوتا ھے کہ خوش یا خوشنودی یا تو ایک فرضی لڑکی ھے یا خضرت کی کوئی عزیز ھے جس کے لئے یہ نظم لکھی ھے۔ اول اس کا نسب نامہ بیان کیا ھے، پھر اس کے سبھاؤ کا ذکر کیا ھے کہ وہ بھولی بھالی ھے، ستونتی ھے، سب کی پیاری ھے۔ دوسری لڑکیوں کی طرح بناؤ سنگار نہیں کرتی ھے بلکہ اس کے دل میں خدا کی لگن لگی ھوئی ھے اور اسی رنگ میں رنگی ھوئی ھے ۔

کبھی نہ رنگی میدھی رنگوں پھولوں باس نہ آیا
رنگ نہ رنگیا دنتوں اس کے بھینی نہ ھلدوں کا یا
کہے منجہ سیر سہاگ اللہ کا چھڑ رھیا سہاوا
اب کیوں سر سہاوے دو جا تم کو ناھیں بھاوا
آس کے رنگوں رنگی ساڑی دو جا رنگ نہ بانی
آس کی باسا ھم کو باسا پھول پھوکٹ کی آنی

ایسی باتیں کرے گنونتی مورکھ بوجھیں سُدھ
یہی من میں آوے اپنے چھند سوھی سکھاوین بودھ

جب لوگ اُسے بے پرواٸی اور بے نیازی کا طعنہ دیتے ھیں تو وہ جواب دیتی ھے کہ ھمیں یہی رنگ بھاتا ھے اور ھمیں دنیا اور اُس کے عیش و آرام سے کچھ کام نہیں

کہے یہ سب حکم خدا کا جے تم آکہیں یوں — ھم کو بھاوے یک اللہ سو کرے وہ بھاوے تیوں
ناھم اچھیں سوکہ سنسارا ناھم اچھیں چاؤ — ھم تو راون لوڑیں اس سے جے ھے راون راؤ
جے ھنرگُن گنوں کا سبھن گُن کوں سو بوجھے اب — پُن پاپ سٹ دیجے آپ شہ سوں میلا ھوٸے تب

اس کے بعد پیر کی تعریف اور اچھے بُرے پیر کا امتیاز بیان کیا ھے ـــ

پیر وھی جو پیرم لگاوے نور نشانی عین — منزّہ کی سدھ لکھاوے جہاں دیس نا رین
[۱]
جس مارگ تہیں جیو سنچرے سوھی مارگ مار — مارگ چھوڑ چلے کو مارگ تن کا ھیں بچار
کریں جبھیں وہ تیرت پٹن پیرک ابھا سبھی دھیان — پانچو چیز ریا سور اکھیں کیوں کر دیجے مان
[۲]
چندر سورکی ارتہ دکھاوین کریں اچنبھا جب — ذاکر موھن دم چلاویں یہ بہی دھیان الپ
اونچھت موندت پھریں پھوکٹ ترت کریں یا حج — تہان دیکھ جے دیویں مان وہ بہی مورکھ نلج

....

جن کو شہوت کیرا ھاوا آن کوں دیسے پیر — جن کے پیر شیاطیں ووے تو نا آویں کے حق دھیر
سوُرؔ کے گل باندھیا مشک وہ کیا اس کو جانے — آس کے تائیں سرجیا وہ سوھی پچھان مانے
[۳]
یا گدھڑے پر قران لاد یا یک نہ بوجھے بول
لایق اپنے کرے بیان لیہ موکر اپنا کھول

---

[۱] چلے [۲] تھوڑا [۳] گدھا

غرض اسطرح پیروں کے صفات اور ان کے کرتوتوں کا ذکر برابر چلا جاتا ھے۔ آخر وہ میران جی سے عرض کرتی ھے کہ میرے حال پر توجہ کیجئے مجھے دنیا اور اس کی لذتوں سے بکہ غرض نہیں، میں تو تمھارے پریم کی پیاسی ھوں اور تم ھی سے میری آس ھے۔ وہ خدا کی حمد کرتی ھے اور آس سے مناجات کرتی ھے۔

منج نا لوڑے الوان نعمت پھوپ پریمل باس [۱] | روکھی سوکھی اوپر خوشی کا کڑانی ماس
نا منج لوڑے پاٹ پتنبر نہ زر زری سنگار | پھاٹی ٹوٹی کنبلی نیکی کا جب ھار
نا منج لوڑے پلنگ نہالی صوفے ماڑی باغ | حسرت راکہ جیونا مرنا یہ توکسمل داغ [۲]
جسے نہ سمایا ڈھول ملاوے کبھو نہ پرکٹ شوق | جسے نہ عشقوں آنجھو ڈھالے کبھو نہ پایا ذوق

....

توں قادر کر سب جگ سب کوں روزی دیوے | توں سبھوں کا دانا بینا سب جگ تجکوں سوے
سب کی چنتا تجکوں لاگی جیسے جیو جیون | سبکی جان سبحان توںہیں دے جسے جسکے من
ایکس مانٹی مولی دیوے ایکس مانٹی باج | کیتوں بھیک منگاوے کیتوں دیوے راج
کیتوں پاٹ پتنبر دیتا کیتوں سرکی لایا | کیتوں دھوپ تلاوے کیتوں اوپر چھایا
کیتے گیان بھگت بیراگی کیتے مورکھ گنوار | ایک جن ایک مانس کیتا ایک پرس ایک نار
ایک فرشتہ یک شیطان یک چور یک ساؤ | ایک جھاڑ یک پتھر مانٹی ایک اگن ایک باؤ
عرش کرسی لوح قلم دوزخ بہشت نپایا | اسمان سور، چندر تارے سب پر حکم چلایا

....

تجھتے ھی قدرت کوں زور، تجھتے نور نورانا | تجھتے سب کا سبھی پنا تُج بن سبھیں بیگانا
تُج بن کوئی نہ مازجواے، تج بن کوئی نہ آس پوراوے | عالم اوپر بایا بھنا، کرے حکم سوں جیسا بھاوے
بہشت میانے آگ اچاوے، دوزخ کوں سکے بجھاوے | پکڑ بھکاری تخت بٹھاوے، راجسے راکھی کرد ملاوے

---

[۱] خوشبو [۲] ناپاک، ذلیل

پھر بندیاں کو کرے دیوانے، سو کہیاں کو ایہ دوکھ میں بہانے ‏‏ ‏ کر کر بندگی جرم گنواوے، پھر بڑ تیچ عجب کیا رانے

میں اس کارن بہت ڈروں ڈرکر جاؤں کہاں ‏ ‏ جہاں جہاں میں چھپیں لوڑوں تو ہی تہاں تہاں

اب نہ چھپوں اب نہ ڈروں، ڈرو نکر تہاں لگ ڈروں ‏ ‏ ہمیں غریب نپائے ترے، آس ترے آسا دھروں

مانا جیسے بالک ترے روسی جانا اہیں کدھر ‏ ‏ آپ جس مارگ لاسی میراں میں جاؤں تدھر

....

تو رحمان رحیم میرا، مہر محبت بھریا ‏ ‏ میں تو باندی بردا تیری تیں مجھ ہاتوں دھریا

نا میں کیتی بندگی تیری نا دھر کیتی یاد ‏ ‏ دائم کیتی آ گل تیرے سالکو تہتے فریاد

تیں بھی میرا لاڑ چلایا کبھوں نہ ہوا اداس ‏ ‏ آپ سمند یسا تو ڑ گسائیں تیری منجھ کو آس

یہ دعا قبول ہوتی ہے اور ہاتف خوشخبری دیتا ہے، فرشتے ادب سے حاضر ہوتے ہیں اور آسمان سے نور کے طبق آتے ہیں اور پھولوں کی خوشبو سے آسمان زمین مہک اٹھتے ہیں۔ خوشنودی کا یہ آخری وقت ہے اور وہ اس دنیا سے چل بستی ہے، یہ نظم بڑی پرکیف اور دلگداز ہے اور جس ڈھنگ سے شاہ صاحب نے ان خیالات کو ادا کیا ہے وہ بہت پر اثر ہے ـ

شاہ صاحب کا ایک تیسرا منظوم رسالہ بھی اسی قسم کا ہے خوش یا خوشی سوال کرتی ہے اور میراں جی جواب دیتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اس کا نام بھی خوش نغز ہے۔ اگرچہ اس میں گنتی کے کل بہتر تہتر شعر ہیں، لیکن اسے نو ابواب میں تقسیم کیا ہے جن میں عرفان و روح، مراقبہ، عقل و عشق، کرامات، وحد و ملحد جیسے مضامین پر بحث کی ہے ـ

نظم کی ابتدا میں یہ دو شعر بطور تمہید کے لکھے ہیں ـ

جیسے ہماری ارادت کی آن کا یہ احکام ‏ ‏ نماز، تسبیح، نیتاں، ذکر اللہ یک نام

اس پر جیتا رہے صدق سوں او تا اچھے لاب ‏ ‏ دین، دنیا، دیدار، بہشتاں پاوے بے حساب

اس کے بعد اصل نظم شروع ہوتی ہے۔ نمونے کے لئے دو شعر پیش کئے جاتے ہیں ـ

خوش پوچھے کی کہو میرانجی علم اچھے کیتے ‏ ‏ پیر کہیں سن جیتے تن اچھیں عالم تیتے

خوش کہے بچ کہو میرانجی عشق ڑا یا بودہ پہر کہیں میں آکہوں بیان اس میں دھر نا سودہ

ایک چوتھا رسالہ شرح مرغوب القلوب ہے جو نثر میں ہے اور حضرت میرانجی ہی کی تصنیف بتایا جاتا ہے۔ اس میں دس باب ہیں جن میں، توبہ، طریقت، حقیقت، شریعت، وضو، دنیا، ترک دنیا، تجرید و تفرید، عشق و معشوق، فنا بقا اور سفر پر بحث کی ہے۔

ان ابواب میں یہ التزام رکھا گیا ہے کہ پہلے قرآن کی آیت ہو مگر وہ زیادہ تر احادیث نبوی لکھتے ہیں اور اس کے بعد ترجمہ اور مختصر تشریح کرتے ہیں۔ دو تین نمونے پیش کئے جاتے ہیں۔

"کُلّ امرٍ ذی بالٍ لم یبدءُ بہ بسم اللہ فہوا ابتر"

پیغمبر کہے جے کُچ کام کریگا کوئی خدا کا ناوں نہ لے کر تو او کام پائمال ہوے گا۔

"الحمد للہ ربُ العالمین"

سرانا نواز نا خدا کوں بہوت کہاو پالنہارا ہے عالم کا۔

"والعاقبتہ للمتقین"

ہور انس عالم میں خوبیاں دیوے گا، کہیا ہے، اپس کوں پچھانے لوگاں کو ہور پرہیزگاراں کوں۔

"پیغمبر علیہ الصلوۃ کہے خدا کی آشنائی جے کوئی بوجتا ہے، انو کیاں توں رہ کر انو تے بوج، انو تے توں سن ہور چپ نکو اچہ۔ اس چار باتاں کا پند ہے۔ یوں شریعت میں پیاے پاؤں رکہ کہ طریقت شریعت منج ہے"۔

خدا کہیا، تحقیق مال اور پنگڑے تمہارے دشمن ہیں، چھوڑ دیو دشمناں کوں اے کیسا غفلت ہے جو تجھے اندھلا کیا موت کی یاد تے تجھے بسرا کر"۔

شاہ میرانجی کا خاندان بہی عجب با برکت تہا، ان کے بیٹے اور پوتے اور پڑ پوتے بہی

بڑے شاعر گزرے ہیں اور ان کے کلام کا ذخیرہ بہت ضخیم ہے۔ یہاں میں صرف ان کے بیٹے اور پوتے کا ذکر کروں گا۔

شاہ برہان الدین جانم! شاہ برہان الدین جانم حضرت میرانجی شمس العشاق کے فرزند اور خلیفہ تھے اور اپنے وقت کے بڑے عارف اور صوفی تھے۔ ان کی ولادت اور وفات کی صحیح تاریخ معلوم نہیں ہوئی لیکن آن کی ایك نظم جو مجھے دستیاب ہوئی ہے اس کا سنہ تصنیف انہوں نے خود (۹۹۰) ہجری بتاتا ہے،اس سے یہ ظاہر ہے کہ ان کا انتقال اس سنہ کے بعد ہوا ہے۔ میرے پاس آن کے کلام کا بہت بڑا مجموعہ ہے۔ ان میں سوا ے ایك باقی دس سب منظوم رسالے ہیں جو تصوف و سلوك پر ہیں۔ ان کا کلام میرانجی کے لگ بھگ ہے مگر اس سے کسی قدر صاف ہے اور اس میں شاعرانہ ذوق بھی کسی قدر زیادہ ہے۔ میں اس موقع پر آن کی تصانیف کا مفصل ذکر کرنا نہیں چاہتا، البتہ آن کے کلام کے چند نمونے پیش کرنا چاہتا ہوں جن سے آن کے کلام اور اس وقت کی زبان کا اندازہ ہو سکے۔

حمد میں :—

سکتا، قادر قدرت سوں سمجھے تجہ کرں کوئی کہا   جس کرں لوڑے دیوے راہ کہا پہدی من بشا
یہ روپ پرگٹ آپ چھپایا کوئی نپایا انت   مایا موہ میں سب جگ باندھیا کیوں کر سوجھے پنت

(از وصیت الہادی)

اللہ پاك منزہ ذات   اس سوں صفتاں قائم سات
علم، ارادت، قدرت بار   سنتا، دیکھتا، بولنہار
حی صفت یہ جان حیات   اس کوں ناہیں کد ممات
ایسیاں صفتاں سوں ہے ذات   جوں کہ چندنا چاند سنگات (از نسیم الکلام)

کوئی کہیں سب عسق تمام   عشق کے آنکھیں کیا ہے فہام
عشق لیا ہے سب پھر باس   عشق تھے سگلا ہوگ بلاس
بعض آکھیں اپنی بوجھ   معلوم نہیں کچھ اس کی سوجھ

ایک جمع سب پکڑ یا بسار — جو نکے بیج تے نکلیا جھاڑ
کا نٹا چھانٹا پھل اور پھول — شاخ برگ سب دیکھ اصول
ایک جمع کر راکھیں بسار — بیج نپے کا نا هیں بسار
ایکے بیجیں بیج اپار — بیج نپے سو سگلا جھاڑ
کوئی کہے یہ دیکھ مقیم — یو سب عالم اھے قدیم
نہ اس خالق مخلوق کو ے — جیسا تیسا سمجھیا ھو ے (ازمنفعت الایمان)

کن آدم کا نہ ھا تہ چڑھے رھے کیوں کہنا انسان — صورت پر اعتبار نراکھیں جیسے ھیں حیوان [۱]
بلکہ ان تھے گمراہ کریوں قرآن میں فرمان — لوکاں یہ مت کچ الادی جن بوجہ بختوں لادی [۴]
پنتھ اکاس کا ونیکم جانے جل کا مارگ [۲] مین [۳] — سادھو کا انت سادھو جانے دوجے کوں نہیں چین
ایسا سادھو پیا گو لھیں تو چرنا رھنا این — لوکاں یہ مت کچ الادی جن بوجہ بختوں لادی
(از سکھ سہیلا)

علاوہ ان مثنویوں کے شاہ صاحب نے بہت سے خیال اور دوھے بھی لکھے ھیں جن کی ایک اچھی خاصی تعداد میرے پاس موجود ھے۔ ایک ایک مثال آن کی یہاں لکھی جاتی ھے ۔

--- : خیال : ---

اب سندیسا مجھ ھے شہ کا — جب کب پیا گوں انتر ملے
پیر بیرم کے ھیڑے میرے — نینوں مانہ جوں کنکر ملے
نس دن جاگے برہ ماری — نہ نیندا دیکھے نین پڑے
پلکیں میری آگ بلے کیوں — سپنے دیکھوں سو کھڑے
قول پیا تجہ آس لگی من — آس لگی تجہ پاس رھیں

---

[۱] علیحدہ [۲] پرندہ [۳] مچھلی [۴] پہچان

جب کا جھانستا تیں مجھ لایا ‏ ‏ یک تل نہ مجھسے ساس رھیں
نہ کا پنیا مجھ کوں لاگا ‏ ‏ لوک دیوانی دیکھ ھنسیں
جگ کی ھانسیں کیا مجھ ہوے ‏ ‏ کہو سریجن کہاں بسیں

دوہرا:—

جب لگ تن نہیں چھوڑیا جیو کیوں تب لگ ھونا دور
جب لگ نظر نہیں چھوڑی آنکھ کوں تب لگ ھونا نور
جب لگ سپنا نہیں چھوڑیا کان کوں یو سب اعضا حال
جب لگ فہم نہیں چھوڑیا دل کوں یو جہت ھو زوال
یوں سب تن میں برتن دیکھ چھوڑیں اے سکھ دکھ
دُکھ سُکھ دونوں یک کریں تو پاوے سہج کا سُکھ

آپیں جوگی سب جگ چیلا ‏ ‏ آپیں الیک نات رھے یکیلا
اپنی اچھیا کر سب چیاے پنایا ‏ ‏ نیکی بدی کے دو مدرے جھایا
کلمہ نبی کا پنتہ مبارک لایا ‏ ‏ تن کا کنتھا کر سب چیلوں پنھایا
بندگی جبوت کرنت اللہ لایا
یقین جوگ ڈنڈا نکیہ خاصا ‏ ‏ بلجیا کھوٹی دے بُندے پاسا
اس تن کے مٹھ میں راول کا باسا ‏ ‏ دھرتری پتر بھر بھوجن کیتا
بادل پھوڑ واکر پانی دیتا

شاہ برھان کا کلام اگرچہ سادہ ھے لیکن بعض مقامات پر شاعرانہ لطافت بھی پائی جاتی ھے۔ مثلاً

بن عشق بدہ کو سوج نہیں ‏ ‏ اور بن بُدہ عشق کی کوج نہیں

جے آپ کو کھو جیں پیو کو پائیں　　　پیو کو کھو جیں آپ گنوائیں

ان کا ایک رسالہ کلمۃ الحقایق نام کا نثر میں ھے۔ یہ رسالہ اچھا بڑا ھے اور اس میں تصوف کے مسائل سوال و جواب کے طرز پر بیان کئے ھیں۔ شروع یوں کرتے ھیں۔

"اللہ کرے سو ھوے کہ قادر توانا سوے کہ قدیم القدیم اس قدم کا بھی کرنہار سہج سہج سو تمرا نہارو سہج ھوا بھی توج تھے بار۔ جد ھاں کچھ نہیں بھی تھا تہیں، دوچار شریک کوئی نہیں۔ ایسا حال سمجھنا خدا تھے خدا کروں خدا کوں جس پر کرم خدا کا ھوے"۔

اس کے بعد سوال و جواب شروع ھوتے ھیں۔ مثال کے طور پر ایک سوال جواب نقل کیا جاتا ھے۔

سوال:— "یہ تن الادھا دستا، و لیکن جیتا بکار [۱] ٹوٹتے نہیں [۲] بلکہ ستنتر [۳] بکار روپ دستا ھے، ایک تل قرار نہیں، جیوں مرکٹ [۴] روپ"۔

جواب:— "اے عارف ظاھر تن کے فعل سوں گذریا و باطن کر تب دسے۔ اس کا ناتوں سوں ممکن الوجود۔ دوسرا تن سو بھی کہ اس کا ایندرین کا بکار و چیشٹا [۵] کرنہارا سو وھی تن، نہیں یو خاک و سو کہ دوکہ بھوگن ھارا۔ جیتا بکار روپ وھی دوسرا تن، تو توں نظر کر دیکھ، یہ تن فہم سوں گذریا تو گن اس کا کہوں رھے"۔

شاہ برھان نے بھی اپنے پیر و مرشد اور والد شمس العشاق میراں جی کی طرح ھندی میں لکھنے کی معذرت کی ھے اس سے ظاھر ھے کہ آن کے زمانے میں عالم اور ثقہ لوگ ھندی میں لکھنے سے احتراز کرتے تھے۔ وہ کہتے ھیں کہ ظاھر پر نہ جاؤ اور باطن کو دیکھو۔ لفظوں کو نہ

---

[۱] علیحدہ　[۲] ترغیب، تغیر　[۳] قالب، ماھیت　[۴] بندر　[۵] حرکت

دیکھو اور معنی پر خیال کرو ۔ ھندی لفظوں میں کوئی عیب اور خرابی نہیں ۔ اگر سمندر کے موتی کسی ڈبے یا جوھڑ میں ملیں تو عقلمند آدمی انہیں کیوں نہ لے ۔ فرماتے ھیں ۔

عیب نہ اکھیں ھندی بول ۔۔۔ معنی تو چک دیکھ ڈھنڈول

جو نکسے موتی سمدر سات ۔۔۔ ڈابر جے لاگیں ھات

کیوں نہ لیوے اس بھی کرے ۔۔۔ سہانا چتر جو کوئی ھووے

ھیں سمند کے موتی یو ۔۔۔ گیان رتن کے جوتی یو

....

ھندی بولوں کیا بکھان ۔۔۔ جے گُر پرساد تھا منج گیان

شاہ امین الدین اعلیٰ شاہ برھان کے فرزند اور جانشین امین الدین اعلیٰ ھیں ، وہ بھی باپ اور دادا کے قدم بقدم چلے ھیں ان کی وفات سنہ ۱۰۸٦ ھجری میں ھوئی (مادہ تاریخ ختم ولی ھے) ۔ ان کے نظم ونثر کے کلام سے تھوڑا سا نمونہ پیش کیا جاتا ھے ۔ ایک نظم محب نامہ (یا محبت نامہ) قصیدہ کے طرز میں کہی ھے مگر رنگ عاشقانہ ھے ، قافیہ تو ایک ھے مگر ردیف کہیں کہیں بدلدی ھے ۔

قریں نین تیرے ساحر ھووے ھمن کوں ۔۔۔ گمراہ کر بلاوے توس وتزح بھون کوں

پیچوں بھریاں زلف بج موجوں ڈبے بحر موں ۔۔۔ ھر لھر پُر کر شمہ عشاق کے بچن کوں

راہ صراط پل جوں سر مانگ جو چاپی ھے ۔۔۔ کاھے کشاں [۱] سما پر محب بلاونے کوں

سیما عرش علامت کرسی مکٹ سہاوے ۔۔۔ روشن شمع منور پروانے جانے کوں

ایک دوسری نظم وجود یہ ھے ، اس کا نمونہ ملاحظہ ھو ۔

نفس کا دوڑنا ھی اس ٹھار ۔۔۔ یو تو آھے نفس بچار

نفس کو لیا و تو دم کے جاگا ۔۔۔ لائین ذکر نہیں تو جاوے بھاگا

آپ نے دوھے بھی لکھے ھیں ، ایک دوھے میں کہتے ھیں ۔

---

[۱] کہکشان

مرنا ھار، جیونا بسار　　جیونا ھار، مرنا بسار

سودہ سریجن کی دیکہ بچار

لال سریجن دیکہن پاوے　　آپس میں دیکہ آپ گنواوے

من رانی حضرت تول بہواوے　　(وغیرہ)

بعض دوھوں ھیں عربی لفظ کثرت سے آ گئے ھیں، لیکن ایسے دھرے بہت کم ھیں -

بنی پرگٹ ذات ظہور ھے　　معشوق حق اللہ نورٌ، علی نور ھے

حقیقت حقایق ذات کمال ھے　　صورت معنی ذوالجلال ھے

ان کی بعض غزلیں بہی ملی ھیں، ایک غزل قدیم طرز ریختہ میں لکھی ھے، باقی دکنی اردو زبان میں ھیں -

شاہ صاحب نے بعض رسالے نثر میں بہی لکھے ھیں، ان کی نثر کی چند سطریں یہاں نقل کی جاتی ھیں -

"اللہ تعالیٰ گنج مخفی کو عیاں کرنا چاھا تو اول آس میں سوں ایک نظر نکلی، سو اس سے امیں دیکہ ھوا۔ امیں شاھد کہتے ھیں یو دونوں ذات کے دو طور ھیں۔ ذات نے اپس کو دیکھا، آسے نظر کہتے ھیں۔ دیکھکر گواھی دیا تو آسے شاھد کہتے ھیں۔ یہ تینوں مرتبے ذات کے ھیں" -

ان کے علاوہ شاہ صاحب کی تصانیف سے متعدد رسالے ھیں -

اس خاندان کے مریدوں نے بہی تالیف و تصنیف میں وھی روش اختیار کی جو ان کے مرشدوں کی تہی۔ ازانجملہ ایک بزرگ سید میراں حسینی شاہ امین الدین اعلیٰ کے مرید تہے۔ یہ حیدرآباد دکن کے باشندے اور سلطان عبداللہ قطب شاہ کے ماثر ھیں۔ کسی ضرورت سے بیجاپور گئے تو شاہ امین الدین اعلیٰ سے بعیت کی اور باقی عمر راہ حق میں گزاری۔ یہ کئی رسالوں کے مصنف ھیں لیکن ان کی سب سے

مشہور اور ضخیم کتاب شرح تمہید ھمدانی ھے۔ جو وو تمہیدات عین القضات ،، کا ترجمہ ھے۔ اصل کتاب کے مصنف عبداللہ بن محمد المیانجی ملقب بہ عین القضات ھمدانی ھیں، جو سنہ ۵۳۳ ھجری میں بحکم قوام الدین ابوالقاسم درگزینی وزیر سلطان سنجر قتل کئے گئے۔ شاہ میران حسینی کا انتقال ۱۰۷۴ ھجری میں ھوا ھے۔ اس سے ظاھر ھے کہ یہ کتاب اس سنہ سے قبل کی تالیف ھے۔ میرے ایک نسخہ میں سنہ کتابت ۱۰۶۷ ھجری لکھا ھے۔ اس لحاظ سے یہ کتاب اردو کی قدیم نثر کی کتابوں میں خاص درجہ رکھتی ھے کیونکہ علاوہ چند مختصر رسالوں کے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ھے اس سے قبل نثر میں صرف وجہی کی سب رس پائی جاتی ھے۔ اس کی عبارت کا تھوڑا سا نمونہ پیش کیا جاتا ھے ۔

"اے عزیزاں ! اے بات نہیں سنیاں۔ بادشاہاں گھوڑا مستعد کئے باج نہیں سوار ھوتے، ھور گھوڑے میں کچ کھوڑ اچھے تو بھی نہیں قبول کرتے۔ یعنے پیر کے عشق میں نچتا ھوے باج خدا کے عشق میں نا آسک سی ھور دیکہ نا سکسی۔ اگر عشق خالق نداری بارے عشق مخلوقے مہیا کن۔ اس کا معنا، خدا کی پچھانت کا بل نہیں تو اول اپنی پچھانت کر۔ سوا ے بات یوں ھے کہ آفتاب کا ذات نواز نہارا ھے اور اس کا اجالا جالنہارا ھے۔ یعنے دوست سو نوازنہارا ھور خوبیاں دینہارا۔ ولے اس کا محبت آسے دگداتا ھے یعنے معشوق کا محبت عاشق کو گالتا ھے آس کے فراق میں"۔

ان کی اولاد اور مریدوں میں کئی شخص بہت اچھے شاعر ھوے ھیں جن کا ذکر بخوف طوالت یہاں ترک کیا جاتا ھے۔

اب میں تھوڑی دیر کے لئے آپ کو بیجاپور سے گجرات کی طرف لیجانا چاھتا ھوں۔ گجرات کا تعلق دھلی سے سلطان علاءالدین خلجی کے عہد سے شروع ھوتا ھے جبکہ اس نے سنہ ۶۹۶ ھجری میں اپنی فوج بھیجکر اس علاقہ پر تسلط کر لیا اور اپنی طرف سے صوبیدار مقرر کر دیا یہ صوبیدار سلطنت دھلی کی طرف سے برابر مقرر ھوتے آئے یہاں تک کہ جب دھلی پر تیمور کا لشکر پہنچا اور سلطنت میں ضعف پیدا ھوا تو صوبیدار ظفر خان کے بیٹے تاتار خان نے خود اپنی حکومت

گجرات میں قائم کرلی اور محمد شاہ کا لقب اختیار کر کے تخت پر بیٹھا (سنہ ۸۰۶ ھجری)۔ شاہان گجرات کی حکومت اکبر کے عہد تک رہی اس کے بعد گجرات کا صوبہ سلطنت دھلی میں شامل ہوگیا۔ غرض دھلی کا اثر اس علاقہ پر امیر خسرو کے زمانے سے تھا اور وھاں کی زبان کا اثر جو اس علاقے کی زبان پر پڑا وہ نہ صرف اس وسیع صوبے کے شہروں تک محدود رھا بلکہ سلطنت بیجا پور اور دور و نزدیک کے مقامات میں بھی پہنچ گیا۔ اس کی شہادت ان بزرگوں اور شاعروں کے کلام میں موجود ھے جو اب تک موجود ھے۔

یہاں میں صرف آن دو تین صاحب تصنیف بزرگوں کا ذکر کرونگا جنھوں نے اردو کی شاخ گجری یا گجراتی میں اپنا نغمہ سنایا ھے۔

ایک ان میں سے شاہ علی محمد جیو گام دھنی ھیں۔ آپ کا مولد و منشا گجرات ھے۔ آپ گجرات کے کامل عارفوں اور درویشوں میں سے ھیں۔ اھل گجرات پر آپ کی تعلیم و ھدایت کا بہت اثر تھا۔ آپ کا انتقال سنہ ۹۷۳ ھجری میں ھوا۔

آپ کے کلام کا مجموعہ جو "جواھر اسرار اللہ" کے نام سے موسوم ھے آپ کے دادا کے ایک مرید اور آپ کے معتقد شیخ حبیب اللہ نے جمع کیا ھے۔ اسی کلام کا دوسرا نسخہ آپ کے پوتے سید ابراھیم نے مرتب کیا ھے۔ شاہ علی جیو بڑے پایہ کے شاعر ھیں۔ ان کا کلام توحید اور وحدت وجود سے بھرا ھوا ھے اور اگرچہ وحدتِ وجود کے مسئلے کو وہ معمولی باتوں اور تمثیلوں میں بیان کرتے ھیں مگر ان کے بیان اور الفاظ میں پریم کا رس گھلا ھوا معلوم ھوتا ھے وہ عاشق ھیں اور خدا معشوق ھے اور اپنی محبت کو طرح طرح سے جتاتے ھیں۔ طرز کلام ھندی شعرا کا سا ھے اور عورت کی طرف سے خطاب ھے۔ زبان سادہ ھے لیکن چونکہ پرانی اور غیر مانوس الفاظ استعمال کئے گئے ھیں اس لئے کہیں کہیں سمجھنے میں مشکل پڑتی ھے۔ چند آسان نمونے پیش کرتا ھوں۔

تم ری پیا کو دیکھو جیسا　　　ھور جیوں پر تھو سائیں ایسا

سوے تمھیں ھو ناں وہ ایسا

ایک سمند ز سات کہادے — دھونوس، بادل، میہ برسادے
وہی سمند رھو او ند — ندیاں نالے ھو کر

پیو ملا گل لاگ رھی جے — سُکہ منہ دُکھ کی بات نہ کیجے
(میں)
جے جے سو ہے ھین ھین — جھٹ ایک وہی ہے سہو کہیں

کہیں سو مجنوں ھو ہر لاوے — کہیں سو لیلیٰ ھوے دکہاوے
کہیں سو خرد شاہ کہاوے — کہیں سو شیریں ھو کر آوے

[١] [٢] [٣] [۴] [٥]
ادھر پنوالی، چنک ر تنالی — بینی بہا سک ھو ز تل کالی
[٦]
ایہ جیو مانگیں بھو بن دمالی

آپیں کہیاوں آپ کہلاؤں — آپیں آپس لے گل لاؤں
[٧]
آپیں آپس اوپر واروں ھوں حاجی ھوں کعبہ آھوں — ھوں نماز گزاروں بہوس بندوں کے کرسو بندگی اوبہاھو

کہیں سو ھوے اندھیاری راتا — سانجھ بتی کر لاوے دھاتا
ھو کر دیورا راتیں ساری — لا کر جوت دکہادے ساری

کہیں سو عاشق ھو کر راؤں کہیں عارف ھوے پچھانوں
کہیں موحد کہیں محقق کہیں سو جانوں کہیں نجانوں

جو جیوڑا پیو سوں لاگا — ھیئے جس نیہہ کی آگا
تنہوں کا لوجہ سب بہاگا

---

[١] ھونٹ [٢] پان کہائے ھوے [٣] آنکھ [۴] سُرخ [٥] سانپ
[٦] دنبالہ دار [٧] اٹھ اٹھ کر

جنھوں من پرم کا بھٹکا   تایں تل نیسہ کا کھٹکا

سو جانے مرم کا لٹکا

دوسرے بزرگ میاں خوب محمد چشتی ھیں۔ یہ بھی احمد آباد گجرات کے رھنے والے تھے اور ان کا شمار وھاں کے بڑے درویشوں اور اھل عرفاں میں ھے۔ خصوصاً تصوف میں دست رسا رکھتے تھے، صاحب تصانیف اور صاحب سخن تھے۔ آپ کی ولادت سنہ ۹۴۶ ھجری میں اور وفات سنہ ۱۰۲۳ ھجری میں ھوی۔ "خوش" سے تاریخ ولادت اور "خوب تھے" سے تاریخ وصال نکلتی ھے۔

تصوف میں ان کی کئی کتابیں ھیں۔ ان میں سے بعض میرے پاس ھیں۔ ایک رسالہ "بھاؤ بھید" صنایع بدایع کلام میں ھے۔ چنانچہ خود فرماتے ھیں "گفتہ صنایع بدایع را بزبان گجرات از جہت یاد داشت می گویم، امید بحضرت صانع و بدیع خیانست کہ مقبول گرداند۔ دوھرہ:—

حمد خدا کی خوب کر کہ صلوٰۃ رسول   پچھیں صنعت شعر کی کہے تو ھوے قبول

اما بعد ایں رسالہ بخطاب "بھاؤ بھید" مخاطب شدہ است در بیان تلونات کلام و انواع مفھومات نظام۔ دوھرہ:—

بھاؤ بھید اس نا تو کر بات یکت سمجھائن   بھاؤ بھید کے شعر کے خوب جو تجہ آپ آئن

اگرچہ تشریح ھر صنعت کی فارسی میں کی ھے لیکن اس کا مفھوم گجراتی اردو میں بھی ادا کیا ھے، مثالیں گجراتی اردو میں ھیں اور یہ تمام مثالیں منظوم اور خود اپنی تصنیف سے ھیں۔ دو مثالیں ملاحظہ ھوں۔

صنعت متضاد، آنست کہ الفاظ چند ضد یکدیگر باشند مثال۔

دھیاں خدا کا پکڑ جو چھوڑے آسے کہیں جگ ما نہ   بھلا بُرا ھو تمر یاد یکھو سہل نھیں اس تھانہ

عقدہ:— تبن پائیں دی رُج بسلاے بانہ بھرا کے اک کلال   خوب تبن ملیں صندلی رنگ نیلے پیلے گالے لال

صنعت تفریق تنہا۔ آنست کہ میان دو چیز جدائی افگند مثال۔

میں خوب تفریق تنہا پچھان — جدای دوھون ما نہ اس بہانت آن

کنول مکہ جمل بن جدای ایک بات — کنول دیس پھول سے نیں یہ دیس رات

ان کی سب سے مشہور اور مقبول کتاب "خوب ترنگ" ہے۔ جس کا سنہ تصنیف انہوں نے خود اسی تصنف میں بتا دیا ہے "چودہ کھاٹ اوس برس ہزار" یعنے نوسوچھیاسی ۹۸۶ ھجری۔ خوب ترنگ خالص تصوف کی کتاب ہے۔ شاہ علی محمد جیو کی کتاب "جواھر اسرار اللہ" اس سے مختلف ہے اس میں عشق و محبت کا رنگ ہے اور تابی واردات کا ذکر ہے۔ خوب ترنگ اس کے مقابلے میں ایک خشک کتاب ہے جس میں صوفیانہ اصطلاحات میں تصوف کے مقامات کا بیان ہے۔ میاں خوب محمد عالم اور سالک ھیں تصوف کے نکات کے ماھر اور بہت اچھے ناظم ھیں۔ انہوں نے اپنی اس کتاب کی شرح فارسی میں "امواج خوبی" کے نام سے لکھی ہے۔

کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو :—

حمد و نعت

بسم اللہ کہوں چھٹ ذات — جس رحمٰن رحیم صفات

ذات صفات اسما افعال — جمع مفصل چند اک حال

نانو محمد تِس کو دپت — آس تفصیل سو عالم کپت

اوسی روح ارواح تمام — اسی جوس [۱] کے سب اجسام

جوں کھاھایا سمند چھپا سہ — جانے سب دریالے جاے

نو لک نہیں دریا بن پار — بھرے تو نو کچ کی مقدار

---

[۱] جُثہ

جیوں ظاہر بھتیاں کھلائیں — پن اپناں اس بھانت دکھائیں

ذرّے مل اک ڈولا[1] تھا نہ — ناؤں دھریا ہے اینٹ سوتا نہ

جوہر عرض سو ذرّہ جان — تلتل پھرے عرض من آن

جس کو وہم کرے نہیں دوئے — ڈاوا[2] جمنا[3] جسے نہ ہوے

بابا شاہ حسینی معروف بہ پیر بادشاہ بھی ایک بزرگ ہوے ہیں جو صاحب دیوان ہیں اور حضرت شاہ علی جیو کے مرید و معتقد معلوم ہوتے ہیں۔ دیوان کے خاتمے پر شاہ صاحب کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے :—

شاہ علی جیو جگ پرور تم ہو میرے لال — نازک نہال ہے شاہ حسینی راکھو تم سنبھال

دنیا فانی سراب کی نالا گی اس کو جھال

ان کا کلام صوفیانہ اور عارفانہ ہے۔

اُس صاحبِ ثنا سوں دیکھو جب صدا ہوا

ہر اید تھے جواب سو قالو بلا ہوا

غزل

روبرو ہے شہرِ درسن بے نقاب — دیک ناسک بولتے ہیں در حجاب

تس اوپر رکھتے ہیں خواہش دید کی — دیدہ کر آپس کا مانندِ حباب

اس عبادت بیچ نہیں ہے حق رسی — حوضِ مسجد کا کریں پانی خراب

حق رسی کی ہے عبادت عین دید — جوں صنم کا مبتلا مستِ شراب

دل تر ازابِ ریا ظاہر منے — پھر استنجا رہیں در پیچ و تاب

---

[1] مجموعہ [2] بائیں [3] دائیں

گھر سے نکلیں رہ گزر کی دید کوں　　وقت جاتا کر جماعت کا شتاب
طعنہ زن نیں ھے حسینی بر عباد　　دل میں کرتا ھے اپس کے یوں خطاب

میں نے اس مضمون میں گیارہ صدی تک کے اھل اللہ اور صوفیا کا ذکر کیا ھے۔ بعد کے بزرگوں کا ذکر نہیں کیا کیونکہ گیارھویں صدی اور اسکے بعد یہ زبان عام ہوگئی تھی اور اس میں بہت اچھے اچھے خوش بیان شاعر اور صاحبِ سخن پیدا ہوگئے تھے۔

گجرات و بیجاپور کے بزرگوں کے سلسلہ میں ایک بات یہ عرض کرنی چاھتا ھوں کہ دلی سے جو زبان جنوب کی طرف گئی اسکی دو شاخیں ہوگئیں۔ دکن میں گئی تو دکنی لھجے اور الفاظ کے داخل ہونے سے دکنی کہلائی اور گجرات میں پہنچی تو وھاں کی مقامی خصوصیت کی وجہ سے گجری یا گُجراتی کہی جانے لگی۔ ھم ابھی دیکھہ چکے ھیں کہ شاہ میرانجی اور شاہ برھان نے ھندی میں لکھنے کی معذرت کی اور جس زبان میں انہوں نے نظمیں تحریر فرمائی ھیں اسے ھندی سے موسوم فرماتے ھیں۔ یہاں ھندی کا لفظ فارسی کے مقابلہ میں استعمال کیا گیا ھے۔ عام طور پر ھر دیسی زبان ھندی کہی جاتی تھی۔ یہ زبان جو بعد میں ریختہ اور اب اردو کے نام سے معروف ھے ایک مدت تک ھندی ھی کے نام سے موسوم رھی، چنانچہ میر تقی، میر حسن یہانتک کہ مصحفی اپنے تذکروں کو سخن افرینانِ ھندی اور سخن گویانِ ھندی کے تذکرے کہتے ھیں۔

لیکن ایک عجیب بات یہ ھے کہ یہ دونوں بزرگ . باپ بیٹے (شاہ میرانجی اور شاہ برھان) جو ھندی میں لکھنے کی معذرت کرتے ھیں دوسرے مقامات پر اپنی زبان کو گجری یا گجراتی کہتے ھیں۔ چنانچہ شاہ برھان اپنی کتاب "کلمتہ الحقائق" میں فرماتے ھین:—

"سبب، یو زبان گُجری، نام این کتاب کلمتہ الحقائق"

اپنی ایک دوسری تصنیف "حجتہ البقا" میں لکھتے ھیں:—

جے ھوویں گیان بچاری　　نہ دیکھیں بھاکا گجری
جس ارتھوں کیرا فہام　　کیا بولوں سو ھے کام

یہی بزرگ اپنی ایک دوسری کتاب "ارشاد نامہ" میں کہتے ہیں :—

یہ سب گُجری زبان کر یہ آئنہ دیا نمان

شاہ علی محمد جیو کے کلام جواہرالاسرار کے مرتب شیخ حبیب اللہ اس کے دیباچہ میں لکھتے ہیں "بہ لسان دُرربار و جوھر نثار بہ الفاظِ گوجری بہ طریقِ نظم بزبانِ مبارکِ خود فرمودند"۔

شیخ خوب محمد بھی اپنی کتاب کی زبان کے متعلق فرماتے ہیں :—

جیوں میری بولی منہ بات عرب عجم مل ایک سنگات

"جیوں میری بولی منہ بات" کا مطلب یہ ہے کہ وہ بولی جو میرے روز مرہ کی بول چال ہے اس کی شرح "امواج خوبی" میں یوں کی ہے "ہریک شعرے بزبانِ خود تصنیف کردہ اند ومیکنند، من بزبانِ گجرات کہ بالفاظِ عربی و عجمی آمیزاست گفتہ ام" یعنی ان کی زبان وہ ہے جس میں گجراتی کے ساتھ عربی فارسی الفاظ کی آمیزش ہے۔ اس آمیزش کا نام ریختہ ہے۔

"بھاؤ بھید" کی تمہید میں لکھتے ہیں "صنائع بدائع را بزبانِ گجرات از جہت یاد داشت می گویم"۔

ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں :—

جیوں دل عرب عجم کی بات سن بولے بولی گجرات

یہاں بھی اپنی زبان کو گجراتی کہا ہے :—

شاہ برھان کا ایک جگہ اپنی زبان کو ھندی کہنا اور دوسری جگہ گجری کہنا بظاہر تضاد معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں یہ بات نہیں۔ ھندی عام ہے یعنی وہ زبان جو ہر جگہ مستعمل تھی ھندی ھی کے نام سے موسوم تھی۔ گجری اور گجراتی خاص ہے یعنی وہ زبان جو گجرات اور اس کے قرب و جوار کے علاقے میں بولی جاتی تھی اور جس میں کچھ مقامی لفظ بھی داخل ہوگئے تھے۔ زبان ایک ہے، دکن میں دکنی کہنے لگے اور گجرات میں گجری اور گجراتی۔ فرق صرف اتنا

ہے کہ اُن میں کہیں کہیں مقامی رنگ کی جھلک نظر آجاتی ہے ۔

اگرچہ میرانجی شاہ اور برھان شاہ اپنی زبان کو گُجری بھی کہتے ھیں لیکن اُن پر گجراتی کا اتنا اثر نہیں جتنا شیخ علی محمد یا میاں خوب محمد کی زبان میں پایا جاتا ھے ۔ وہ لوگ پھر بھی گجرات سے دور تھے اور یہ دونوں صاحب خاص احمد آباد گجرات کے رھنے والے تھے اور اسی لئے اُن کے ھاں بہت سے ٹھیٹ گجراتی لفظ استعمال ھوے ھیں جو بیجاپوری بزرگوں کے کلام میں نہیں پائے جاتے ۔ مثلاً ھوں بمعنی میں (ضمیر واحد متکلم) ، ڈوسی (ڈوشی) بمعنی بڑھیا ، اونڈا ، گہرا ، چھولی ، چھوٹی،وچ ، ھب یا ھبیں (ھوے) ، اب ، جمنا ، دایاں ، پپوٹے (فوفوٹے) حباب وغیرہ ۔ محض اس ذرا سے فرق کی بناء پر اسے گجراتی کا نام دے دیا گیا تھا ۔

میں نے آپ کے سامنے آٹھویں نویں اور دسویں صدی اور ایک دو گیارھویں صدی کے زمانے کے نمونے پیش کئے ھیں ۔ یہ سب صوفیہ کے کلام میں سے انتخاب کئے گئے ھیں ۔ آپ نے ملاحظہ کیا ھوگا کہ قدماء کے اقوال جو کسی خاص سوال کے جواب میں یا معمولی گفتگو میں آئے ھیں وہ خالص ھندی میں ھیں اُن میں شاذ ونادر فارسی عربی لفظ نظر آتے ھیں ۔ ابتدائی کلام بھی سادہ ھندی ھے خصوصاً جو صوفی سماع کا ذوق رکھتے تھے اور شاعر بھی تھے وہ ھندی دُھرے اور خیال وغیرہ اوسی زبان میں کہتے تھے ۔ لیکن اُن میں بھی کبھی کبھی اپنے ھاں کے عارفانہ الفاظ داخل کردیتے تھے ۔ جب انہیں اپنے مریدوں اور معتقدوں کی ھدایت کے لئے نظم و نثر میں رسالے لکھنے کی ضرورت پڑی یا معرفت و سلوک میں سوالات کے جواب لکھنے پڑے تو وہ اپنی مذھبی اصطلاحات مذھبی تصوف کے الفاظ کے ساتھ بے تکلف استعمال کرنے لگے ۔ یہاں تک کہ حمد و نعت میں بھی عربی کے خاص الفاظ کے ساتھ سنسکرت کے مذھبی لفظ بھی بے ساختہ لکھ گئے ھیں ۔ اس رواداری سے اُن کی غرض یہ تھی کہ ان کی ھدایت عام اور وسیع ھو ۔ جس طرح انہوں نے ملک کے حالات کے لحاظ سے بعض ظاھری قیود کو توڑ کر اھل ملک سے ارتباط اور میل جول بڑھانے اور انکو اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کی اسی طرح سے انہوں نے انکی اور اپنی زبانوں کو بھی ملانا شروع کیا ۔ انکی نظموں کی بحریں (اکثر و بیشتر) ھندی ھیں ، طرز بھی نظموں کا ھندی ھے یہانتک کہ کبھی

بھی ھندی دیو مالا کی تلمیحیں اور استعارے بھی استعمال کر جاتے ھیں اور اسی کے ساتھ وہ اپنی چیزوں کو بھی ملاتے جاتے ھیں۔ ھوتے ھوتے اس میل اور ارتباط سے خود بخود ایک نئی زبان بن گئی جو نہ ھندی تھی نہ فارسی، بلکہ ایک نئی مخلوط زبان تھی جسے ھم اب اردو یا ھندوستانی کہتے ھیں —

یہ لوگ اپنی نظموں میں عروض و قافیہ اور نظم کے اصول و قواعد کی پروا نہیں کرتے۔ اکثر مصرعہ کو کھینچ تان کر سکتہ پورا کرلیتے ھیں (جیسے سر کو سیر اور فکر کو فکیر)۔ ساکن کو متحرک اور متحرک کو ساکن کرلینا آن کے ھاں کوئی بات نہیں۔ اشباع و امالہ، ترخیم و تخفیف کا بلا تکلف استعمال کر جاتے ھیں۔ قافیہ میں صرف صوت کا خیال کرتے ھیں۔ بعض اوقات ایسا ھوتا ھے کہ آوازیں بھی ایک نہیں تو بھی بلا تامل قافیہ باندہ جاتے ھیں مثلاً خالق کا قافیہ مالك اس بنیاد پر روا ھو سکتا ھے کہ ھندی میں ق اور ك کی آواز میں چنداں فرق نہیں کیا جاتا لیکن عارف کا صادق، فرق کا طرف، عشاق کا کشاف، شرف کا فرق، انصاف کا پاس قافیہ کیونکر ھو سکتا ھے۔ یہ بزرگ اس کی پروا نہیں کرتے۔ جن عربی الفاظ کے آخر میں ح اور ع آتے ھیں آن میں ان حروف کا تلفظ اکثر اھل ھند نہیں کرتے۔ اسی بنا پر بعض بزرگوں نے گرو کا قافیہ شرو (شروع) اور صحی (صحیح) کا قافیہ کوئی باندہ دیا ھے۔ وہ ان چیزوں کا اس لئے خیال نہیں کرتے تھے کہ آنہیں اپنا کلام اور اپنی ھدایت عوام تک پہنچانی تھی اور یہ سب چیزیں انہیں کی زبان میں انہیں کے لئے لکھتے اور کہتے تھے —

ھندی یا اس نو مولود زبان میں لکھنا اھل علم اپنے لئے باعث عار سمجھتے تھے اور وہ اپنی عالمانہ تصانیف اس حقیر و بازاری زبان کے استعمال سے آلودہ کرنا نہیں چاھتے تھے۔ یہ صوفی ھی تھے جنہوں نے سب سے پہلے جرات کی اور اس کفر کو توڑا۔ صوفی ظاھری ننگ و عار سے بالا ھوتا ھے۔ آس نے پھر ایک بار یہ دکھا دیا کہ حقیر سی حقیر چیز سے بھی کیسے کیسے بڑے کام نکل سکتے ھیں۔ یہ صوفیوں ھی کی جرات کا فیض تھا کہ انکی دیکھا دیکھی دوسرے لوگوں نے بھی جو پہلے ھچکچاتے تھے اس کا استعمال شعر و سخن، مذھب و تعلیم اور علم و حکمت کے اغراض کے لئے شروع کر دیا۔ یہی وجہ ھے کہ میں ان صوفیائے کرام کو اردو کا محسن خیال کرتا ھوں۔

یہ بزرگ اس زبان کے بڑے ادیب اور شاعر نہ تھے یا کم سے کم آن کا مقصد اس زبان کی ترقی نہ تھی نہ اس کا انہیں کچھ خیال تھا ۔ آن کی غایت ھدایت تھی ۔ لیکن اس ضمن میں خود بخود اس زبان کو فروغ ھوتا گیا اور عہد بعہد نئے نئے اضافے اور اصلاحیں ھوتی گئیں اور آنکی مثال نے دوسرونکی ھمت بڑھائی جس سے اس کے ادب میں نئی شان پیدا ھوگئی ۔ گو یہ اب ایک بھولی بسری داستان ھے لیکن اردو زبان کا مورخ آن کے احسان کو کبھی نہیں بھول سکتا ۔

حضرت کبیر! میں اس مضمون کو حضرت کبیر کا ذکر کئے بغیر ختم نہیں کر سکتا ۔ یہ بنارس کے رھنے والے تھے ان کے زمانے کے متعلق بہت کچھ اختلاف ھے ۔ ابوالفضل اور بعض دوسرے مورخوں نے انہیں سکندر لودھی کا ھمعصر بتایا ھے جو دسویں صدی ھجری کا ابتدائی زمانہ ھوتا ھے ۔ کبیر سچے صوفی اور عارف ھیں ۔ انھوں نے معرفتِ آلھی ، دنیا کی بے ثباتی وغیرہ پر خوب خوب نظمیں لکھی ھیں ۔ وہ ریا اور ظاھرداری کے سخت دشمن ھیں اور شیخ و برھمن دونوں کو یکساں لتاڑتے ھیں ۔ وہ شاعر بھی اعلیٰ درجہ کے ھیں اونکے کلام میں سادگی اور شیرینی ھے اور اسکے ساتھ ھی اثر ، جدت اور زور بھی ھے ۔ وہ اعلیٰ سے اعلیٰ مضامین کو اپنی روز مرہ کی سادہ زبان میں معمولی تمثیلوں اور تشبیہات استعارات کے ذریعے اس خوبی اور صفائی سے بیان کر جاتے ھیں کہ دل پر چوٹ لگتی ھے ۔ وہ بہت دلیر اور جری بھی ھیں اور کڑوی سے کڑوی بات کو صاف صاف بے دھڑک کہتے جاتے ھیں ۔ لاگ لپیٹ ان میں نام کو نہیں ۔ وہ جو کہتے ھیں ڈنکے کی چوٹ کہتے ھیں اور کسی کی مروت نہیں کرتے اور ھندو مسلمان سب کو ایک نظر سے دیکھتے ھیں ۔ آن کے کلام اور زبان کی سادگی و تاثیر اور صداقت و خلوص نے آنہیں دونوں فرقوں میں یکساں مقبول بنا دیا ھے ۔ ھندو آنہیں کبیر داس اور مسلمان شاہ کبیر کہتے ھیں آن کی زبان جیسا کہ آن کا وطن بتاتا ھے اور جیسا کہ وہ خود فرماتے ھیں ، پوربی ھے ۔

میری بولی پوربی تاھی نہ چینھے کوئی
میری بولی سو لکھے جو پورب کا ھوئی

لیکن ان کی پوربی گوسائیں تلسی داس یا ملک محمد جائسی کی سی پوربی نہیں کہ جن کے کلام کے سمجھنے کے لئے شرح کی ضرورت ہے۔ کبیر کا کلام جنوبی ہند کے بعض علاقوں کو چھوڑ کر ہندوستان کے ہر حصے میں آسانی سے سمجھا جاسکتا ہے۔ تلسی داس اور ملک محمد جائسی کی زبان پرانی اور مردہ ہو جائے گی لیکن کبیر کا کلام ہمیشہ تازہ اور ہرا بھرا رہے گا۔ یہی وہ زبان تھی جو نویں اور دسویں صدی ہجری میں ہندوستان کے تقریباً ہر خطے میں بولی یا سمجھی جاتی تھی اور اسے ہندوستان کی عام زبان ہونے کا فخر حاصل تھا۔ حضرت کبیر نے جس طرح ہندوؤں اور مسلمانوں کے مذاہب کو ایک کرنے کی کوشش کی ہے اسی طرح ان دنوں کی زبانوں کو بھی اپنے کلام میں بڑی خوبی سے ملا کر ایک کر دیا ہے۔ یہیں سے اردو یا ہندوستانی کی بنیاد شروع ہوتی ہے اور اس میں شبہہ نہیں کہ کبیر اس زبان کے اولین بانیوں میں سے ہیں جو ہندوستان کی عام زبان کہلانے کی مستحق ہے۔ بلا شبہ ان کے خیالات اعلیٰ اور ان کا خلوص بے ریا ہے اور ایسے شخص کا اثر ہونا لازم ہے۔ لیکن اس کی زبان نے اس کے اثر کو زیادہ گہرا کر دیا۔ ان کی سادگی میں حلاوت پیدا کر دی ہے اور انکی محبوبیت اور مقبولیت کو دہ چند کر دیا ہے۔ وہ عربی فارسی الفاظ بلا تکلف اور بڑے موقعہ سے استعمال کرتے ہیں اور اب بھی کئی سو برس کے بعد جب ہم ان کا کلام پڑھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کا کہنے والا ہمارے زمانے کا شخص ہے۔ یہ پہل اس پیڑ کا ہے جو انہوں نے ہندی پر فارسی کی قلم باندھ کر لگایا تھا۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ کیجئے۔

(۱) رہنا نہیں دیس بیگانا ہے یہ سنسار کاگد کی پوڑیا، بوند پڑے گھل جانا ہے
(کاغذ)

(۲) بہت دنن بچھڑے ہری پائے بھاگ بڑے گھر بیٹھے آئے

(۳) جاگ پیاری اب کا سووے رین گئی دن کاہے کھووے

(۴) مرئیے تو مر جائیے چھوٹ پڑے جنجار ایسا مرنا کو مرے، دن میں سو سو بار
(جنجال)

(۵) کبیر یہ گھر پریم کا، خالہ کا گھر ناہیں سیس آتارے ہاتھ سے بیٹھے گھر ماہیں

(۶) ایسا کوئی نا ملے جاسوں رہئے لاگ سب جگ جلتا دیکھئے اپنی اپنی آگ

(۷) میٹھا کہاں مدھوکری بہانت بہانت کو تاج دعوی کس ہی کا نہیں بنا ولایت راج

(۸) کبیر اس سنسار کو سمجھاؤں کے بار — پونچھہ تو پکڑے بھیڑ کی آترا چاھے پار

(۹) کبیر نوبت اپنی دس دن لیہو بجاے — اے پور پٹن اے گلی بہیر نہ دیکھو آے

(۱۰) میرا مجھ میں کچھ نہیں جو کچھ ھے سو تیرا — تیرا تجھکو سونپتے کیا لاگے میرا

(۱۱) کبیر سُکھ کو جاے تہا آگے آیا دُکھ — جائی سُکھ گھر آپنے ھم جانیں اور دُکھ

(۱۲) کبیر ایک نہ جانیا تو بہو جانتیا کیا ھوے — ایک ھی تیں سب ھوت ھے سب تے ایک نہ ہوے

(۱۳) ھاڑ جلے جوں لاکڑی کیس جلے جوں گھاس — سب تن جلتا دیکھہ بھیا کبیر آداس

(۱۴) کبیر حد کے جیو سوں ھت کر مکھوں نبول — جے لاگے بے حد موں تن سوں انتر کھول

(۱۵) کبیر ناؤ ھے جرجری کوڑے کھیون ھار — ھلکے ھلکے ترگئے بوڑے جن سر بھار
(بے وقوف) (ڈوبے)

(۱٦) سکھیا سب سنسار ھے کھاے اور سووے — دُکھیا داس کبیر ھے جاگے اور رووے

(۱۷) کبیر بھاٹی کلال کی بہت ایک بیٹھے آئے — سر سونپے سوھی پئے نہیں تو پیا نہ جائے

(۱۸) چلو چلو سب کوئی کہے موھی اندیشہ اور — صاحب سوں پرچا نہیں جائیں کے کس ڈھور

اسلامی نظریات سیاسی کے چند اوراق

نظام الملک طوسی کے پیشرو

المآوردی و صاحب قابوس نامہ

از

جناب هارون خان صاحب شروانی - ایم - اے (آکسن) ، ایف ، آر ، ایچ ، ایس . بیرسٹر ایٹ لا ،
صدر شعبۂ تاریخ و سیاسیات جامعہ عثمانیہ ، حیدر آباد دکن -

۱ - تمہید - حکیم افلاطون نے اپنی کتاب " جمہوریہ " میں کسی جگہ لکھا ھے کہ وہ زمانہ کیا ھی اچھا ہوگا جب حکمران علم دوست ہو جائینگے اور علم دوست ھی حکمران بنا کرینگے - نہ معلوم خود یہ حکیم کسی ایسے ملک سے واقف تھا جہاں اس کا یہ خیال پورا ہوگیا ہو ، لیکن اگر اس قول میں کوئی صداقت ھے تو پانچویں صدی ہجری یعنی گیارھویں صدی عیسوی ایسی صدی تھی جو اس معیار پر پوری اترتی تھی اور جب واقعاً ایشیائی بادشاہ علم دوست ہوتے تھے اور وہ ایسے ھی لوگوں کو اپنا وزیر بناتے تھے جو اپنی علم دوستی اور علم پروری میں شہرہ آفاق تھے - گیارھویں صدی عیسوی میں ایسے بادشاھوں اور وزیروں میں سے شاید سب سے ممتاز نام جلال الدین ملک شاہ سلجوقی اور خواجہ حسن نظام الملک طوسی کے ھیں نظام الملک کے زمانہ وزارت میں اس نے اور اس کے آقا دونوں نے اپنی ملک کی ترقی و بہبود اور رفاہ عام کے ایسے ایسے کام کئے جن سے عقل دنگ ہوتی ھے - اس زمانے میں یہ مسئلہ مابہ النزاع نہیں تھا کہ کسی ملک پر تلوار کے زور سے حکومت کیجائے یا قلم سے ، بلکہ جو حصۂ عالم دائیرۂ سلطنت اسلام میں آتا تھا وھی علوم و فنون کے خزانوں سے مالا مال کر دیا جاتا تھا -

نظام الملك نه صرف ایك عظیم الشان وزیر با تدبیر تھا جو بحیرۂ روم سے ایران تك اور ماوراء النهر سے حجاز تك تمام ممالك پر اپنے آقائے نامدار کے نام سے حکومت کرتا تھا اور جسکے قبضے میں خود خلیفۂ اسلام کی ذات تھی ، بلکه وه ایسا شخص تھا جسکے صرف ایك کارنامے ، یعنی تاسیس جامعۂ نظامیه بغداد کے باعث اسکے نام کو قیامت کے دن تك بقا رهیگی ، اور هم حیدرآباد نواسیوں کے لئے تو اس کا عهد ایك اور وجه سے بهی قابل یادگار هے ، وه یه که اسی کی وه ,, تقویم جلائی ،، هے جسے تهوڑی سی تبدیلی کے بعد شهنشاه هند اکبر اعظم نے اپنے یہاں رواج دیا ، جو سالار جنگ اول کے اصلاح کے بعد آج تك سنه فصلی الهی کے نام سے ممالك محروسه سرکار عالی میں رائج هے ــ

میدان، علم سیاسیات میں نظام الملك طوسی کا سب سے بڑا کارنامه دو کتابوں کی تدوین پر مشتمل هے جن میں سے ایك کا نام ,, سیاست نامه ،، هے ، جو اس نے اپنے آقا جلال الدین ملك شاه سلجوقی کے استفاده کے لئے لکھا ، اور دوسرے کا نام ,, آداب الوزراء ،، هے جو اسنے اپنے بیٹے کی تربیت کے لئے قلم بند کیا ـ [۱] میں اس سے قبل ایك دوسرے موقعه پر نظام الملك کے سیاسی خیالات پر اپنی ناچیز راء کا اظهار کر چکا هوں [۲] یہاں آج میں یه بتانے کی کوشش کرونگا که نظام الملك سے پہلے اس صدی میں دنیائے اسلام کی سیاسی حالت کیا تهی ، اس زمانے کا سیاسی دستور کیا تها ، وه کون کون مؤلف تهے جنهوں نے سیاسیات کے موضوع پر قلم اٹھایا ، انهوں نے اپنے استدلال کا کیا طریقه استعمال کیا ، وه کس کس طرح اپنے نتیجوں پر پهنچے ، اور ان میں اور نظام الملك میں کس قسم کا ذهنی تعلق پایا جاتا هے ــ

---

[۱] بهت سے شرق شناسوں اور ایران شناسوں کا خیال هے که کتاب آداب الوزراء نظام الملك کی لکھی هوئی نہیں هے ، یہاں همیں اس کتاب کے اصل سے بحث نہیں اس لئے که همارا مقصد نظام الملك کے پیشروؤں کے حالات بیان کرنا هے ، دوسرے کم از کم یه تو یقیناً تسلیم کرنا پڑتا هے که اداب الوزرا میں نظام الملك کے عهد کی هی سیاسی و معاشری روش کی کیفیت مترشح هوتی هے ــ

[۲] دیکھو خیزنیۂ تاریخ (جریدۂ بزم تاریخ کلیه جامعه عثمانیه) شمار ۳۰ بابته سنه ۱۳۴۱ ف

۲ - پانچویں صدی ہجری (گیارھویں صدی عیسوی) میں دنیائے اسلام کی سیاسی کیفیت

دنیائے اسلام کا حقیقی پس منظر کا اندازہ کرنے کے لئے اس کی ضرورت ہے کہ ہم مختصر طور پر دنیائے مغربی کی سیاسی کیفیت پر نظر ڈالیں تاکہ ہمیں ایشیا کے صحیح ماحول کا اندازہ ہوسکے۔ مغرب میں یہ زمانہ بڑی افراتفری کا زمانہ تھا۔ ایک طرف تو تمام اندلس ایشیائی اور افریقی قوموں کے قبضے میں تھا، اور باوجود عیسوی یورپ کے ہزاروں جتن کے مسلمان جزیرہ نما میں جمے ہوئے بیٹھے تھے -

چارلس اعظم کا ہاتھ یورپ سے اٹھ چکا تھا، اور باوجودیکہ وہ تقریباً تمام جرمنی کو جبراً عیسائی بنانے میں کامیاب ہوا تھا، لیکن یورپ میں کسی قسم کے سیاسی اتحاد کی کوئی شکل نظر نہ آتی تھی۔ اس صدی کے ابتدا میں انگلستان آپس کی خانہ جنگی کی وجہ سے کمزور ہو رہا تھا، اور گو فرنگی قوم نے غالیہ کو فتح کرلیا تھا اور چارلس اعظم کے زمانے میں وہ تقریباً تمام مغربی یورپ پر حاوی ہوگئی تھی، لیکن بجائے اتفاق کے فرانس اور جرمنی کے مابین نفاق کا بیج پڑ چکا تھا اور اٹلی کے شمال و جنوب کے درمیان سنت پطرس کے جاگیر کی آھنی دیوار حائل ہوچکی تھی۔ اس سیاسی کیفیت کے ساتھ ھی ساتھ تمام براعظم یورپ پر کلیسا کا نہایت زبردست اثر تھا، اور نہ صرف یہ کہ پوپ کو اتنی ھمت تھی کہ وہ قیصر اور چارلس کے جانشین ,, مقدس شہنشاہ روما،، کو ایک فرمان پاپائی کے ذریعہ سے تخت سے اتاردے اور تمام رعایا کو اس سے برگشتہ کردے، بلکہ اس کے احکام کا یہ اثر تھا کہ بیچارے ,, معزول،، شہنشاہ کو بعض دفعہ یوروپی سردی کی راتوں میں گھنٹوں پاپائی محل کے سامنے کھڑا رھنا پڑتا اس وقت باریابی کی نوبت آتی۔ آدھر عیسوی یورپ راھبوں سے بھرا پڑا تھا جو حضرت عیسیٰ کے مفروضہ سنت پر عمل پیرا ہوکر خود تو روپیہ پیسہ کماتے نہیں تھے لیکن جن کی خانقاھیں سونے چاندی سے بھری پڑی تھیں، اور جو ایسی زندگی بسر کرتے تھے کہ امرا و سلاطین کے لئے بھی قابل رشک تھی -

بھر نہج اس افتراق و نفاق کے روبرو جو یورپ میں زوال کا باعث ہو رہا تھا، اسلامی دنیا ایک ایسی مثال پیش کرچکی تھی جس کا ثانی ملنا دشوار ھے۔ رسول اکرم صلعم کے وفات کے

بعد سے دائرہ اسلام عرب سے باہر برابر بڑھتا رہا ، تا آنکہ گیارہوین صدی عیسوی میں قلمرو ئے اسلام وسط ہند سے لیکر جبل البرطات تک پھیل گئی ، اور گو امتداد زمانہ سے اس عظیم الشان رقبہ میں ملوک الطوایف کا دور دورہ ہو گیا تھا لیکن اگر ہم اس امر کو ملحوظ رکھیں کہ ان سب ملکون میں جو اسلامی علم کے زیر سایہ تھے ، ایک ہی قانون اور تقریباً ایک ہی طرز حکومت رایج تھا تو ہمیں اسکی یکسانی میں مشکل سے کلام ہو ۔ بلا شبہ اس دائرے کے مرکز یعنی بغداد کے خلیفہ عباسی کی حیثیت نہایت کمزور ہو گئی تھی ، اور وہ کبھی ترکون اور کبھی ایرانیون کے ہاتھ میں کٹھ پتلی بنا ہوا تھا ، لیکن اسکی وجہ سے دیار خلافت کے اثر ، قوت وجبروت میں شمہ بھر کمی نہیں ہوئی تھی اور خلفیہ کے خطاب یافتہ امرا ادھر متھرا اور سومنات پر حملہ آور ہوتے تھے اور دوسری جانب ایشیاے کوچک میں یونان کی "مشرقی سلطنت" کو شکستیں دیتے اور خاندان بنی امیہ کے نام لیوا آدھر فرانس ، جرمنی ، سوئیزرستان و اٹلی کے دروازے کھٹکھٹاتے تھے ۔

بہر حال باوجود اس وسعت اثر کے ، ہارون الرشید اور مامون الرشید کے جانشینون کا ذاتی اقتدار روز بروز گھٹ رہا تھا اور ممالکت اسلامیہ کا مرکز ثقل بغداد سے مشرق یعنی ایران و ترکستان کی طرف ہٹتا جاتا تھا [۱] ۔ خلیفہ ابو القاسم عبد اللہ المتکفی باللہ کے زمانہ میں ایک ایرانی خاندان بنی بویہ نے اصفہان پر قبضہ کر کے عراق پر حملے کرنے شروع کر دئے تھے ، اور جب یہ خلیفہ ترکی امرا سے تنگ آ گیا تو اس نے اپنی مدد کے لئے انہی بنی بویہ کو طلب کیا اور ان کے رہبرون کو معز الدولہ ، عماد الدولہ اور رکن الدولہ جیسے عالیشان خطابات ہی نہیں دئے بلکہ اول الذکر کو امیر الامرا اور سلطان بنایا چنانچہ سکّون پر خلیفۂ عباس کے نام کے ساتھ ساتھ اس کا نام بھی لیا جانے لگا ۔

سلطان معز الدولہ کی طاقت اس قدر بڑھی کہ آخر کار اسنے زمام حکومت کو پوری طور پر اپنے قبضے میں لے لیا ، اور پہلے تو خلیفہ کو پانچھزار دینار یومیہ کا منصب دیا اور آخر کار

---

[۱] سنہ ۳۳۳ ہجری ۹۴۴ عیسوی تا سنہ ۳۳۴ ہجری ۹۴۶ عیسوی ۔

اسے تخت سے آتار کر ابو القاسم الفضل المطیع للہ [١] ۔ کو خلیفہ بنایا ۔ المطیع کے زمانے میں بھی حکومت کی باگ بنی بویہ کے قبضے میں ھی رھی ، لیکن خود اس خاندان کے افراد میں باھم پھوٹ پڑجانے سے ان کی قوت میں بہت جلد زوال پیدا ھوگیا اور وہ مصری بنی فاطمہ کے امنڈتے ھوئے بادلوں کو نہ روک سکے ، چنانچہ ان مصریوں نے متعدد علاقوں اور بالآخر ارض حجاز پر قبضہ کر لیا ۔ باوجود اس تنزل کے آل بویہ اپنی پرانی گری ھوئی حالت پر وہ اتنے مغرور تھے کہ اس گئے گذرے زمانے میں بھی ان میں سے ایک یعنی ابو طاھر جلال الدولہ نے خلیفہ عباسی ابوالعباس احمد القادر باللہ [٢] ۔ سے مطالبہ کیا کہ اسے ملک الملوک یا شہنشاہ خطاب دیا جائے ۔

مشرق میں الپ تگین اور سبک تگین نے ، اور انکے بعد موخر الذکر کے اس سے بھی زیادہ نامور فرزند محمود نے ، جسے خلیفہ القادر باللہ نے یمین الدولہ امین الملۃ سلطان کے خطابوں سے اسکے اعزاز و اکرام کو چار چاند لگا دئے تھے ، خلافت کی دھاک بٹھا دی ۔ اور جیحون وسیحون سے دریائے گنگ و شہر خراسان تک بعض حصوں پر براہ راست قبضہ کر لیا ور نہ کم سے کم اپنا رعب ضرور جما دیا ۔ اسی طرح شمالی علاقہ جات مثلاً جرجان و طبرستان پر ایک ایرانی امیر قابوس ابن وشمگیر قابض ھو گیا ۔ سلطان محمود غزنوی کے بعد اس کے جانشین ایسے طاقتور اور معاملہ فہم نہ تھے ، چنانچہ اسکے بیٹے امیر مسعود غزنوی کو ایک ترک مسمی سلجوق نے ، جسکا مستقر خراسان تھا نیچا دیکھا یا ۔ سلجوق کے بعد اسکے ھم قوموں نے طغرل بیك کو اپنا سردار بنا یا ۔ جسنے جگہ جگہ بویہی لشکروں کو شکست دیکر جرجان ، خوارزم اور دوسرے صوبوں پر قبضہ کر لیا ، اور جب طغرل بیك نے خلیفہ ابو جعفر عبد اللہ القائم بامر اللہ [٣] کو اپنے قوت بازو سے اسکے دشمنوں کے چنگل سے نکالا ، تو خلیفہ نے اسکا مرھون منت ھو کر اسے مکمل اختیارات شاھی دیدئے اور اسے سلطان کا خطاب عطا کر کے خود اپنے ھاتھوں سے اسکی

---

[١] سنہ ٣٣٤ ھجری ٩٤٦ عیسوی تا سنہ ٣٦٣ ھجری ٩٧٤ عیسوی

[٢] سنہ ٣٨١ ھجری ٩٩١ عیسوی تا سنہ ٤٢٢ ھجری ١٠٣١ عیسوی

[٣] سنہ ٤٢٢ ھجری ١٠٣٠ عیسوی تا سنہ ٤٦٧ ھجری ١٠٧٥ عیسوی

تا جپوشی کی۔ اس واقعہ کے بعد آل سلجوق ایشیا کی سب سے زیادہ طاقتور قوم بن گئی، اور الپ ارسلان کی گدی نشینی کے بعد انکی شہرت اور قوت المضاعف ہو گئی اس زبردست فرمانروا نے گرجستان اور آرمنستان کو فتح کیا اور یونانی لشکر کو ملازگرد کی لڑائی میں شکست دیکر تمام ایشیائے کوچک کو یورپی اثر سے پاک کر دیا۔ اسی الپ ارسلان اور اسکے بیٹے سلطان ملک شاہ سلجوقی کا وزیر باتدبیر خواجہ حسن نظام الملک تھا جسنے میدان قلم اور میدان شمشیر دونوں میں اپنا نام پیدا کیا اور ایسے کارنامے چھوڑ گیا جو رہتی دنیا تک یاد رہینگے۔

بہر حال باوجود اس تلاطم اور افراتفری کے یہ واقعہ ہے کہ عین اس وقت، جب خلافت بغداد کی جڑیں کھوکھلی ہو رہی تھیں اور حقیقی زمام حکومت کبھی کسی ترک اور کبھی کسی ایرانی کے قبضے میں آجاتی تھی، اس وقت بھی علوم و فنون کا ڈنکا بج رہا تھا اور ایسے ایسے علماء و فضلا پیدا ہو رہے تھے جن پر سرزمین ایشیا جتنا بھی فخر کرے بجا ہے، یہ وہ زمانہ ہے جب مسعودی اور البیرونی جیسے مؤرخوں فارابی جیسے فلسفیوں اور سیاسوں، متنبی جیسے شاعروں، فردوسی جیسے رزم نویسوں سے وسطی اور مغربی ایشیا بھری ہوئی تھی، اور مشکل سے کوئی ایسا فن ہوگا جس پر اس عہد کے علماء نے اپنا اثر نہ چھوڑا ہو۔ علم و عمل کا بازار ایسا تھا جو کسی طرح ٹھنڈا نہیں ہوتا تھا، اور اسی عہد کی بابت مولانا حالی علیہ الرحمہ نے کہا ہے:—

یہ تھا علم پر واں توجہ کا عالم ۔۔۔ کہ ہو جیسے مجروح جویائے مرہم

کسی طرح پیاس انکی ہوتی نہ تھی کم ۔۔۔ بجھاتا تھا آگ انکی باراں نہ شبنم

حریم خلافت میں اونٹوں پہ لاکر

چلے آتے تھے مصر و یوناں کے دفتر [۱]

---

[۱] حالی: مثنوی مد و جزر اسلام، ،، خلافت بغداد ،،

هر ایک میکدے سے بھر لا کے ساغر ‏ ‏ هر ایک گھاٹ سے آ کے سیراب هو کر
گرے مثل پروانہ هر روشنی پر ‏ ‏ گرہ میں لیا باندہ حکم پیمبر
کہ حکمت کو ایک گم شدہ لال سمجھو
جہان جاؤ اپنا اسے مال سمجھو [۱]

۳ - اس عہد میں دنیائے اسلام کا سیاسی دستور

اس پیچیدہ مملکت کے سیاسی دستور کے دو حصے تھے ایک وہ حصہ جسکا مرکز خلیفہ بنی عباس کی ذات تھی اور دوسرا وہ جو حقیقی فرمانروا پر مرکوز تھا، خواہ وہ بنی بویہ ہو یا آل سلجوق بلا شبہ جو کچھ بھی اقتدار کسی ترک یا ایرانی فرمانروا کو حاصل تھا اس کا منبع و ماخذ قانونی اعتبار سے خود خلیفہ اسلام کی ذات تھی، مگر یہ بھی واقعہ ہے کہ جو کچھ بھی مناصب یہ خلیفہ ان امرا کو منتقل کرتا تھا وہ مجبور ہو کر کرتا تھا اس لئے کہ خود اسے اتنی قوت حاصل نہ تھی کہ ان سیاسی سیلابون کا مقابلہ کر سکے۔ اسلئے یہ کہنا درست ہوگا کہ گو نظریتہً اور قانوناً خلیفہ شرعی احکام کے ماتحت مقتدر اعلیٰ تھا، لیکن اسنے اپنا بیشتر اقتدار بنی بویہ آل قابوس یا اولاد سلجوق کو منتقل کر دیا تھا۔

یہاں میں آپ کی توجہ ایک خاص امر کی طرف منعطف کرنی چاہتا ہوں، اور وہ شخصی حکومت کا مسئلہ ہے، آج کل ایشیا کو دنیا کی نظروں میں حقیر کرنے بہت سی تدبیریں کی جاتی ہیں، انہیں سے ایک یہ طعنہ بھی ہے کہ شخصی حکومت ایک کلیتہً مشرقی ادارہ ہے اور عمومیت کا نشو و نما بالکلیہ مغرب میں ہوا ہے چنانچہ اگر کسی مہربان کو لفظ (   ) میں شدت پیدا کرنی مقصود ہو تو وہ اس کے ساتھ بلا تکلف (   ) کا سابقہ بڑھا کر اپنے مقصد میں اچھی طرح سے کامیاب ہو جاتا ہے۔ اول تو یہ بات سراسر واقعات کے خلاف ہے کہ اصول مطلق العنانی کسی خاص حصہ دنیا کے ساتھ وابستہ ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ وہ مطلق العنانی جس کے تحت نیرو عیسائی مردوں، عورتوں اور بچوں کو خونخوار شیروں کے سامنے ڈالوا سکتا تھا، یا وہ مطلق العنانی جسکے تحت پاپائے روما

---

[۱] حالی: مثنوی مدو جزر اسلام «احیائے علوم»

کے قبضے میں صرف آسمانی جنت ھی کی نہیں بلکہ دینوی بہشت کی بھی کنجی آگئی تھی ، یا وہ مطلق العنانی جسکے تحت ھنری ھشتم شاہ انگلستان معاشرہ ، مذھب اور قوانین سب کو محض ذاتی اور جنسی اغراض کی وجہ سے تہ و بالا کرسکتا تھا ، یا وہ مطلق العنانی جسکے تحت شاہ فرنا ندو و ملکہ ارابیلا کا نمائیندہ اسقف اعظم غرناطہ شہر کے جتنے عربی علمی نسخے ملتے انہیں سب سے بڑے چوک میں جمع کر کے بھسم کرسکتا تھا ، ایسی مطلق العنانی کی مثالیں اسلامی مشرق میں ملنی دشوار ھیں ۔ اول تو یہ خلفاء جنکے زمانے پر ہم تبصرہ کر رھے ھیں قانوناً موروثی نہیں تھے بلکہ ان کا انتخاب ھوتا تھا خواہ وہ انتخاب امتداد زمانہ سے کیسا ھی رسمی اور مصنوعی کیوں نہ ھو گیا ھو ، پھر ایشیا میں خلفاء بادشاہ اور سلاطین سب کے سب عاملانہ امور میں ضرور مطلق العنان رھے ھیں لیکن سب کو قانون کے سامنے (الوھی اختیارات پر مبنی سمجھا جاتا تھا) سرتسلیم خم کرنا پڑتا ھے یہ ایک بدیہی واقعہ ھے کہ انقلاب فرانس سے پہلے یورپی حکومتوں میں بھی عمومیت کا دخل نہیں تھا ، اور بعض محققوں کے نزدیک تو سچی عمومیت آج تک حکومتی کاروبار میں دخیل نہیں ھوئی ھے ، بلکہ اگر ہم اٹلی کی فاشیت اور روس کی بولشوی آمریت پر غور کریں تو اس نتیجہ پر پہونچینگے کہ کمال کو پہونچنے سے پہلے عمومی اقتدار کے خلاف نہایت شدید رد عمل شروع بھی ھوگیا ھے ۔

ساتھ ھی ایک دوسرے امر کی طرف بھی آپکو توجہ دلانا ضروری ھے ۔ دنیا کی ہر مملکت کسی نہ کسی اصول پر مبنی ھوتی ھے ، بولشوی مملکت روس مین عام طور پر کسی ایسے شخص کو سیاسی اختیارات حاصل نہیں ھیں جو اپنے قوت بازو سے دولت پیدا نہ کرتا ھو (چنانچہ وھاں طالب علموں اور پروفیسروں کو سیاسی اختیارات حاصل نہیں ھیں) سرمایہ دار مملکتوں ، مثلاً انگلستان اور امریکہ میں سیاسی اختیارات صرف انہی لوگوں کو حاصل ھیں جو کسی نہ کسی مکان یا قطعہ آراضی کے مالک ھوں ، یا جو سرکار کو محصول کی ایک خاص تعداد ادا کرتے ھوں ، اور انقلاب فرانس سے پہلے یورپی مملکتوں میں جو کچھ سیاسی اختیارات تھے وہ سب کے سب شاھی حالی موالیوں کو حاصل تھے ۔ اگر ہم اس اصول کا تجزیہ کریں تو ہم یہ محسوس کرینگے کہ

سیاسی اختیارات صرف انہی لوگوں کو حاصل ہوتے ہیں جنپر ہئیت حاکمہ کا اعتبار کلی ہو۔
انہی طرح دنیا پر ایک زمانہ ایسا بھی گزرا ہے جب سیاسی اختیارات ایک بڑی حد تک صرف ایک
ہی مذہب کے لوگوں کو حاصل تھے اور اندرونی و خارجی معاملات دونوں پر اس مذہب کا
اثر پڑتا تھا۔ اسپین میں محکمہ استیصال ارتداد کا دور دورہ ختم ہوئے ابھی سو برس بھی نہیں
گزرے، اور انیسوین صدی کے ابتدائی دور میں دول یورپ کے بہت سے ایسے عہد نامے ملینگے
جنکے عنوان پر "نا قابل تقسیم ثالوث مقدس کے" نام کے الفاظ چسپاں ہونگے۔ ذرا اپنے موجودہ عہد
سے پہلے کے عہد پر نظر ڈالئے تو آپ کو محسوس ہوگا کہ خود یورپی مملکتوں کی بنیاد ایک بڑی
حد تک عیسوی مذہب کے اعتقاد پر تھی، اور پاپائے روما کے علاوہ جرمنی میں بڑے بڑے
اقطاع ملک اس مذہب کے اساقفہ کے لئے وقف تھے، انگلستان و فرانس کے مجالس مقننہ میں اس
مذہب کے نمائندوں کو عوام الناس سے بالاتر سمجھا جاتا تھا، یہان تک کہ ھنری چہارم شاہ انگلستان
کے زمانہ کی ایک نظیر میں صریحاً یہ حکم لگا دیا گیا کہ "انجیل مقدس ایک ایسا قانون عامہ ہے
جس پر جملہ اثباتی قوانین کا دارومدار ہے" [۱] اسی مذہبی اثر کا ایک نتیجہ یہ ہے کہ جب جنگ عظیم
میں حلیفون کی فوجیں ترکوں کو مغلوب کر کے بیت المقدس میں داخل ہوئی ہیں تو اسے
"زمانہ حال کی صلیبی جنگ" کا لقب دیا جاتا ہے اور آج بھی اگر قیصر ھند جارج پنجم کلیسائے انگلستان
سے منحرف ہوجائیں تو انہیں تخت و تاج کو خیرباد کہدینا پڑیگا۔ [۲]

غرض یہ ہے کہ تقریباً ہر قوم کی تاریخ میں ایک زمانہ ایسا آتا ہے جب لوگ مادی،
ملکی اور معاشی بندشوں سے زیادہ روحانی مذہب اور عقیدے کو مستحکم حبل متین قرار دیتے ہیں۔
ہم دیکھتے ہیں کہ یورپ میں "مقدس شہنشاہی روما" کی بنیاد کلیتہً مذہب پر تھی اور عیسوی مذہب
کے علاوہ کسی دوسرے مذہب کو تسلیم تک نہیں کیا جاتا تھا بعینہ اس طرح جس دور کا ہم اس وقت

---

[۱] سالنامہ ۳۴ ھنری ۴ صفحہ ۴۰ جسکا اقتباس ھالینڈ "اصول قانون" باب ۵ میں دیا گیا ہے۔

[۲] قانون بندوبست سنہ ۱۷۰۱ عسوی

تذکرہ کر رہے ھیں اسمیں مملکت کی بنیاد مذھب اسلام پر تھی ، لیکن اس کے ساتھ ھی ساتھ آن غیر مسلموں کو جو اس وقت مملکت اسلام میں رھتے تھے ھر طرح کے حقوق حاصل تھے ، اور چونکہ مملکت اسلام ان غیر مسلموں کے حقوق کی پوری طرح سے ذمہ دار تھی اس لئے انھیں مجموعی طور پر ذمی کہتے تھے جب ھم دیکھتے ھین کہ آس زمانہ میں بیچارے بے خانماں یہودیوں کے ساتھ کیا سلوک روا رکھا جاتا تھا ، اور ایڈ ورڈ اول جیسا عالی منش بادشاہ انگلستان کے یہودیوں پر کیسے کیسے مظالم ڈھاتا تھا تو ھمیں اس اصول ذمیّت کی اھمیت اور اس کا حُسن پوری طرح سے ذھن نشین ھو جاتا ھے ۔

مجھے یہ دو باتیں کم و بیش وضاحت کے ساتھ بیان کرنے کی اس لئے ضرورت ھوئی کہ جس معاشرے کا ھم ذکر کر رھے ھیں اس کی بنیاد ایسے اصول پر رکھی گئی ھے جو نوعی اعتبار سے ھم عصر یورپی اصول کے بالکل مماثل ھے لیکن جو انسانیت کا پہلو شامل کرنے کی وجہ سے کہیں زیادہ محدود ھے ۔ تاریخ پر نظر ڈالنے اور اس سے انتاج کرنے والے کے لئے جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ھے وہ یہ ھے کہ وہ آج کل کے تعصبات کو دور کر کے ، خواہ وہ کیسے ھی دلکش کیوں نہ معلوم ھوں ، اور اپنے آپ کو اس عہد کے ماحول مین لانے کی کوشش کرے جس پر وہ نظر دوڑا رھا ھے تا کہ جس طرح تحت الاحمر شعاعیں کثیف ترین گرد و غبار میں ھو کر گذر جاتی ھیں اسی طرح کسی عہد کے واقعات پر صحیح رائے قائم کرنے کے لئے ایسی عینک لگائی جائے کہ صدیوں کی جو تہیں ھمارے اور ھمارے موضوع کے مابین حائل ھیں وہ بالکل صاف و شفاف ھو جائیں ۔

خلفائے بنی عباس کے زمانے میں جس اصول پر حکومت ھوتی تھی اس کی ابتدا ، دوسرے عباسی خلیفہ ابو جعفر المنصور نے [۱] ڈالی تھی خلافت بنی عباس کے سب سے پہلے دور میں تو مملکت کی تمام نگرانی خود خلیفہ کرتا تھا ، لیکن ھارون الرشید کے زمانے سے ملکی انتظام تقریباً کلیتہً ایک وزیر کے تفویض کر دیا جاتا تھا جو تقریباً سیاہ و سفید کا مختار سمجھا جاتا تھا ایسے وزرا میں جعفر برمکی اور فضل ابن سہیل کے نام سب سے ممتاز ھیں حکومت کو فی الجملہ دایوان العزیز کہتے تھے اور آج کل کی

---

[۱] سنہ ۱۳٦ ھجری ۵۴ ۷ عیسوی تا سنہ ۱۵۸ ھجری ۷۷۳ عیسوی

حکومت کی طرح یہ ایک پیچیدہ ادارہ بن گیا تھا جو مختلف محکموں یا دواوین سے مرکب ہوتا تھا جیسے دیوان الخراج ، دیوان البرید ، دیوان الزمام (صدر محاسبی) دیوان الجند (معتمدی فوج) دیوان الاحداث و الشرط (معتمدی کوتوالی) وغیرہ ۔ ان عہدہ داروں کے علاوہ خلیفہ ابو عبداللہ محمد المہدی [۱] کے زمانہ سے اب تک حاجب مقرر کیا جاتا تھا جس کا کام یہ ہوتا تھا کہ غیر ممالک کے سفرا کو بارگاہ خلافت میں پیش کرے اور مسند خلافت کے شایان شان رسوم کو بجا لائے ۔ عدالت کے متعلق ایک عام اصول یہ برتا جاتا تھا کہ قاضی القضاۃ (میر مجلس عدلت العالیہ) ، قاضی اور اس کے نائب ، ان سب کو حکومت سے کوئی تعلق نہ ہو ، بلکہ وہ براہ راست خلیفہ کے سامنے اپنے کردار کے ذمہ دار ہوں ۔ علی العموم مختلف غیر مسلم ذمی فرقے اپنے دیوانی معاملات کا خود ہی تصفیہ کرتے تھے اور ان میں حکومت مطلق دخل نہ دیتی تھی ، لیکن دیوانی معاملات کے علاوہ جو مقدمات ہوتے تھے ، خصوصاً فوجداری کے مقدمات اور ایسے مقدمات جنکے تصفیہ میں محض قاضی کا رعب کافی نہیں سمجھا جاتا تھا ، وہ سب ناظر فی المظالم کے سامنے پیش ہوتے تھے اور ان کا مرافعہ "دیوان النظر المظالم" کے سامنے جاتا تھا جس میں خلیفۂ اسلام بہ نفس نفیس نشست کرتا تھا ۔

صوبوں کا انتظام صوبہ داروں کے سپرد تھا ، اور بنی عباس کے ابتدائی خلفاء کا طرز عمل یہ تھا کہ وہ کسی صوبہ دار کو زیادہ دن تک کسی ایک صوبہ میں نہیں رہنے دیتے تھے ، اور ہر صوبہ کا صاحب البرید خلیفہ کو صوبہ دار کے حالات کی اطلاع دیتا رہتا تھا ۔ لیکن امتداد زمانہ سے جب صوبہ دار مطلق العنان بن گئے اور انہوں نے اپنے اپنے صوبوں میں شاہی خاندان قائم کر لئے تو یہ صاحب البرید خلیفہ کی طرف سے انکے صوبوں میں اسی طرح سے رہنے لگے جیسے اب آج کل ہر برطانوی قلمرو میں ایک ایک ماوور اعلیٰ یا ہائی کمشنر رہتا ہے ۔

یہ سب لب لباب اس وقت کے طرز حکومت کا ہے جب تمام مملکت اسلام زبردست خلفاء کے زیر نگین تھی ۔ لیکن جب اس مرکزی اقتدار میں کمی آئی اور آل سامان ، بنی بویہ ، اہل غزنین

---

[۱] سنہ ۱۵۸ ہجری ۷۷۳ عیسوی تا سنہ ۱۶۹ ہجری ۷۸۵ عیسوی

اور اولاد سلجوق نے خلافتی اقتدار کا خاتمہ کر دیا تو حکومت کی بساط گویا پلٹ گئی اور بجائے وزیر کے ملک کا سب سے بڑا عہدہ دار "امیر الامرا" یعنی وہ شخص ہو گیا جس نے بنی بویہ اور آل سلجوق کی طرح بزور شمشیر مملکت کے کسی بڑے حصے پر قبضہ کر کے خود خلیفہ کو اپنے قابو میں لے لیا، اور پھر وزرا اور صوبہ دار سب اسی نام سے مقرر ہونے لگے۔ "سلطان" کا خطاب سب سے پہلے ابو جعفر ھارون الواثق باللہ [۱] نے ترکی حرس کے سپہ سالار اشناس کو دیا تھا اور اپنے ھاتوں سے اسکے سر پر تاج رکھا اور کمر میں طلائی پرتلہ باندھا تھا۔ اسکے بعد یہ خطاب دیا جانا مسدود ہو گیا، اور بنی بویہ کے عروج تک کسی کو نہیں دیا گیا۔ امرائے بنی بویہ کو نہ صرف خلیفہ نے سلطان کا خطاب دیا بلکہ انہیں تاج پہنایا، خلعت شاھی عطا کی اور شاھی جوشن اور پرتلہ زیب بدن کیا۔ آخر میں بنی بویہ کا مرتبہ اتنا بلند ھوا کہ اپنے زوال کے زمانے میں بھی ان کے ایک فرد ابو طاھر جلال الدولہ نے "ملک الملوک" یا شہنشاہ کے خطاب کا دعوےٰ کر دیا۔

مگر ان سب واقعات کے ساتھ ساتھ ھمیں یہ بات یاد رکھنی چاھئے کہ ان تمام تبدیلیوں کے باوجود ھر ایک "وزیر"، یا "سلطان"، یا "ملک"، خواہ کتنا ھی طاقتور ھو، خلیفہ اسلام کا ادب کرتا تھا اور اپنے اقتدار کا سب سے بڑا مظاھرہ اسے سمجھتا تھا کہ خلیفہ کی ذات پر قابو یافتہ ھو۔ یہ امر قابل لحاظ ھے کہ گو ایک خلیفہ کا عزل اور دوسرے کی مسند نشینی روزمرہ کی باتیں بن گئی تھیں، لیکن یہ کسی کی ھمت نہیں پڑتی تھی کہ ادارۂ خلافت کا خاتمہ کر دے یا غیر عباسی ھونے کے باوجود خود خلیفہ بن بیٹھے۔

۴۔ تاریخ نظریات سیاسی میں اس زمانے کی اھمیت۔ اوپر جو کچھ بیان کیا گیا ھے اس سے یہ صاف ظاھر ھوتا ھے کہ گو ایوان حکومت سامی، عربی، اسلامی روایات پر مبنی تھا لیکن رفتہ رفتہ اس پر ایک زبردست آریائی ایرانی تہ چڑھتی جاتی تھی، اور گو دیکھنے والے کے لئے شکل عربی تھی لیکن عربی روح کی بجائے ھر جگہ عربی سانچے میں ڈھلی ھوئی ایرانیت یا ترکیت اپنا کام کر رھی تھی۔ ظاھر

---

[۱] سنہ ۲۲۷ ھجری ۸۴۲ ع تا سنہ ۲۳۲ ھجری سنہ ۸۴۷ ع

ہے کہ ان تخیلات کے مابین ایک بہت بڑا بُعد تھا۔ ایک کا اصول مستحفظ ، قدیم ، عربی ، سامی تھا تو دوسرے کا تخیل استیصالیت ، جدّت ایرانیت ، آریائیت میں مضمر تھا ، گو اس میں بھی اسلامی تعلیم اپنا گہرا اثر ڈال چکی تھی ۔ اگر غور کیا جائے تو کچھ سیاسی خیالات اس عہد میں پیدا ہوے وہ ان دونوں اصول میں سے کسی نہ کسی کا مظاہرہ تھے ، اور یہی وہ اثرات ہیں جو اس زمانہ کے مصنفوں اور مولفؤں میں پائے جاتے ہیں ۔ ان میں بعض تو اپنے خیالات کو خالص اسلامیت اور عربیت پر مبنی کرتے ہیں اور بعض واقعی حالات اور کیفیات سے متاثر ہوکر بجائے پیچھے مڑنے کے آگے کی طرف دیکھتے ہیں ۔ میدان سیاسیات میں آپ کو ایسے سیاسی نظر آئیںگے جنکا مطمح نظر یہ ہے کہ رسول اکرم صلعم اور خلفائے راشدین کے عہد مبارک کے حالات کسی نہ کسی طرح عود کر آئیں ، اور جو مثال وہ اپنے سامنے پیش کرتے ہیں اس میں یہی اصول مد نظر ہوتا ہے ، ساتھ ہی بعض ایسے بھی سیاسی ہیں جو یہ محسوس کرتے ہیں خیر القرون کے حالات واپس نہیں آسکتے ، لھذا جو جدید عناصر پیدا ہوگئے ہیں انہیں تسلیم کرلیا جائے اور ان ہی میں ترقی کی شکل پیدا کی جائے ۔ گویا اس عہد میں شاہ راہ سیاست کے دو راستے بن گئے ہیں ، ایک کا مطمح نظر عربیت ہے تو دوسرے کا زاویہ نگاہ عجمیت ، ہمارے خیال کا قائم مقام الماوردی ہے اور دوسرے کا صاحب قابوس نامہ ۔

۵ ۔ الماوردی کے حالات زندگی | ابوالحسن علی ابن محمد ابن حبیب الماوردی سنہ ۳۶۴ ھجری اور سنہ ۹۷۴ ع میں پیدا ہوا اور ۸۶ سال کی عمر میں ۱۰۵۸ ع سنہ ۴۵۰ ھجری میں اسکا انتقال ہوگیا۔ الماوردی اپنے زمانہ کے عظیم الشان فقیہوں اور مقننوں میں سے تھا ، اور گو مذھباً وہ شافعی تھا ، لیکن اس کی کتابوں میں جگہ جگہ اعتزال کی جھلک پائی جاتی ہے ۔ اسنے بصرہ اور بغداد میں درس دیا ، اور جب اس کے علم و فضل کی شہرت ہوئی تو اسے یہاں قاضی القضاۃ بنایا گیا اور اس کے بعد اقضی القضاۃ کا خطاب پیش کیا گیا ، لیکن اس نے یہ کہکر منظور کرنے سے انکار کردیا کہ مجھ سے بہتر لوگ موجود ہیں جن کے یہ خطاب شایان ہے [۱] اس کی تعریف کرنے سے سوانح نگاروں کا مہنہ

---

[۱] یاقوت : اشاد الادب ۵ ، ۴۰۷ ۔

سو کہتا ہے ، اسے " الامام الجلیل القدر رفیع المقدار والشان " [۱] اور کوئی " من وجوہ الفقہاء الشافعیہ و کبارھم " [۲] کا لقب دیتا ہے اور اس میں شبہ نہیں ہے کہ اس کے زمانے میں کوئی دوسرا اس سے زیادہ اسلامی طرز حکومت کی تہہ کو نہیں پہونچا تھا ۔ کہتے ہیں کہ اس نے اپنی زندگی میں اپنی تصانیف کی نشر و اشاعت نہیں کرائی ، اور جب اس سے سبب دریافت کیا گیا تو اس نے جواب دیا کہ " میں اپنی کسی تضیف میں اپنی نیت خالص محسوس نہیں کرتا ، اور مجھے معلوم نہیں کہ آیا اللہ تعالی نے اسے شرف قبولیت دیا ہے یا نہیں ، اس لئے اے برادر ، میری موت کا وقت قریب آئے تو اپنا ھاتہ میرے ھاتہ میں دیدینا ، اگر میں نے اسے زور سے پکڑ لیا تو سمجھنا کہ خدا سے شرف قبول حاصل نہیں ہوا اور میری سب کتابوں کو دجلہ کے نذر کردینا ، اور اگر میں نے اسے زور سے نہیں پکڑا اور چھوڑ دیا تو سمجھنا کہ خدا نے میری تصانیف کو قبول کر لیا اور انہیں شائع کردینا "۔ [۳] الغرض نزع کے وقت جب اسکے ھاتہ میں ھاتہ دیا گیا تو آسنے اسے چھوڑ دیا ، چنانچہ اسکی وصیت کے مطابق اسکی کتابیں شائع کردی گئیں ۔

اکتساب علم و فضل کی وجہ سے اس مین بڑی ہمت و جرءت آگئی تھی چنانچہ گو وہ خود ابو طاھر جلال الدولہ آل بویہ کے ہم نشنیون میں سے تھا ، تاھم جب اس حکمران نے ملك الملوك کا لقب اختیار کرنا چاھا تو اس نے فتوے دینے سے صاف انکار کردیا اور کہا کہ یہ لقب صرف خدا ھی کو سازگار ہے ۔

الماوردی نے متعدد تصانیف چھوڑی ھین جن میں سے خالص سیاسیات پر اس کی مشہور آفاق الاحکام السلطانیہ ہے جو طبع ہو چکی ہے اور متعدد مشرقی و مغربی زبانون مین اسکا ترجمہ بھی ہوچکا ہے ۔ اس کے علاوہ اسی موضوع پر اس کی تین کتابیں اور ھیں جو غیر مطبوعہ ھیں یعنی

---

[۱] سبکی : طبقات الشافعیہ ، ۳ ، ۳۰۳ ۔

[۲] ابن خلکان : دفعات الدعیان ۱ ، ۴۱۰ ۔

[۳] سبکی : طبقات الشافعیہ جلد ۳ ۔

نصیحت الملوک ، قوانین الوزارۃ جسے قانون الوزیر و سیاستہ الملک بھی کہتے ھیں اور تحصیل النظر فی تسہیل الظفر افسوس ھے کہ یہ آخری تین جلدین میری دسترس سے باھر تھین چنانچہ جو کچھ اس مقالے میں میں نے الماوردی کی بابت لکھا ھے وہ اس کی کتاب الاحکام السلطانیہ سے ماخوذ ھے ۔

٦ ۔ الماوردی کے سیاسی خیالات | یوں تو الماوردی نے حکومت کا ایسا کوئی جزو نہیں چھوڑا جس پر اپنی نظر نہ دوڑائی ھو ، لیکن اس مضمون میں ھم صرف مرکزی حکومت کے کل پرزوں کے متعلق اپنی رائے ظاھر کرینگے سب سے پہلے تو اس نے مملکت کی وجہ وجود بیان کرتے ھوئے بالکل ٹھیك کہا ھے کہ ”اللہ تعالیٰ نے اس دنیا پر اپنے احکام کو حکم بنایا اور ان سے اللہ کی مخلوق کے مصالح متعین ھو گئے اور اصول صداقت و حق ثابت ھوئے ، نیز اسنے ارباب حکومت کو خلق اللہ کی نگہبانی سپرد کی تاکہ عالم کا انتظام بحال رھے ”، اور ”امامت (یا آجکل کی اصلاح کے مطابق ، صدارت) وہ بنیاد ھے جسپر ملت کے قواعد قائم ھین ”۔ [۱] یہ ایك ایسا خیال ھے کہ اسپر آج بھی جسقدر غور کیا جائے اسکی سچائی ثابت ھوتی ھے ، یعنی ایك طرف تو مملکت کا مقصد اعلیٰ عدل وصداقت کی ترویج ھے اور دوسرے ، مملکت میں اچھے برے جائیز ناجائیز کے مابین امتیاز پیدا کرتی ھے ۔

اس مختصر بیان کے بعد الماوردی امامت کی ماھیت اور اسکے قواعد کی بابت اپنے خیالات کا اظہار کرتا ھے اور کہتا ھے کہ امامت کا مقصد اعلیٰ یہ ھے کہ دین کی حفاظت ھو اور دنیا کا انتظام برقرار رھے ، چنانچہ کسی نہ کسی شخص کا اجماع امت (یا آجکل کی اصطلاح میں رائے عامہ) سے امام مقرر ھونا واجب ھے ۔ امامت نہ صرف ازروے تاریخ و روایات ضروری ھے بلکہ ازروے عقل بھی لازمی ھے اس لئے کہ ”تمام ارباب خرد فطری طور پر اپنے معاملات ایك ایسے رھبر کے سپرد کرنا چاھتے ھیں جو انہیں ایك دوسرے پر ظلم کرنے سے روکے اور باھمی مخاصمت کی حالت میں ان کے درمیان فیصلہ کردے ”۔ [۲] آجکل بھی مملکت کے قیام کی بس

---

[۱] الاحکام السطانیہ ، خطبہ ۔ [۲] الاحکام ، باب (۱)

یہی وجہ وجود مانی جاتی ہے کہ باھمی تصادم کا استیصال و انسداد کیا جائے، اور ایك ھزار برس کے غور و فکر کے باوجود علم سیاسیات اس عظیم الشان اصول سے آگے نہیں بڑھا۔

اس امام (یا صدر) کے انتخاب اور تقرر کی بابت الماوردی ھمیں بہت کچھ تفصیل میں لے جاتا ہے اور ”اھل اختیار“ (یعنی راۓ دھندوں) اور امیدواران امامت کی معیار اھلیت پر بحث کرتا ہے وہ بجاۓ اس کے کہ اھل اختیار کے لئے آجکل کے سے مصنوعی معیار قائم کرکے، جو عمر، ذاتی ملکیت یا سکونت پر مبنی ھوتے ھیں، وہ ایسے لوگوں کو اھل سمجھتا ہے جو حق پسند ھوں، جنہیں مستحق و غیر مستحق کا فرق معلوم ھو اور جو دانائی اور فکر کی قابلیت رکھتے ھوں وہ امام کے انتخاب کے دو طریقے بتاتا ہے، ایك تو اھل اختیار کی راۓ کے ذریعہ سے اور دوسرے سابق امام کی نامزدگی سے، اور اس دوسرے طرز کے ثبوت میں حضرت ابوبکر کی سند پیش کرتا ہے جنہوں نے حضرت عمر کو اپنی جانشینی کے لئے نامزد کیا تھا۔ وہ امام یا خلیفہ کے فرائض شمار کرتے ھوے کہتا ہے کہ اسے مذھب کی حفاظت کرنی چاھئیے اپنے احکام سے جھگڑے کرنے والوں کے جھگڑے چکانے چاھئیں تاکہ نہ کوئی طاقتور ظلم کرنے پائے نہ کوئی مظلوم ظلم کو سہے، ملکی آزادی کی حفاظت کرنی چاھئیے، مجرموں کو اپنی پاداش کو پہونچانا چاھئیے، مستحقوں کے لئے ایسی تنخواھیں مقرر کرنی چاھئیں جن میں نہ امساك ھو نہ اسراف اور انہیں وقت پر ادا کرنا چاھئیے، دیانتداروں کو اپنا قائم مقام اور قابل اعتماد لوگوں کو حاکم اور عامل مقرر کرنا چاھئیے، اور عیش و عشرت یا عبادت میں ھمہ تن مشغول ھوکر اپنے فرائض دوسروں کے سپرد نہیں کرنے چاھئیں وہ ایك مطمحی امام کی تعریف ایك شاعر کے الفاظ میں یوں کرتا ہے:—

وتلدو امر کم لله در کم	رحب الذراع بامر الحرب مضطلعا
لا مترفا ان رخاء العیش ساعده	ولا اذا عض مکروه به خشعا
ما ذال یحلب در الدهر اشطره	یکون متبعا یوما و متبعا

حتے استمر علے شزر مریرتہ   مستحکم الرای لا قحما دلا مرعا [۱]

"اللہ ھی کو سب خوبیاں سزاوار ھیں۔ ایسے شخص کو اپنا حاکم بناؤ جو سخی اور جنگجو ھو، اگر خوش حال ھو تو مغرور نہو، اگر مصیبت نے آسے آگھیرا ھو تو وہ اس سے گھبرا نہ جاتا ھو، وہ زمانے کے رنگ کے مطابق کرتا ھو، وہ کبھی دوسروں کا اتباع کرتا ھو اور کبھی دوسرے اس کا اتباع کرتے ھوں، اور جب وہ کبھی کسی مشکل کام کا قطعی ارادہ کرے تو اس کی راء ایسی مضبوط ھو کہ نہ اس کے لئے وہ مغرور ثابت ھو نہ کمزور۔"

خلافت یا امامت (صدارت) کا ذکر کرنے کے بعد الماوردی وزارت کی طرف رجوع ھوتا ھے اور کہتا ھے کہ وزارت کا مقصد یہ نہیں کہ امام (یا صدر) خود امور سلطنت سے کنارہ کش ھوجائے، بلکہ وزیر اس لئے ھوتا ھے کہ، "تدبیر مملکت میں ایک شخص کا شریک ھوجانا شخص واحد کے مقابلے میں مفید تر ھے" [۲] اور جب حضرت موسیٰ حضرت ھارون کو اپنی پیٹھ مظبوط کرنے اور اپنے کام میں شریک کرنے کے لئے اپنا وزیر بنا سکتے تھے تو پھر دینوی مملکت میں یہ وزارت بدرجۂ اتم جائیز ھے۔ [۳] ماوردی کے نزدیک وزارت دو طرح کی ھوتی ھے، ایک وزارت تفویض اور دوسری وزارت تنفیذ۔ وزیر تفویض وہ وزیر ھے جس پر امام یا صدر مملکت کو پورا اعتبار ھوتا ھے اور جسکے سپرد مملکت کا پورا انتظام کردیا جاتا ھے۔ ماوردی کے نزدیک اس میں اور امامت (یا صدارت) میں صرف یہی فرق ھے کہ وزیر تفویض کسی کو اپنا جانشیں مقرر نہیں کرسکتا اسکے مقرر کردہ عہدہ داروں کو امام یا صدر بر طرف کرسکتا ھے۔ ماوردی اپنے اس فقرے میں ایک موضوعہ دستور مملکت کے وجود کو بھی ممکن قرار دیتا ھے، کہ "اگر وزیر نے کوئی حکم نافذ کیا اور امام نے اسکی مخالفت کی اور آسے منسوخ کرنا چاھا تو احکام

---

[۱] الاحکام، باب (۱)   [۲] الاحکام، باب (۲)

[۳] وجعل لی وزیراً من اھلیؔ ھرون اخیؔ اشدد ازریؔ واشرکہ فی آمریؔ
قرآن مجید، ۲۰، ۲۹ تا ۳۲

کی نوعیت پر غور کیا جائیگا ، اگر یہ اختلاف کسی ایسے حکم کے متعلق ھے جو ضابطے کے تحت نافذ ھوچکا ھے تو .... امام وزیری رائے کو کالعدم نہیں کر سکتا ،، [۱] اس فقرے سے معلوم ھوتا ھے کہ ماوردی آج کل کے زمانے کی دستوری مملکت کے اصول سے بھی آشنا تھا ۔ اس نے جس عہدہ دار کا نام وزیر تنقید رکھا ھے وہ غالباً ھمارے زمانے کے معتمد صاحبان کا ھم رتبہ ھوگا اس وزیر کا یہ بیان کیا گیا ھے کہ امام (یا صدر) جو ھدایتیں کرے وہ انہیں نافذ کرے اور جملہ حالات واقعات سے اسے مطلع کرتا رھے ۔ ماوردی اس عہدہ دار کے لئے سات صفات قرار دیتا ھے سب سے پہلے دیانت ، دوسرے صاحب اعتبار ھونا ، تیسرے کسی قسم کے لالچ سے بالاتر ھونا ، چوتھے اسکے عوام الناس کے تعلقات اچھے ھونا (ورنہ عدل ممکن نہ ھوگا) ، پانچویں ذھین اور معاملہ فہم ھونا ، چھٹے عاشق مزاج اور عیاش نہونا (ورنہ یہ عادتیں اسے حق سے باطل کی طرف لے جائینگی اس لئے کہ عشق و محبت کا خاصہ ھے کہ وہ عقل کو معطل کردیتے ھیں) ، اور مدبر و تجربہ کار ھونا ۔ ماوردی کہتا ھے کہ اس عہدہ کے لئے اسلام شرط نہیں ھے اور ایک غیر مسلم ذمّی بھی وزیر تنقید بن سکتا ھے ۔ اسکے ایک فقرے سے زمانہ حال کے ممالک متحدہ امریکہ کے بعض عہدوں کے تنظیم کی جھلک نظر آتی ھے جب وہ کہتا ھے کہ خلیفہ کسی وزیر تنفیذ کو برطرف کردے تو اسکی برطرفی کا کسی عہدہ دار پر اثر نہیں پڑیگا ، لیکن اگر اسنے وزیر تفویض کو برطرف کیا تو اس ایک برطرفی سے تمام وزرائے تنقید برطرف ھوجاینگے ۔

آجکل کے انتظامات کی طرح ماوردی کے نزدیک بھی ،، مملکت کے جملہ کاروبار اور مالیات کی حفاظت ، لشکروں اور عہدہ داروں کے انتظامات برقرار رکھنے کے لئے دفاتر قائم کئے جانے چاھیں ،، جنہیں [۲] مجموعی طور پر ،، دیوان ،، کہتے تھے چونکہ ھمارا حیدرآبادی لفظ ، دیوانی ، اسی لفظ سے نکلا ھے اس لئے یہاں اسکی وجہ تسمیہ کی بابت ماوردی کی جو رائے ھے وہ ذرا دلچسپ معلوم ھوگی ۔ اسکے زمانے میں دفاتر حکومت کو اس نام سے موسوم کرنے

---

[۱] الاحکام ، باب (۳) [۲] الاحکام ، باب (۱۸)

کے دو وجوہ بیان کئے جاتے تھے، ایک یہ کہ کسریٰ نے اپنی حکومت کے منشیوں کو دیکھا کہ وہ آواز سے حساب لگا رہے ہیں تو وہ بول اٹھا کہ او کیا دیوانے ہیں، اور اسکے بعد حساب گاہ کو دیوانہ، یا دیوان، کہنے لگے، دوسرے یہ کہ "دیوان"، فارسی میں شیاطین کو بھی کہتے تھے اور چونکہ منشی اور صیغہ دار بھی چالاک اور ہوشیار ہوتے ہیں اور منتشر چیزوں کو یکجا کرتے ہیں اس لئے یہ اس نام سے موسوم ہونے لگے اور امتداد زمانے سے انکے دفتر کو دیوان کہنے لگے۔ [۱] یہ سب صحیح ہو یا غلط، الماوردی اس واقعہ کا اعادہ کرتا ہے کہ عہد اسلام میں دفاتر کی تعیین حضرت عمر کے زمانے میں ہوئی۔ وہ چار بڑے بڑے دفاتر کو شمار کرتا ہے، یعنی دفتر فوج صوبوں کی حد بندی کا دفتر، تقرر و تنزل عمال کا دفتر، بیت المال کے درآمد برآمد کا دفتر، فوجی دفتر ایک طرح دفتر مردم شماری بھی تھا اس لئے کہ اسمیں ایسے تمام شہریوں کا اندراج ہوتا تھا جو ہتیار باندھنے کے اہل ہوں۔ صوبوں کے دفتر میں ہر شہر کے ذمیوں کا اندراج اور صوبہ داری محاصل، مثلاً خراج، عُشر و جزیہ، کے رقوم درج کئے جاتے تھے اور یہ بھی لکھا جاتا تھا ہر صوبے میں کتنی کانیں ہیں اور ان سے سالانہ کتنا روپیہ وصول ہوتا ہے۔ یہاں یہ بات نہایت دلچسپ معلوم ہوتی ہے کہ ملک کے اندر آزاد تجارت کا مطمح نظر، جو ہماری دنیا کے بہت سے مقامات میں آج بھی مکمل حالت میں نہیں ہے، ممالکت اسلام میں پورا ہوچکا تھا۔ اور ملک کے اندر مال کو ایک مقام سے دوسرے مقام پر منتقل کرنے پر کسی قسم کے محصول کو ناجائز محض سمجھا جاتا تھا۔ دفتر تقرر و تنزل عمال میں عمال کی اہلیت کا معیار علاقہ جات مقبوضہ کی تجدید، مدت تقرر کا تعین، عمال کا معاوضہ، خدمت، یہ سب باتیں مندرج ہوتی تھیں، اور دفتر بیت المال

---

[۱] الاحکام، ایضاً۔ ظاہر ہے کہ یہاں ماوردی سنی سنائی باتوں سے استدلال کرنے لگتا ہے۔ دوسری روایت ایک قدیم قصے سے لی گئی ہے کہ ایک دفعہ نوشیروان بادشاہ نے اپنے دفتر والوں کو حکم دیا کہ تین روز کے اندر فلاں حساب تیار کرو اور ایک روز خود دفتر میں پہونچ گیا تو دیکھا کہ اسکے حکم کے بموجب حسابات جلد جلد تیار ہو رہے ہیں اسپر اسنے متعجب ہو کر کہا کہ یہ تو "دیو" (دیوان) ہیں۔ شاید دیوان کے لغوی معنی جمع ہونے کی جگہ کے ہیں، دیکھو غیاث اللغات سنہ ۱۸۷۸ع صفحہ ۱۸۵ —

میں، جو شاید سب سے اہم دفتر شمار ہوتا تھا، تمام ایسی آمدنی کا اندراج کیا جاتا تھا جس کے مستحق مسلمان سمجھے جاتے تھے، جیسے مسلمانوں سے زکواۃ و صدقہ اور غیر مسلموں سے غنیمت. علاوہ ازیں اس دیوان کے سر دفتر کے سپرد (جسے کاتب دیوان کہتے تھے) حفظ قوانین و استیفائے حقوق (یعنی عمال حکومت سے حقوق العباد کی بابت حساب فہمی اور اگر انہوں نے کوئی زیادتی کی ہو تو اس کا انسداد) یہ سب باتیں متعلق ہوتی تھیں۔ الماوردی سے یہ بھی معلوم ہوتا ھے کہ کم از کم مفتوحہ یا نو آباد علاقوں کے لئے جدید قواعد و قوانین وضع کرنا جائز سمجھا جاتا تھا اور یہ کام بھی کاتب دیوان ھی کے متعلق ہوتا تھا۔

الماوردی کہتا ھے کہ قاضی یا جج کے تقرر کے وقت سات شرطوں کا لحاظ کیا جائے۔ اول تو جج کو از جنس ذکور ہونا چاھئے، گو حضرت امام ابو حنیفہ فرماتے ھیں کہ جہاں عورت کی شہادت درست ھے وھاں اس کی عدالت بھی جائز ھے، اور علامہ ابن جریر اس کی تائید کرتے ھیں، دوسرے اسے ہوشیار اور ذکی الطبع ہونا چاھئے، تیسرے اس کی آزادی ضروری ھے، چوتھے، گو حضرت امام ابو حنیفہ کے نزدیک غیر مسلم قاضی بن سکتا ھے لیکن ماوردی (جو شافعی تھا) اس سے شاید متفق نہیں ھے، پانچویں اسے سچا، امین، پرھیزگار ھر قسم کے شبہات سے محفوظ، قابل اطمنان کلّی ہونا چاھئے، چھٹے اسے اصول قانونی سے پوری واقفیت لازم ھے، ساتویں اس کے کان اور آنکھیں درست ہونی چاھیں تاکہ سماعت مقدمہ میں کسی طرح کا اشتباہ باقی نہ رھے۔ وہ کہتا ھے کہ جج کے تقرر کے وقت یا تو پہلے سے معلوم ہو کہ امیدوار میں یہ سب خوبیاں پائی جاتی ھیں ورنہ تقرر سے پہلے اس کا امتحان لیا جائے۔ ماوردی اس عہدے کو اس قدر مقدس سمجھتا ھے کہ اس کے نزدیک جب کسی کو ایک مرتبہ قاضی بنا دیا جائے تو پھر اسے معزول نہیں کرنا چاھئے، اور علی العموم اسے خود بھی سبکدوش نہیں ہونا چاھئے۔

غرض یہ کہ قانون سازی، عاملانہ اختیارات۔ عدالت۔ کوئی محکمہ ایسا نہیں جس پر الماوردی نے اپنی راء ظاھر نہ کی ہو، اور یہی نہیں بلکہ اس نے اپنی کتاب میں ایسے امور پر بھی

مفصل بحث کی ھے جیسے محاصل ، صوبوں کی حکومت ، مقامی حکومت احتساب ، جرائم ، جاگریں وغیرہ ، لیکن ھم نے یہ سب بحث چھوڑ کر ماوردی کے صرف آن خیالات کو واضح کیا ھے جو مرکزی کے ترکیب کے بابت نظر آۓ ۔

۷ ۔ الماوردی کا طرز استدلال | اس مضمون کے ابتدا میں یہ بیان کیا جا چکا ھے کہ گو مذھباً ماوردی امام شافعی کا پیرو تھا لیکن اسکی تحریرون میں کہین کہین اعتزال کا اثر بھی پایا جاتا ھے ، چنانچہ جب وہ امامت (یا صدارت) کی ضرورت ثابت کرنے لگتا ھے تو صرف شرع اسلام سے ھی ثبوت نہیں دیتا بلکہ اسکے عقلی وجوب کی دلیل بھی پیش کرتے ھوئے کہتا ھے کہ تمام ارباب عقل نظری طور پر اپنے معاملات اس رھبر کے سپرد کردینا چاھتے ھین ،، جو انہیں ایک دوسرے پر ظلم کرنے سے روکے اور باھمی مخاصمت کے حالت میں ان کے درمیان فیصلہ کردے۔ ،، [۱] لیکن اکثر و بیشتر وہ شرع اسلامی کے چارون ماخذ یعنی قرآن مجید ، حدیث رسول الکریم صلعم ، اجماع امت اور قیاس سے استدلال کرتا ھے ، اور اگر ممکن ھو تو اپنے قول کے قطعی ثبوت مین نص قرآنی ھی کو پیش کرتا ھے ۔ مثلاً جہاں وہ یہ ثابت کرتا ھے کہ امام (یا صدر مملکت) کو عیش و عشرت میں نہیں پڑا رھنا چاھئے تو وہ اس حکم کو یاد دلاتا ھے جو اللہ تعالیٰ حضرت داود کو اپنا خلیفہ بناتے وقت دیا کہ ،، اے داؤد ، ھم نے تمکو زمین پر خلیفہ مقرر کیا ھے ، تم لوگوں میں حق و صداقت سے حکومت کرو ، اور خواھشوں کے پیچھے نہ پڑ جانا ورنہ وہ تمہین اللہ کے راستہ سے ہٹکا دینگی [۲] پھر جب محاصل کی تقسیم پر غور کرتا ھے تو اپنے خیال کو کلیتہً آیات قرآنی پر مبنی کرتا ھے ، جیسے زکواۃ کے مصرف کی بابت وہ اس آیت کا اقتباس دیتا ھے کہ ۔ صدقات فقیرون ۔ مسکینون ۔ عہدداران دفتر صدقات ۔ مولفتہ قلوب ۔ غلامون ۔ قرضداروں ۔ جہاد کرنے والون اور مسافرون کے لئے ھیں ۔ [۳] نص قرآنی کے ساتھ ساتھ وہ رسول اکرم صلعم کے افعال

---

[۱] انما الصدقات للفقراء والمساکین والعاملین علیها والمولفة قلوبهم وفی الرقاب والغارمین وفی سبیل اللہ وابن السبیل ۔ قرآن مجید (۹ - ۶۰)

[۲] الاحکام ، باب (۱) [۳] الاحکام ، باب (۲)

